بین الاقوامی ایڈیشن

معارفِ فریدیہ

دیوان بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ

تعارف و ترجمہ

(پنجابی، اردو، عربی، فارسی اور انگریزی)

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

معارفِ فریدیہ

دیوانِ بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ

بین الاقوامی ایڈیشن

تعارف و ترجمہ

(پنجابی، اردو، عربی، فارسی اور انگریزی)

از

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

مرکز معارف اولیاء

دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

محکمہ مذہبی امور و اوقاف، حکومت پنجاب لاہور

نام کتاب: معارفِ فریدیہ

مصنف: ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

ناشر: ڈاکٹر سیّد طاہر رضا بخاری

ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور و اوقاف پنجاب

زیرِ نگرانی: مشتاق احمد

ریسرچ فیلو مرکز معارفِ اولیاء، داتا دربار لاہور

ایڈیشن: دوم

تاریخ اشاعت: ستمبر 2017ء/ محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

تعداد: پانچ صد (500)

مطبع: خان برادرز ایڈورٹائزنگ ایجنسی، اسلام پورہ لاہور

قیمت:

فون: ۷۱۱۳۴۶۴

فہرست

فہرست

پیش لفظ

برِّ صغیر پاک و ہند میں اشاعتِ اسلام کا تاج کرامت صوفیائے کرام رحمہم اللہ کے سر سجتا ہے۔قبل از اسلام بھی جنوبی ایشیاء کے باسی مزاجاً مذہب کی طرف راغب رہے ہیں۔اگر چہ جن مذاہب کی طرف برصغیر کے لوگ مائل تھے ان مذاہب نے انہیں روشنی کے بجائے گمراہیوں کے اندھیروں میں بھٹکائے رکھا لیکن باوجود اس کے ان کی جبلّت میں مذہب کے ساتھ لگاؤ کا مضبوط و مستحکم جذبہ کبھی ماند نہ پڑ سکا۔

کہا جاتا ہے کہ برصغیر میں آنے والا ہر نیا مذہب وقت کے ساتھ ساتھ ہندو مذہب کے زیرِ اثر آ کر اپنی شناخت کھو بیٹھا۔اسلام واحد مذہب ہے جس نے اس روایت کو توڑتے ہوئے محض اپنا وجود ہی برقرار نہ رکھا بلکہ ہندو اکثریت پر ایسے خوبصورت انداز میں اثر انداز ہوا کہ کروڑوں غیر مسلموں نے اس کے دامنِ عافیت کی پناہ کو اپنی متاعِ عزیز بنالیا۔مسلمانوں نے تقریباً ساڑھے آٹھ سو سال تک اہلِ ہند پر کامیابی سے حکمرانی کی۔اگر چہ ظاہری حکمرانی کو 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد زوال آ گیا لیکن اسلام کے تبلیغی مشن کی راہ میں ہزاروں رکاوٹیں ہونے کے باوجود اس کے فیضان کو ختم نہ کیا جاسکا۔

فوز و فلاح کے اس سفر کا مرکز و محور برصغیر کے صوفیاء کرامؒ کی ذواتِ مقدسات ہیں جنہوں نے نہ صرف یہاں اسلام کو متعارف کروایا بلکہ اسے لوگوں کے دلوں کی آواز بنانے کے لیے حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کیا اور نفسیاتی انداز میں لوگوں کے دلوں پر حکمرانی کی جس کا اظہار صدیوں بعد بھی صوفیائے کاملین کے مزارات پر لوگوں کے کثرت سے آ کر خراجِ عقیدت پیش کرنے سے ہو رہا ہے۔انہیں پاک ہستیوں میں سے ایک ہستی حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔جن کا شمار برصغیر کے ان نامور بزرگانِ دین میں ہوتا ہے جن کی خدمات محتاجِ تعارف نہیں۔اور آج بھی دنیا ان کے روحانی و علمی فیوض و برکات سے فیض یاب ہو رہی ہے۔آپ کے اندازِ تبلیغ کا اہم اور نمایاں پہلو آپ کی صوفیانہ شاعری ہے۔توحید و رسالت کی معرفت، اخوت و مساوات کا فروغ، شریعت و طریقت کا امتزاج اور زہد و تقویٰ کے اوصاف سے افرادِ ملت کو متصف کرنا آپ کی شاعری کے نمایاں موضوعات ہیں۔آپ نے اسلام کے پیغام اخوت و بھائی چارے کو لوگوں کی علاقائی زبان پنجابی میں خوب صورت انداز میں لوگوں کے دلوں پر نقش کیا۔

امتدادِ زمانہ سے زبانیں تغیر پذیر ہوتی رہتی ہیں۔صدیاں گزرنے کے بعد پنجابی کی وہ شکل جس

میں حضرت بابا صاحبؒ نے انسانیت کو پیغامِ فلاح دیا تھا، تبدیل ہوگئی لیکن ان کا پیغام دائمی تھا کیونکہ یہ جس مذہب کا پیغام تھا اسے ہی دوامِ ابدی حاصل ہے۔ موجودہ دور میں حضرت بابا صاحبؒ کے پیغامِ امن و آشتی سے لوگوں کو روشناس کروانے کے لیے اسلامی دنیا کے عظیم دانشور اور ماہر لسانیات جناب ڈاکٹر ظہور احمد اظہر (سابق چیئر مین شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی) نے اس کلام کو نکھارنے اور مختلف اقوام و افراد تک اسے پہنچانے کے لیے اپنی بہترین علمی و فکری صلاحیتوں کو صرف کرتے ہوئے اسے چار زبانوں (اردو، عربی، فارسی، انگریزی) میں ترجمہ اور تشریحی اقتباسات سے مزیّن کر کے نہ صرف اہلِ پنجاب بلکہ بین الاقوامی سطح پر اقوام عالم کے لیے مینارۂ نور بنا دیا ہے۔ اس ترجمہ کی نمایاں خوبی آسان اور شستہ زبان کے ساتھ ساتھ اس کی سلاست و روانی بھی ہے۔

''معارفِ فریدیہ'' کے چار زبانوں پر مشتمل مقدمہ میں جناب ڈاکٹر ظہور احمد اظہر نے حضرت بابا صاحبؒ کے کلام کے محاسن اور ان کی خدمات کو نمایاں کرنے کے ساتھ ساتھ اس حوالے سے پائی جانے والی بعض غلط فہمیوں کا تحقیقی انداز میں ازالہ بھی کیا ہے جو کہ یقیناً قارئین کے لیے انتہائی مفید اور حوصلہ افزا کاوش سمجھی جائے گی اور امید ہے کہ ان کی اس کاوش کو بہ نظرِ استحسان دیکھا جائے گا۔

حضرت بابا صاحبؒ کے پیغام کو ''معارفِ فریدیہ'' کے نام سے عوام و خواص تک پہنچانے کی ذمہ داری محکمہ مذہبی امور و اوقاف پنجاب نے اٹھائی ہے اور اسے خوب صورت کتاب کی صورت میں طبع کروا کے تبلیغِ اسلام کے بین الاقوامی نیٹ ورک میں شامل کر کے لوگوں کی روحانی پیاس بجھانے کا ذریعہ بنا دیا ہے۔

مرکز معارفِ اولیاء دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، محکمہ مذہبی امور و اوقاف پنجاب نے بابا صاحبؒ کے کلام پر ہونے والے اس منفرد کام کو طباعت سے آراستہ کر کے صوفیانہ شاعری کے جاری چشمے کو سیلِ رواں بنا دیا ہے تاکہ من کو اجلا کر کے روحوں کی سیرابی میں اضافہ کیا جا سکے۔ امید ہے کہ قارئین کرام محکمہ مذہبی امور و اوقاف کی اس احسن کوشش سے مستفید ہونگے اور ہم سب اس مشن میں کامیابی کے لیے دعا گو ہیں۔

۲۲ جون ۲۰۰۵ء

خواجہ محمد طارق
ناظم اعلیٰ محکمہ مذہبی امور و اوقاف
حکومت پنجاب

حرفِ محبت!

از ڈاکٹر طاہر رضا بخاری
ڈائریکٹر جنرل اوقاف پنجاب

کارلائل نے نبی مکرم ﷺ کے متعلق لکھا ہے کہ وہ نور کے ایسے رواں چشمے کی مانند تھے کہ جو بھی ان کے نزدیک آجاتا۔۔۔ منور ہو جاتا۔ چشمہ نبوت ﷺ سے فیض یافتہ۔۔۔ ہمارے صوفیا بھی ایسے ہی کردار و عمل کے امین اور علمبردار تھے اور ان کا یہی حُسنِ عمل لوگوں کے لیے محبت اور وارفتگی کا باعث بنا۔

برصغیر میں قافلہ علم و حکمت اور شریعت و طریقت کے سرخیل حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ فرمایا کرتے تھے کہ انسان کو دریا جیسی سخاوت، آفتاب جیسی شفقت اور زمین جیسی تواضع پیدا کرنی چاہیے۔۔۔ کہ اِن کی فیاضیاں اور کرم گستریاں اپنے اور پرائے کا فرق نہیں کرتیں اور ہر کس ناکس کے لیے عام ہوتی ہیں۔ آپؒ "سیر الاؤلیاء میں " حقیقی عبادت" کی توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"در ماندگاں را فریاد رسیدن و حاجت بیچارگان روا کردن و گرسنگاں راسیر گردانیدن"

یعنی عاجزوں کی فریاد کو پہنچنا، ضعیفوں اور بیچاروں کی حاجت روائی کرنا اور بھوکوں کا پیٹ بھرنا ہی حقیقی عبادت ہے۔

جمنا کے کنارے پانی کا ڈول کھینچتی۔۔۔ لاغر اور بیمار عورت کے احوال معلوم ہونے پر سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدینؒ اپنے خادم کو حکم فرماتے ہیں کہ جب تک اس عورت کے حالات درست نہیں ہو جاتے۔۔۔ اس کا خاوند صحت یاب اور برسرِ روزگار نہیں ہو جاتا، اس وقت تک ہر ماہ اس کے گھر میں سامانِ خورد و نوش کی فراہمی ہماری خانقاہ کی ذمہ داری ہے۔ یہی سلطان المشائخ اپنے شیخ اور پیر و مرشد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کی مجلس کے احوال اور ملفوظات بیان کرتے ہوئے "فوائد الفواد" میں لکھتے ہیں کہ حضرت بابا صاحبؒ کی خدمت میں جب ایک عقیدت مند نے قینچی پیش کی تو آپؒ نے فرمایا

" مجھے قینچی نہ دو کہ مَیں کاٹنے والا نہیں ہوں، مجھے سوئی دو کہ مَیں جوڑنے والا ہوں۔"

برصغیر میں صوفیاء کرام نے محبت، انسان دوستی اور رواداری کا جو خوبصورت نظام مرتّب اور مدوّن کیا حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ نے اپنے حُسنِ عمل سے اُس کے نقش و نگار کو اتنا اُجالا کہ اُس کی چمک رہتی دنیا تک انسانیت کو روشنی اور راہنمائی عطا کرتی رہے گی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو اتنا عروج، بلندی اور مقبولیت عطا کی کہ ہر وقت عقیدت مند پروانوں کی طرح گرد جمع رہتے۔ رات گئے خانقاہ کا دروازہ کھلا رہتا،

اپنے پرائے، مسلم غیر مسلم یہاں تک کہ ہندو، جوگی بھی خدمت میں حاضر ہوتے۔ بابا صاحبؒ ہر شخص کو اس کی صلاحیت، سمجھ اور ظرف کے مطابق فیض سے نوازتے۔۔۔ بالعموم ظہر کی نماز کے بعد حجرے کا دروازہ عام مخلوق کے لیے کھلتا، سائلوں اور حاجت مندوں کا انبوہِ کثیر ہوتا۔ حضرت بابا صاحبؒ بلند آواز سے ارشاد فرماتے سنو! میرے پاس ایک ایک کر کے تسلی سے آؤ تا کہ ہر ایک کو حسبِ ضرورت توجہ دے سکوں۔ مزید فرماتے:

"جب تک میرے حجرے کے باہر ایک بھی سائل بیٹھا ہے، مجھے عبادت میں لطف نہیں آتا۔"

شمالی ہندوستان میں آپ کی خانقاہ بین المذاہب مکالمے کی اوّلین درسگاہ کے طور پر بھی تاریخ میں ہمیشہ محفوظ اور تابندہ رہے گی۔ آپؒ کے "جماعت خانے" میں لنگر کے لیے بچھنے والا دستر خوان رنگ و نسل اور طبقات کی تفریق کو مٹانے کا مؤثر ذریعہ اور خطہ کے بسنے والوں کے لیے محبت اور اُخوت کا عالمگیر پیغام تھا، جہاں مختلف ذات اور برادریوں کے افراد کا اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھانا ممکن نہ تھا۔ "الخلق عیال اللہ" پر محکم یقین کے ساتھ، اس آستاں سے انسانی برادری کو ایک رشتۂ الفت میں پرونے کا فیض اتنا عام ہوا کہ پورا ہندوستان اس فکر کی خوشبو میں نہا گیا۔ آپؒ کے ساتھ ہندوؤں اور سکھوں کی عقیدت و محبت اپنی جگہ ایک مستقل باب ہے۔ ۱۹۷۳ء میں حضرت بابا صاحبؒ کے آٹھ سو سالہ جشنِ ولادت پر دہلی، لکھنو اور اجمیر میں بڑی بڑی تقریبات کا اہتمام۔۔۔ آپؒ کے فیضِ عام کا منہ بولتا ثبوت اور ان میں کنور مہندر سنگھ بیدی کے یہ اشعار لائقِ تحسین ہیں:

ٹوٹ سکتا ہے نظامِ انجم و شمس و قمر
اور مٹ سکتے ہیں دنیا سے یہ دشت و بحر و بر
لیکن اے گنجِ شکر! تو زندہ و پائندہ ہے
کل بھی تابندہ رہے گا، آج بھی تابندہ ہے

زہد الانبیاء، شیخ الاسلام والمسلمین حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر کا کلام پنجابی ادب کے ماتھے کا جھومر اور صوفیانہ شاعری کا نقطہ کمال ہے، جس کی اولین اشاعت محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی طرف سے سال 2005 میں عمل میں آئی۔ مقام مسرّت ہے کہ اس علمی، ادبی اور روحانی مجموعہ کا دوسرا ایڈیشن آپ کی ذاتِ اقدس سے نسبت کا فیض پاتے ہوئے اشاعت پذیر ہے، جو کہ یقیناً فقر و تصوّف اور زبان و ادب کی نیرنگیوں اور ندرتوں کا مرّقع ہے۔ دُعا ہے اللہ تعالیٰ ہماری اس سعی کو اپنی خاص برکات سے معمور فرمائے۔ (آمین)

محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

مڈھلی گل

بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ، ہک ایہو جہی ہستی نیں جہڑے علامہ اقبال
ہوراں دی زبان مطابق ''چمن دے دیدہ ور'' کہلاندے نے، ایہو جہیاں ہستیاں زمانہ کم ای پیدا کردا اے پر
اوہ انہاں دیاں یادگاراں تے نشانیاں نال اُنہاں نوں ہمیشہ زندہ وی رکھدا اے تے انہاں دی کمی وی پوری
کردا راہندا اے، ایہ نشانیاں انہاندی یادنوں زندہ تے انہاں دی شخصیت نوں محبوب تے پسندیدہ وی
بناندیاں راہندیاں نے لیکن انہاں دے اثرات انہاں نوں دور دور تک وی لے جاندے نے اتے انہاں
دے فیض نوں عام وی کردے راہندے نے۔ بابا سائیں رحمۃ اللہ علیہ یقیناً ہک ایہو جہی ہستی نے! اوہ دنیا
دے چمن دے دیدہ ور وی نے، انہاں دی نشانیاں وی انمٹ نے اتے انہاں دے اثرات دی وی کوئی حد
حساب نہیں!

اگر ایہ آکھیا ونجے جے اوہ صحیح معنیاں وچ ''اسم بامسمٰی'' ہک ایہو جیہا ناں نیں جہڑا
اپنے ناں والے دی صحیح تے سچی پچھان کران والا ہوندا اے، تاں غلط نہیں ہووے گا، اوہ ''فرید'' سن! یکتا،
نادر تے بیمثال فرد سن! پر اوہ اللہ دے سچے دین اسلام دی نادر، یکتا تے بیمثال شخصیت وی سن، اوہ ''مسعود''
سن! بالکل سعادت تے خوش نصیبی وچ وی انہاں دا جواب نئیں! دین دی سعادت دا ایہ حال جے انہاں نے
دین حق دی بیمثال خدمت کیتی، دنیا وچ وی نیک نام ہوئے تے اپنی آخرت وی سنوار گئے، سگوں اللہ تعالٰی
دی بے شمار مخلوق دی وی دنیا تے آخرت سنوار گئے! اپنے پچھے نیک نامی دی شہرت وی چھڈ گئے جہڑی آن
والیاں نسلاں دیاں دلاں وچ ہمیشہ ہمیشہ لئی زندہ رہوے گی۔ اوہ ''گنج شکر'' یا ''شکر گنج'' وی سن! انہاں دی
مٹھی تے دلاں وچ اتر جان والی زبان نے جو وعظ فرمائے، جو گل بات کیتی اوس نے لکھاں انساناں دی تقدیر
بدل دتی اتے اپنے شعری تے نثری کلام دی شکل وچ جو نشانیاں چھڈ گئے سن اوہ صدیاں تو لوکاں دیاں کناں
وچ رس گھول رہیاں نیں تے ایہ سلسلہ قیامت تک اسے طرح نال جاری رہوے گا! اللہ تعالی نے انہاں نوا تنی
لمی زندگی دتی سی جے اوہ چار چوفیرے ہر ہک دی زبان تے ''بابا'' مشہور ہو گئے تے اج وی لوکی انہاں نوں
پیارے تے محترم لقب ''باباسائیں'' نال یاد کردے نے!

بابا فرید سائیں کجھ ہور گلاں وچ وی یکتا تے بیمثال نیں، بلکہ انہاں چیزاں وچ انہاں نوں
''اوّلیت'' دا شرف وی حاصل اے (۱) اوہ برّعظیم پاک وہند دے پہلے ولی تے صوفی نے جہناں نوں خلافت ورثے

دے طور تے نئیں بلکہ اھلیت تے صلاحیت دی بنیاد تے عطا ہوئی تے انہاں نوں انہاندے اصحابِ طریقت نے چنیاں سی، فیر انہاں خود وی اپنا خلیفہ وراثتی نئیں سی بنایا بلکہ اھلیت تے صلاحیت دی بنیاد تے۔ جس طرح اوہ! پے مرشد حضرت بختیار کاکی دے خلیفہ بنے سن، اسے طرح انہاں نے وی حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ ہوراں نوں خلافت دیاں نشانیاں پاکپتن توں دلی بھجوا دتیاں سن۔ اس طرح اوہ پیری مریدی وچ وی پنجاب نوں شورائی تے جمہوری روایت دے گئے۔ (۲) پنجاب وچ چشتی سلسلے دے اوہ سب توں پہلے امام تے مرشد نے (۳) پنجابی شاعری دے بانی وی نیں تے پہلے صاحب دیوانِ شاعر وی! (۴) ہک درخت دے تھلے ڈیرہ جما کے خدا دی مخلوق دی خدمت کرن دی رَوِش دے وی بانی نے، بابا سائیں نے اللہ والیاں نوں بے نیازی تے جنگل نوں منگل بنان دا طریقہ سمجھایا، بعد وچ اللہ لوکاں تے زاہداں، فقیراں، صوفیاں نے بابا جی دی اس بے نیازی تے عمل کیتا۔ (۵) نفس امارہ دے شیطان نوں مارن، فقر فاقہ تے چلہ کشی دیاں جتھاں آزمائشاں توں انہاں نے خود نوں گذاریا اوہ مسلمان صوفیاں وچ انہاں نوں اولیت دا درجہ عطا کردا اے اونہاں دا مثالی صبر تے فقر نبیاں دے صبر تے فقر دی یاد تازہ کردا اے!

میں بابا سائیں رحمۃ اللہ علیہ دی صوفیانہ تے فقیرانہ عظمت دا قائل تے انہاں دے شاعرانہ کمالات دا معترف ہاں! مینوں کسے قسم دی اولیائی یاں زُھد تے تصوف دا نہ دعوٰی اے نہ میں اس قابل ہاں، پر اللہ تے اللہ والیاں دا دوست ضرور ہاں! ایس لئی بابا سائیں رحمۃ اللہ علیہ دیاں گلاں وی پیاریاں لگدیاں نیں تے انہاں دیاں انہاں گلاں نوں ودھ توں ودھ اللہ تعالی دیاں بندیاں تک پہنچانے دا شوق تے ارادہ وی رکھدا واں، اسے کارن "معارف فریدیہ" نوں موجودہ شکل وچ پیش کرن دی سعادت حاصل ہوئی اے! عربی زبان دی تے تمام عمر خدمت کیتی اے، فارسی، اردو تے انگریزی سِکھی تے پڑھی اے، پر پنجابی میری ماں بولی اے تے بابا سائیں رحمۃ اللہ علیہ دے کلام وچ مینوں اپنے علاقے "سون سکیسر" دی ماں بولی دے لفظ ملے نیں، پنجابی توں علاوہ دوجیاں زباناں وچ بہتا لکھیا اے پر فارسی وچ صرف بابا جی دا کلام ای لکھیا اے! ایہ شاید بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ دی دعا برکت ہووے! بابے ہوراں دے کلام نوں ایڈٹ کرن تے سنوار کے لکھن دی رِیجھ نئیں لتھی۔ جے توفیق ہوئی تاں ایہ کمی پوری کرن دی کوشش ہووے گی! ان شاءاللہ!

14 اگست 2004ء

ظہور احمد اظہر
سابق ڈین / پرنسپل اورینٹل کالج
پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

مقدمہ

اکثر صوفیۂ کرامؒ اور اولیائے عظامؒ کے برعکس بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ان بزرگانِ دین وملت میں سے ہیں جن کی داستانِ حیات کے نقوش بہت واضح اور تقریباً مکمل صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ وہ ایک صاحب کرامات ولی اللہ تھے مگر ان کی زندگی کے وقائع واحوال، کرامات وخوارق میں گم نہیں ہوئے بلکہ تلخ اور روشن حقائق کی شکل میں کتبِ تاریخ وتذکرہ کی زینت ہیں! بابا جی کا خاندان بھی ان بہت سے لوگوں میں سے ہے جو دہلی کے مسلم دارالحکومت بن جانے کے بعد مختلف اوقات وادوار میں ''ولایت'' سے دیس ہند میں وارد ہوتے رہے۔ مسلمانان ہند ایک مدت تک بلاد ماوراءالنہر سمیت کابل (آج کے افغانستان) کو ولایت کے عنوان سے یاد کیا کرتے تھے (بالکل ایسے ہی جیسے برطانوی سامراج کے مقامی پٹھو ازراہِ خوشامد انگلستان کو بھی ''ولایت'' ہی کہتے رہے) کیونکہ اس خطہ کے بدیسی حکمران لندن کی طرح کبھی خیبر کے راستے انہی بلاد وامصار سے آتے تھے!

بیشتر مؤرخ اور تذکرہ نگار یہ بتاتے ہیں کہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کے آباواجداد کا تعلق افغانستان (کابل) کے علمی خاندان سے تھا، ان کے دادا سیف الدین شعیب ایک عالم وفقیہ تھے اور وہی سب سے پہلے کابل یا ہرات سے سرزمینِ ہند میں تشریف فرما ہوئے تھے، وہ لاہور اور قصور سے ہوتے ہوئے ملتان کے علاقے میں وارد ہوئے، یہ بارہویں صدی عیسوی کے اواخر کا زمانہ تھا۔ لاہور کے علاوہ اچ شریف اور ملتان اس وقت سرزمینِ پنجاب کے علمی وادبی مراکز تھے۔ دولت غزنویہ کا چراغ اقتدار ٹمٹما رہا تھا اور غوریوں کے اقتدار کے لیے راہیں ہموار ہو رہی تھیں۔ مضافاتِ ملتان میں چند میل کے فاصلے پر ایک بستی ''کوٹھی وال'' کے نام سے آج بھی موجود ہے جو اس وقت علاقہ ملتان کی ایک قابل ذکر آبادی تھی، بابا فرید کے دادا شعیب کو اس بستی کا قاضی اور امام وخطیب مقرر کر دیا گیا۔ قاضی سیف الدین شعیب کے ایک فرزند ارجمند کا نام نامی جمال الدین سلیمان تھا، ان کی شادی علاقے کے ایک عالم وفاضل شیخ وجیہ الدین خجندی کی دختر نیک اختر ''قرسوم'' (غالباً کلثوم کی بگڑی ہوئی شکل ہے؟!) سے انجام پائی جو عالمہ فاضلہ اور زاہدہ عابدہ تسلیم کی جاتی تھیں، یہی وہ نیک اور بامراد جوڑا ہے جو حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے والدین ہیں، بابا سائیں یہاں پر ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء یا ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء میں پیدا ہوئے۔

جس طرح حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیم و تربیت کی اصل اور اوّلین درسگاہ ان کی والدہ ماجدہ مائی راستی ؒ ہیں اسی طرح بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیم و تربیت کا پہلا مرحلہ بھی ان کی والدہ محترمہ کی گود اور گہوارہ ہے۔ انہیں گنج شکر بنانے میں قرسوم رحمۃ اللہ علیہا کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب پڑھی لکھی نیک مسلمان مائیں ہی اپنے جگر کے ٹکڑوں کو حفظِ قرآن اور ابتدائی تعلیم مکمل کراتی تھیں۔ ذوقِ علم کے ساتھ ساتھ ذوقِ عبادت بھی بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی نیک ماں ہی سے میسر آیا تھا۔ اپنے والد گرامی کے علاوہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا منہاج الدین ترمذی ملتانی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلیم حاصل کی تھی، وہ جب کوٹھی وال سے ملتان میں مولانا منہاج الدین رحمۃ اللہ علیہ کی درسگاہ میں آئے تو اس وقت ان کی عمر اٹھارہ سال ہوگئی تھی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اٹھارہ سال تک وہ کوٹھی وال میں اپنے والدین ہی سے تعلیم حاصل کرتے رہے اور اس کے ساتھ زہد و عبادت کی تربیت بھی پاتے رہے تھے اور اب منتہی دینی کتابیں پڑھنے کے لیے ملتان پہنچے تھے! یہاں پر اسی مدرسہ میں زیرِ تعلیم تھے جب ان کی ملاقات اپنے وقت کے عظیم صوفی و پیر طریقت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی جو مرشد ہند خواجہ معین الدین سجزی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے، اسی پہلی ملاقات ہی میں بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ خواجہ کاکی (یا کعکی) کے گرویدہ ہوگئے اور ان کے ہمراہ دہلی جانے کے لیے تیار ہوگئے۔ ہمارے برعظیم پاک و ہند کے صوفیۂ کرام کی امتیازی خوبی یہ رہی ہے کہ ان کی غالب اکثریت اصحابِ علم و فضل پر مشتمل رہی ہے، یہ بزرگان دین اپنے مریدین اور متوسلین کو حصولِ علم کی بھی تلقین و تاکید کرتے تھے کہ بقول شیخ شیراز:

از پئے علم چو شمع باید گداخت　　　　کہ بے علم نتواں خدا را شناخت!

چنانچہ بعض تذکرہ نگار کہتے ہیں کہ خواجہ بختیار کعکی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں دہلی میں اپنی خانقاہ میں رکھنے کے بجائے حصول علم کی راہ میں نکلنے اور ''سیروا فی الارض ''(زمین میں چلو پھرو!) پر عمل کرنے کی تاکید فرمائی چنانچہ وہ اپنے مرشد کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے افغانستان و خراسان اور عرب و عجم کے علماء و مشائخ سے مستفید ہونے اور زیارات سے مشرف ہونے کے لیے نکل پڑے، اس سفرِ خیر و سعادت کی انتہا حرمین شریفین کی زیارت تھی، اس طرح حضرت بابا فرید الدین مسعود رحمۃ اللہ علیہ سعادتِ دارین سے مشرف ہوکر بالآخر ''گنج شکر'' بننے کے لیے اپنے پیر و مرشد خواجہ قطب الدین بختیار کعکی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ دہلی میں پہنچ گئے۔ صاحب ''نزھۃ الخواطر'' نے صراحت سے لکھا ہے کہ بابا فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ ایک مقدس روح اور پاکیزہ باطن والی ہستی تھے اس لئے ان کے خوارق و کرامات نے خلقِ خدا کو ہمیشہ ان کی طرف متوجہ

کئے رکھا، حتیٰ کہ ان کے مرشد کے مرشد حضرت خواجۂ اجمیرؒ نے بھی انہیں دیکھ کر خواجہ بختیار رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا تھا کہ ''یہ نوجوان زاہد تو سدرۃ المنتہٰی تک رسائی پانے والا شہباز معلوم ہوتا ہے!!''

کہا جاتا ہے کہ مرشد نے اپنی خانقاہ کا ایک حجرہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کے لیے مختص کر دیا تھا جہاں وہ شب و روز ذکر و فکر اور عبادت میں مشغول رہتے تھے مگر دنیاوی حاجات کے طالب ملاقاتیوں سے تنگ آ گئے اور مرشد کی اجازت سے ''ہانسی'' منتقل ہو گئے، عرصہ بارہ سال تک وہ شہر ''ہانسی'' کی جامع مسجد میں مصروف عبادت رہے، مسجد کے خطیب مولانا جمال الدین سے ''حب فی اللہ'' کا ایسا رشتہ قائم ہوا کہ مرشد و مرید کے باہمی روابط محبت و اخلاص کے بہت سے قصے کتبِ تذکرہ میں موجود ہیں، حتیٰ کہ مولانا جمال الدین کے مشورہ اور تائید کے بغیر بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کسی صوفی کو خرقۂ خلافت بھی عطا نہیں فرماتے تھے۔ تذکرہ نگار بتاتے ہیں کہ بابا سائیں کی کرامات نے یہاں بھی خلقِ خدا کو ان کا گرویدہ بنا دیا تھا مگر وہ چونکہ اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کو ہر بات پر ترجیح دینے والے صوفی تھے اس لئے ''ہانسی'' سے بھی یہ اپنی جائے پیدائش ''کوٹھی وال'' ملتان آ گئے مگر یہاں بھی قیام مختصر ہی رہا اور بالآخر موجودہ ''پاک پتن شریف'' والے مقام پر تشریف لے آئے جو اس وقت ''اجودھن'' کہلاتا تھا اور آس پاس کا علاقہ ویرانے اور جنگل سے عبارت تھا، یہاں کے لوگ گنوار اور جاہل تھے جو اہلِ علم و ذکر کو دوست نہیں رکھتے تھے، وہ شاید اس بات کے منتظر تھے کہ بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی زبانِ شیریں بیان سے فیض پائیں، اسلام کے حلقہ بگوش ہوں اور بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کے گرویدہ ہو کر پنجاب میں چشتیہ سلسلے کے اوّلین مرشد کے پیروکار بن کر چشتی حضرات کے فیض سے سرزمینِ پنجاب کو سیراب کر دیں، اسی لئے تو پنجابی فصاحت و بلاغت کے علمبردار، شاعر بےمثال، پیر وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو یہ کہنے کا موقع ملا کہ:

مودود دا لاڈلا پیر چشتی ، شکر گنج مسعود بھرپور ہے جی
خاندان وچ چشت دے کاملیت ، شہر فقر دا پٹن معمور ہے جی
بائیاں قطباں دے وچ ہے پیر کامل، جیں دی عاجزی زہد منظور ہے جی
شکر گنج نے آن مکان کیتا ، دکھ درد پنجاب دا دُور ہے جی !!

اجودھن کے مقام پر بابا فرید سائیں رحمۃ اللہ علیہ نے کریل (یا کریر) کے ایک بڑے سے درخت کے نیچے اپنا جو ڈیرہ لگایا تھا اور اسی کریل کے ڈیلوں (پھلوں) پر گذر اوقات کرتے تھے، بے سروسامانی والا وہی ڈیرہ گھاس پھوس کے چھپر سے ایک عبادت خانے میں بدل گیا اور آپ کے ورودِ مسعود سے ''اجودھن''

بھی ''پاک پتن شریف'' بن گیا، یہیں پر آپ نے ایک سے زیادہ شادیاں کیں اور بیٹے بیٹیاں ہوئیں، انہی سعادتمند بیٹوں میں سے ایک بیٹا بدرالدین سلیمان آپ کی گدی کا وارث قرار پایا، ایک وقت ایسا بھی آیا کہ ویرانے میں ایک درخت کے نیچے اپنا ڈیرا جمانے والا درویش اپنے فیض علم وذکر، زہد وتقویٰ اور سب سے بڑھ کر حلاوت زبان اور شیریں مقال وبیان کے طفیل آس پاس کے انہی گنوار اور جاہل انسانوں کو اسلام کا حلقہ بگوش اور اپنا گرویدہ بنانے میں کامیاب ہوگیا اس طرح وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مصداق بابا فرید سائیں رحمۃ اللہ علیہ پنجاب کے جہالت وگمراہی کے امراض کا علاج کرنے اور دکھ درد دور کرنے میں کامیاب ہوگئے، آپ کے دست مبارک پر لاکھوں لوگوں نے دینِ اسلام قبول کیا!

اپنی جنم بھومی سرزمین پنجاب میں تبلیغ واشاعتِ اسلام اور یہاں پر سلسلۂ چشتیہ کا شجرۂ طیبہ کاشت کرنے، اسے پروان چڑھانے اور بار آور بنانے کے لیے بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کو کافی مشکلات پیش آئیں اور مخالفین نے دینِ حق کی اشاعت کی راہ میں بڑی رکاوٹیں کھڑی کیں مگر اللہ تعالیٰ کا یہ ولی کامل، سدرۃ المنتہی سے ماورا پَر مارنے والا شاہین صفت صوفی اور صبر وہمت کا مجسمہ مبلغ اسلام اپنے مقاصد میں کامیاب اور اپنے رب کے ہاں سرخ رو ہوا بابا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کامیابی آپ کی روش کے تین پہلوؤں کے سبب ہے ان میں سے اولین سبب یہ ہے کہ آپ اپنے قول وعمل اور روش میں سنت مصطفیٰ ﷺ پر پوری طرح کاربند رہے! دین حق کی تبلیغ واشاعت میں بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ نے اسوۂ حسنہ پر عمل کیا، وہ ایک سچے عاشقِ رسول ﷺ تھے! اطاعتِ رسول ﷺ میں وہ پختہ عزم وپختہ قدم تھے، شریعت پر ظاہر وباطن میں عمل پیرا تھے، وہ سید ہجویر مرشد لاہور کی طرح شریعت سے الگ، طریقت کو کفر وزندقہ ہی تصور کرتے تھے، وہ صحیح معنی میں شریعتِ مصطفوی کے عالم باعمل تھے!

بابا سائیں کی فتح وکامرانی کا دوسرا سبب یہ ہے کہ آپ نے کفر وضلالت اور جہالت وگمراہی کی اس سرزمین میں سیرتِ نبوی کے مکی عہد کو ملحوظ رکھا، آپ یہ جانتے تھے کہ جس طرح سنت نبوی من حیث المجموع واجب اطاعت اور راہ ھدایت کا اسوۂ حسنہ ہے اسی طرح سیرت پاک بھی من حیث المجموع سرچشمۂ رہنمائی اور وسیلہ نجات کا نمونہ ہے، اسلام اور مسلمان جب اور جہاں کہیں بھی خطرات سے دوچار ہوجائیں اور چند در چند مشکلات میں گھر جائیں (جیسا کہ اس وقت بیسویں اور اکیسویں صدی میں اسلام اور مسلمان چاروں طرف سے خطرات میں گھرے ہوئے ہیں!!) تو مکی عہد کی سیرت وسنت کو عملی شکل میں اپنانا چاہیئے! مکی عہد کی سیرت پاک کا سبق یہ ہے کہ حکمت ومصلحت اور صبر وہمت کی راہ پر گامزن ہونا چاہیئے اس مرحلہ میں درویشانہ

خاموشی کے ساتھ مشکلات اور مصائب کا دلیرانہ سامنا کرتے ہوئے اپنی عملی تربیت اور حقیقی قوت وصلاحیت میں اضافہ پر کار بند رہنا چاہیئے اور یہی شاعرِ مشرق کا مشورہ و پیغامِ عمل بھی ہے۔

بانشۂ درویشی در ساز و دمادم زن
چوں پختہ شوی خود را بر سلطنت جم زن !

اور یہی روش بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی رہی، جس طرح کفار مکہ کمزور مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی اذیت رسانی میں تمام حدود کو پھلانگ چکے تھے مگر حضور ﷺ صبر وہمت سے کام لیتے رہے اور صحابہ کرامؓ کو بھی اسی بات کی تلقین تھی، اسی طرح بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ بھی ستم رساں اور حاسدین واعداء میں گھرے ہوئے تھے مگر گنج شکر نے ہر ہذیان وبدکلامی کا جواب شیرینی سے دیا اور مخالفین کے ہر دباؤ اور مخالفانہ چال کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا، آپ کے خلاف تہمتیں بھی گھڑی گئیں اور فتوے بھی حاصل کئے گئے مگر آپ نے ہمیشہ صبر، ہمت، حکمت اور مصلحت سے کام لیا، آپ کی جان لینے کی کوشش بھی ہوئی اور حملے بھی ہوئے مگر بابا فرید نے سنت رحمۃ للعالمین ﷺ کو نظر میں رکھا اور کتاب اللہ کی اس آیت پر عمل پیرا رہے:۔

"ادفع بالتی ھی احسن فاذا الذی بینك وبینه عداوة كأنه ولی حمیم "یعنی برائی کا جواب حسن عمل سے دو پھر دیکھنا تمہارا دشمن کس طرح ناکام ہو کر پکا دوست بنتا ہے"۔

بابا فرید کی یہی عملی روش تھی اور یہی زبانی تاکید بھی کہ

جے تیں مارن مکیاں ، تنہاں نہ ماریں گھم
آپنے گھر جائیں ، پیر تنہاں دے چم !

حضرت فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی کامیابی وکامرانی کا تیسرا اور اہم سبب یہ تھا کہ آپ کا ہر قدم للہ فی اللہ ہوتا تھا اور تمام کام اخلاص، فقر اور قناعت پر مبنی ہوتے تھے آپ کے تذکرہ نگار لکھتے ہیں کہ بے نیازی کا یہ عالم تھا کہ کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا گوارا نہ تھا، اس کے بجائے کریل یا کری کے درخت کے پتے اور ڈیلے (پھل) پر گذر کر لیتے تھے، فقر وفاقہ کا علاج سنتِ نبوی کے مطابق صبر وقناعت سے ہوتا تھا، جو زادِ قلیل میسر آتی تھی اس میں بھی فقراء محتاج اور مہمان شریک کر لئے جاتے تھے، جو روکھی سوکھی قسمت سے دستیاب ہو جاتی وہی کھا کر شکر بجالاتے۔ حرص وطمع کے شیاطین شیخ گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے قلعہ ایمان سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتے تھے، یہ عزم وہمت اور قوت برداشت انہوں نے اسوۂ مصطفیٰ ﷺ کے طفیل حاصل کی

تھی اس لئے اپنے سمیت سب کو تلقین فرماتے تھے کہ:۔

رکھی سکھی کھائے کے ٹھنڈا پانی پی

دیکھ پرائی چوپڑی نہ ترساویں جی !!

باباسائیں کی عملی زندگی اور شخصیت کے دواور پہلو بھی بے حد نمایاں، بہت اہم اور قابلِ توجہ ہیں اور ان کے واضح نقوش ان کی شاعری میں بھی نظر آتے ہیں۔ان میں سے ایک تو زہد و تقشف، نفس کشی اور خواہشات کو کچلنا ہے، اسلامی وعربی ادبیات کی تاریخ میں شام کے معرۃ النعمان کے نابینا اور فلسفی شاعر ابوالعلاء المعری بھی قامع شہوات اور قاہر نفس تھے مگر بابا فرید کی اس باب میں بھی شان نرالی ہے، ریاضات ومجاہدات میں وہ تاریخ تصوف کے فردِ فرید نظر آتے ہیں، نفس کشی اور غلبہ خواہشات کے ضمن میں جو سخت روش بابا فرید نے اختیار کئے رکھی اور طعام ولباس سے لے کر بستر اور چارپائی تک اور کھانے پینے سے لے کر اوڑھنے بچھونے تک نفس کی ہر خواہش کو دبانے اور کچلنے میں ان کا انداز نرالا تھا، خوراک انتہائی قلیل ہوتی تھی مگر اس میں بھی متوسلین ومریدین کو شریک کرتے تھے، کسی نے زبردستی نیا لباس پیش کیا تو زیب تن کرنے کے فوراً بعد اتار کر دوسروں کو دے دیتے تھے، ایک ہی کمبل تھا جو دن کو فرش کا کام دیتا تھا اور رات کو رضائی کا، سرڈھانپتے تو پاؤں ننگے ہو جاتے اور پاؤں چھپاتے تو سر ننگا رہ جاتا تھا، ایک اینٹ تکیے کا کام دیتی تھی اور فرماتے تھے کہ اس سے قبر کی یاد تازہ رہتی ہے، حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ ''اکثروا من ذکر ھادم اللذات ''لذتوں کا مزہ کرکرا کر دینے والی موت کو زیادہ یاد کیا کرو، اسی موت کو یاد رکھنا اور دوسروں کو اس کی یاد دلاتے رہنا باباسائیں کے وعظ اور شاعری کا اہم ترین موضوع رہا ہے!

نفس کشی اور انکسارِ خواہشات کی ایک صورت چلہ کشی بھی تھی، باباسائیں کا تو چلہ معکوس بھی مشہور ہے! چلے کاٹنا، چالیس روزہ خلوت گزینی اور مخلوق سے کنارہ کشی کوئی قباحت کی بات نہیں جیسا کہ بعض لوگ تصور کرتے ہیں بلکہ یہ تو سنتِ پیغمبری ہے، سیدنا موسیٰؑ نے کوہ طور پر چالیس راتیں حضورِ حق میں بسر کی تھیں، سید الاولین والآخرین ﷺ نے بھی غارِ حراء میں خلوت گزینی اور ذکر اللہ اختیار فرمایا تھا اس لئے بابا فرید کی خلوت گزینی اور چلہ کشی سنت انبیاء اور اسوۂ رسول ﷺ پر عمل تھا ذکر اللہ میں سکون قلب اور ذہنی راحت واطمینان کے لیے خلوت گزینی اور خلق سے کنارہ کشی بہت مفید وکار آمد وسیلہ ہے جو اہل اللہ کی مقبول ومرغوب روش رہی ہے!

باباجی کی زندگی اور شخصیت کا ایک انفرادی پہلو بلکہ نمایاں ترین پہلو دنیائے دوں سے نفرت

وبیزاری اور حضور حق کے لیے مکمل فنا کی روش ہے! دنیا کی بے وفائی اور بے ثباتی نے اسے اہل اللہ کی نظر میں حقیر بنا دیا ہے! مذمت دنیا اور دنیا پرستی سے نفرت دلانا تمام اہل حق کا معمول اور پہچان رہی ہے، بس اتنی اجازت ہے کہ جسم قائم رہے، عبادت وذکر اللہ کے قابل رہے اور اطاعت ربانی میں بھوک یا لاغر پن سے خلل نہ آئے! اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں! دنیا پرستی کو رسول اللہ ﷺ نے کتوں کا عمل قرار دیا ہے جو مردار کی تلاش میں رہتے ہیں، پابند شرع مومن کے لیے دنیا کو حضور ﷺ نے جیل خانہ قرار دیا ہے اور اسے امتحان گاہ کا نام دیا ہے اس لئے بابا فرید اگر دنیا کو رنج ومحن کی جگہ قرار دیتے ہیں اور یہاں دل لگانے کو گناہ تصور کرتے ہیں تو یہ کوئی غیر اسلامی تصوف نہیں ہے بلکہ خود قرآن کریم کی رو سے یہ دنیا آخرت کے مقابلے میں بالکل حقیر ،کھیل اور بے معنی چیز ہے، زندگی اور موت کا یہ سلسلہ خدا نے صرف اس لئے بنایا ہے کہ وہ ہمیں آزما کر یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ ہم میں سے کون ہے جو اس چند روزہ زندگی میں حسن عمل کا مظاہرہ کرتا ہے!

تعلیماتِ نبوی کی رو سے یہ دنیا دار العمل ہے اور آخرت دار الجزاء ہے جزاء کا دارومدار عمل پر ہوتا ہے اس لئے یہاں کا حسن عمل ہی احسن الجزاء کا وسیلہ بن سکتا ہے اسی لئے حضور اکرم ﷺ نے اس دنیا کو آخرت کی کھیتی قرار دیا ہے اس میں جو بویا جائے گا وہی آخرت میں کاٹنا پڑے گا اور حسن عمل کی انتہا حب اللہ ہے! اسی لئے بابا فرید کا اصل مدعا اور منزل اللہ کی رضا اور اس کے حضور میں پہنچنے کی توفیق ہے! وہ عمر بھر حب اللہ میں مست اور حضور حق کے لیے دیوانے بنے رہے! وہ اپنے رب حبیب جل جلالہ کی زیارت کے لیے بے تاب رہے اور اس میں تاخیر ان کے لیے اذیت کا باعث رہی، یہ دنیا اور اس کی یہ زندگی چونکہ بابا جی کو زیارت حق سے دور رکھنے کا باعث تھی اس لئے وہ اس سے نالاں رہے اور حسرت میں یہاں تک فرماتے رہے کہ:

تن سکا ، پنجر تھیا ، تلیاں کھونڈن کاگ
اجے سو رب نہ بوہڑیو، ویکھ بندے دے بھاگ!!

بابا سائیں کو اصل فکر یہ تھی کہ دنیا ایک آزمائش گاہ ہے حقوق اللہ اور حقوق العباد کے کانٹے ہر طرف بکھرے پڑے ہیں اگر کوئی ایک کانٹا بھی لگ گیا تو تقوی کا لباس تار تار ہو جائے گا اس لئے وہ اس لمبے سفر سے بیزار اور جلد سے جلد دیدار الہی کی اپنی منزل کے لیے بیقرار تھے، دنیا کی انہی الجھنوں اور سفر زندگی کی ان مشکلات کو عجب انداز میں ذکر کیا کرتے تھے:

گلئیں چکڑ ، دور گھر ، نال پیارے نینہ
چلاں تا بھجے کمبل ، رہاں تاں ٹٹے نینہ

بھجو سجو کمبلی ! اللہ ورسو مینہ
جائے ملاں تنہاں سجناں ، مٹے ناہیں نینہ !!

(یہاں پر لفظ ''نینہ'' میں یا کے بعد نون غنہ ہے یعنی نیوں: دوستی، پیار اور یارانہ، اردو زبان کے املاء کی طرح پنجابی زبان کا املاء اور حروف کی کتابت ابھی تک مشاطگی کی محتاج ہے کوئی اللہ کا بندہ کبھی آئے گا اور سندھی، پشتو اور پنجابی کے علاوہ پاکستان کی دیگر زبانوں کے لیے کوئی عمدہ رسم خط، کتابت حروف اور املاء کی مضبوط صحت کا سامان کرے گا جس سے یہ سب زبانیں مسلمانوں کی مشترکہ قیمتی اور وقیع میراث کی حیثیت سے ترقی کریں گی اور اس خطے کی ملت اسلامیہ ایک قوت بن کر آگے بڑھے گی، ان شاءاللہ!) صوفیۂ صافیہ کی شان یہ ہے کہ ان کا محبوب اور مرکز نگاہ رب کریم کی ذات پاک ہے، انسانی روح بحکم قرآن امر ربی ہے صحراؤں میں دیوانہ وار نکل جاتے ہیں اور مجنوں کی طرح اپنے محبوب کی ایک جھلک کے لیے گھومتے، دوڑتے، تڑپتے اور گرتے پڑتے اللہ! اللہ! کرتے ہیں، یہی عشق الٰہی ہے اور بابا فرید اس عشق ربانی کا ایک نمونہ اور مثال بلکہ فردِ فرید ہیں! رضائے الٰہی ان کا منتہائے مقصود ہے۔

شیخ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے سلسلۂ چشتیہ کے منصبِ قیادت وامامت پر فائز ہونے کے تذکرے اور ان کے شعر وفن اور سخن گستری کی بات سے پہلے چند اور اہم امور کی طرف مختصر اشارات ضروری ہیں، ان میں سرفہرست ان کا لقب ''گنج شکر'' ہے اس تلقیب کی کئی ایک وجوہات اور اس سلسلے میں دلچسپ واقعات مذکور ہیں جو صرف سننے اور سر دھننے سے تعلق رکھتے ہیں! پنجاب کے لوگ آج بھی کسی صفتِ کمال کو کسی شخص میں جب دیکھتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ فلاں تو علم وادب کا گنج یا خزانہ ہے، یہ کہنا تو مشکل ہے کہ یہ القاب گنج نوازی، بابا فرید سے قبل بھی پنجابی زبان میں مروج تھے یا ان سے ہی اس سلسلے کا آغاز ہوتا ہے، تاہم ان سے پہلے ہی اہل لاہور اپنے مرشد لاہور حضرت سید ہجویریؒ کو ''داتا گنج بخشؒ'' کے لقب سے نواز چکے تھے اور بابا سائیں کے بعد سرزمین گجرات کے لوگوں نے بھی اپنے پیر طریقت اور شاعر دلنواز وخوش نوا حضرت الحاج حافظ محمد نوشہ کو ''نوشہ گنج بخش'' کے لقب سے سرفراز کر دیا ہے، بہر حال کچھ بھی ہو ہمارے نزدیک بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کی تلقیب ''شکر گنج'' یا ''گنج شکر'' کا حقیقی سبب وہ حلم وبردباری، شفقت ورحمت، لطافتِ کلام اور شگفتگیٔ گفتار ہے جو انہیں عشق مصطفیٰ ﷺ اور پیروئ اسوۂ حسنہ کے طفیل عطا ہوئی تھی! بابا سائیں دلکش پیکر محبت اور سراپا مہر ولطافت تھے! کھلا کھلا چہرہ، مسکراتے ہونٹ، میٹھی رسیلی زبان اور پرسوز وگونج دار آواز کے مالک تھے، ہر چھوٹے بڑے سے ملتے ہوئے مسکراتے اور محبت وشفقت کے پھول بکھیرتے ہوئے بات کرتے

تھے۔ شاید اسی لئے انہیں ان کے مرشد اور پیر طریقت خواجہ قطب الدین بختیار کعکی رحمۃ اللہ علیہ نے گنج شکر کے لقب سے نوازا ہو، یہ طبیعت کی وہی شیرینی، گفتار کی وہی حلاوت اور مزاج کا وہی دھیما پن اور رسیلا انداز تھا جس کا تذکرہ حضرت ام معبد رضی اللہ عنھا کیا کرتی تھیں جب بھی وہ اپنے مہمان عزیز اور تخلیق ربانی کے اولین وآخرین کرشمہ واعجاز حضرت محمد ﷺ کو اور ان کے ساتھ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو یاد کرتی تھیں! مزاج وکردار کی وہی پرکشش کیفیت جس کا اعتراف ہجرتِ نبوی کی رات سے کچھ پہلے ابوجہل مغرور اور اس کے ساتھی شیطان مردود کو بھی کرنا پڑا تھا! ساخت اور کردار کی یہی دولت تھی جس سے پیروی اسوۂ حسنہ کے طفیل فریدالدین گنج شکر بھی نوازے گئے اور مزاج کی اسی نرمی اور گفتار کی اسی شیرینی نے ان کے وعظ کو اس قدر پرمغز، موزوں اور پرکشش بنا دیا تھا کہ لاکھوں کافرانِ عنید ان کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اسلام کے حلقہ بگوش ہو گئے تھے، بابا سائیں کی اس تلقیب کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے، باقی سب چھوٹی وجوہات ہیں اور سننے کے قابل ہیں!! غالباً اسی لئے یہ تلقیب گنج نوازی بابا سائیں کی اولاد میں بھی جاری رہی!! اللہ تعالیٰ کے نیک اور برگزیدہ بندوں کی نمایاں خوبی ہی زبان کی حلاوت اور گفتار کی شیرینی ہے، ان کے معاصرین مریدوں اور پیروکاروں نے اگر انہیں اس لقب سے نوازا ہے تو یہ بجا طور پر اس کا ثبوت ہے کہ ''پاک پتن'' کی سلطنتِ تصوف کا یہ عظیم وجلیل بادشاہ اسوۂ حسنہ کی اس خوبی سے متصف تھا جو ہر ملنے والے اور مخاطب کو مصطفیٰ کریم ﷺ کا گرویدہ وفریفتہ بنا دیتی تھی، فریدالدین مسعود رحمۃ اللہ علیہ کے حصے میں بھی اس خلقِ نبوی کا حظِ وافر آیا تھا اور اسی لیے انہیں ''گنج شکر'' کے اس لقب سے نوازے جانے کا مستحق ٹھہرا دیا تھا!

خواجۂ اجمیر حضرت معین الدین چشتی سجزی رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے نگاہِ دوررس اور بصیرتِ عمیق عطا فرمائی تھی جو ماضی کے پردوں سے بھی حقائق دیکھ سکتی تھی مگر مستقبل کے آفاق بھی ان کے سامنے روشن ہو جاتے تھے، مرشد لاہور کے سایہ میں معتکف ہوئے تو ایک شعر میں سید ہجویریؒ کی تاریخ ساز عظمتوں کا ہار پرو دیا:

گنج بخشِ فیضِ عالم ، مظہر نور خدا
ناقصاں را پیرِ کامل ، کاملاں را رہنما!!

مگر جب سرزمین پنجاب سے اٹھنے والے ولی کامل اور تصوف کے فرد فرید کو اپنے خلیفہ خواجہ قطب الدین بختیار کعکی رحمۃ اللہ علیہ کے جوار میں محو ذکر وعبادت دیکھا تو کہہ اٹھے تھے کہ ''بختیار! تم نے تو ایک ایسے بلند پرواز شہباز کو قابو میں لے رکھا ہے جو روحانیت کی دنیا میں سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے تک رسائی کی

خداداد صلاحیت رکھتا ہے! یہ فرید تو ایک ایسا چراغ ہے جو خانوادۂ درویشاں کو اپنی نیک نامی کے طفیل روشن کردے گا!!'' حضرت شیخ فرید الدین مسعود رحمۃ اللہ علیہ نے صرف پنجاب کی سرزمین میں ہی اشاعت اسلام کو عام نہیں کیا بلکہ یہاں پر سلسلۂ چشتیہ کی آبیاری بھی کی اور بتکدۂ ہند کے تمام گوشوں تک اس سلسلے کو پہنچادیا! حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء جیسے ستون زہد و تصوف دارالحکومت دہلی میں استوار کردیئے اور شیخ صابر جیسے درجنوں اولیائے کرام تربیت کے بعد بتکدۂ ہند کے کونے کونے میں عام کر کے سلسلۂ چشتیہ کو وسیع اور مستحکم بنیادوں پر قائم ودائم کردیا! بابا فرید کا یہ ناقابل انکار احسان ہے کہ انہوں نے خواجۂ اجمیر کے سلسلۂ چشتیہ کو اس خطے کا معتبر اور فیض عام والا سلسلۂ صوفیہ منوالیا! دراصل یہ اس دعا کی برکت ہے جو حضرت خواجۂ اجمیر اور خواجہ بختیار کعکی رحمہما اللہ نے بابا فرید کے لیے ایک ساتھ بارگاہ خداوندی میں ہاتھ پھیلائے دل کی گہرائیوں سے مانگی تھی! بابا سائیں کے لئے یہ اتنا بڑا شرف و اعزاز تھا جو آج تک اہل تصوف وطریقت کی زبانوں پر رواں دواں ہے! کسی صوفی کو اپنے مرشد اور مرشد کے مرشد کی یک زبان و مشترکہ دعاؤں کی برکات کبھی نصیب نہیں ہوئیں۔ یہ اعزاز صرف اور صرف حضرت فرد فرید کے مقدر میں تھا اسی شرف و اعزاز کو آپ کا ایک عقیدتمند اور مرید خاص امیر خورد صاحب ''سیر الاولیاء''، اپنے شعر میں دوام بخش گیا ہے:

بخشش کونین از شیخین شد در بابِ تو
بادشاہی یافتی ، زیں بادشاہانِ زماں
مملکت دنیا ودیں ، گشتہ مسلّم ، مر ترا
عالم کن گشتہ اِقطاع تو ، اے شاہِ جہاں

طریقۂ سلسلۂ چشتیہ میں سماع کو خصوصی اہمیت حاصل ہے اور اسے ایک لحاظ سے تربیتِ روحانی کا ایک پہلو تسلیم کیا گیا ہے، شعر و موسیقی کے اجتماع سے ایک وجد آفرین کیفیت پیدا ہوتی ہے جو صوفی کے ذوقِ سماع کی تسکین کا باعث ہے، محفل سماع میں جب کسی صاحبِ ذوق پر وجد طاری ہوتا ہے تو وہ رقصاں و غلطاں گرمئی محفل کا سبب بنتا ہے۔ ''قوالی'' برعظیم پاک و ہند کے اسی سلسلہ صوفیہ کی ایجاد ہے اور برعظیم کے شاعر و موسیقار حضرت امیر خسرو، جو بابا فرید کے خلیفہ و جانشین نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص تھے، کی اس باب میں خدمات بڑی اہم اور ناقابلِ فراموش ہیں. بابا فرید خود بھی ایک صوفی شاعر تھے اور ذوقِ سماع و موسیقی سے بہرہ مند تھے، محافلِ سماع کا انعقاد دربارِ فریدی میں جاری رہتا تھا اور اب مزار فریدی کا بھی ایک خصوصی سلسلہ ہے، ان محافلِ سماع میں عارفانہ کلام کا خصوصی رنگ ہوتا تھا اور اس وجد آفرین کلام عارفانہ سے

بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ پر جب وجد طاری ہوتا تھا تو پہروں سر دھنتے رہتے تھے اور کبھی کبھی رقص بھی ہوتا تھا اور آپ بیہوش بھی ہو جاتے تھے! چشتی حضرات کا یہی معمول ہے! ایک مرتبہ کسی قوال نے اپنی مست لے میں ایک فارسی کی غزل گانا شروع کی جب وہ اس شعر پر پہنچا تو بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ پر وجد طاری ہو گیا اور رقص کرتے ہوئے بے ہوش ہو گئے:۔

نہ ہر تر دامنے را عشق زیبد　　نشانِ عاشقی از دور پیداست !!

یعنی عشق کے ہر دعویدار کو عاشقی زیب نہیں دیتی کیونکہ عاشق تو دور ہی سے پہچانا جاتا ہے! یہ وجد آفرین شعر خوش الحان قوال نے جب گایا تو بابا سائیں رقصاں پھر غلطاں اور آخر کار بے ہوش ہو گئے پورے چوبیس گھنٹے یہی حال طاری رہا، بیچ میں مؤذن کی آواز سے ہی ہوش آتا مگر نماز کے بعد پھر وہی حال طاری ہو جاتا!

سماع فقہائے اسلام کے ہاں محل اختلاف ہے مگر محدثین اس کے خلاف نہیں، چونکہ موسیقی صرف پاکیزہ وجد آفرینی کا سرچشمہ نہیں بلکہ سفلی جذبات کو بھڑکانے کا سبب بھی ہے مگر بارش بھی تو تعمیر و تخریب دونوں اثرات کی حامل ہے! قصور نہ بارش کا ہے نہ موسیقی کا! سفلی جذبات والے اسے اپنے رنگ میں لیتے ہیں جبکہ سماع کے قائل صوفیہ اسے روحانی غذا مانتے ہیں، چشتی صوفیہ نے موسیقی کے رسیا ہندو کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے بھی اسی قوالی کو رواج دے کر اپنے سلسلہ تبلیغ کو آگے بڑھایا!!

بابا فرید چونکہ عملی زندگی میں سنت پیغمبر ﷺ پر پوری طرح عمل پیرا تھے اس لئے سنت نبوی نکاح پر بھی عمل کیا اور کئی ایک شادیاں کیں، آپ کے بیٹے اور بیٹیاں بھی مذکور ہیں جن میں ایک خواجہ بدرالدین سلیمان بھی تھے جو آپ کی وفات کے بعد "پاک پتن" کی گدی کے وارث قرار پائے، آپ کے خاندان کے حوالے سے یہ بھی دعویٰ کیا گیا کہ آپ کا سلسلہ نسب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے مگر اس کا قطعی ثبوت دستیاب نہیں، ابراہیم ادھم اور محمود غزنوی سے بھی آپ کا خاندانی تعلق ظاہر کیا گیا ہے مگر یہ بھی بلا دلیل دعوے ہیں، تاہم ان کے فاروقی النسب ہونے کا امکان رد بھی نہیں کیا جا سکتا، اس پر جناب محمد آصف مرحوم نے بڑا کام کیا ہے جس میں اضافے کی گنجائش نہیں، تاہم بابا جی کا عربی النسل ہونا ممکن ہے جو عرب یمن وحضرموت وغیرہ سے بلاد ماوراء النہر میں آئے تھے ان کا برعظیم میں وارد ہونا ثابت ہے، آپ کے خاندان میں جو اسماء مروج تھے وہ بھی چوتھی صدی ہجری میں بلاد حجاز و یمن بلکہ پوری عرب دنیا میں مروج تھے (جیسا کہ آپ نے اپنے بیٹے کا نام بدرالدین سلیمان رکھا جبکہ جمال الدین سلیمان آپ کے والد اور آپ کے داماد و خلیفہ

بدرالدین اسحاق تھے اور آپ خود فریدالدین مسعود تھے) تسمیہ کا یہ طریقہ اور یہ سلسلہ بھی عربی النسل ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے! علامہ آصف خان مرحوم کی تحقیق کے مطابق بابا فرید ۵ رمحرم ۶۷۹ھ / ۷ مئی ۱۲۸۰ء کو اس دنیائے فانی سے رحلت فرما گئے!

بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری پر گفتگو سے پہلے ایک آخری بات یہ رہ جاتی ہے کہ چشتی سلسلے کے ان بزرگوں نے سنت نبوی کے شورائی نظام کو بھی زندہ رکھا جس سے موروثیت کی وبا اور ولی عہدی کی دھونس اور دھاندلی کی نفی ہوتی ہے اور امت مسلمہ کو جمہوریت پر عمل کا سبق ملتا ہے! بابا فرید ابھی دہلی ہی میں تھے کہ خواجہ قطب الدین بختیار کعکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی موروثیت یا ولی عہدی کے اعلان کے بجائے کبار چشتیہ کی امامت وقیادت کا یہ منصب اپنے تربیت یافتہ مرید خاص حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کیا۔ اہلیت کی بنیاد پر منصبِ امامت وقیادت پر فائز ہونے سے سلاسل صوفیاء میں تازہ روح اور نئی سرگرمی پیدا ہوتی ہے اور یہ ادارۂ تصوف ایک فعال کردار کے قابل ہوتا ہے جس سے اصلاحِ احوال کی توقع ہو سکتی ہے مگر موروثی انداز کی ولی عہدی تو بقول اقبال عقابوں کے نشیمن کو زاغوں کے تصرف میں دینے کے مترادف ہے جو مجاوری اور گورکنی کی ایک شکل ہے!!

ایک عرب شاعر کا خیال ہے کہ "لکل مسمی نصیب من اسمہ" (یعنی ہر مسمی کو اس کے اسم سے حصہ ملتا ہے) گویا نام میں سب کچھ نہ سہی مگر بہت کچھ ضرور ہے، یہ بات اور کسی پر صادق آئے یا نہ آئے مگر بابا فرید پر تو صادق آتی ہے، وہ بلاشبہ ایک فرد فرید اور یکتا ہیں اور اللہ تعالی نے ان کے حصے میں انفرادیت کے کئی ایک پہلو مقدر فرمائے تھے، وہ فرید عصر ہی نہیں فرید اعصار وادوار ہیں، ان کا تصوف وطریقت کے منصبِ امامت وقیادت پر فائز ہونا بھی منفرد تھا اور پھر انہوں نے اس بار امانت کو آگے بھی اسی منفرد انداز میں منتقل فرمایا، یہ منصب نہ انہیں وراثت میں ملا اور نہ وہ اسے موروثی سمجھتے ہوئے اپنے وارثوں کے سر منڈھ گئے! جیسا کہ آج کل اہل مدارس اور اہل صدارت سے لے کر اہل وزارت تک ہر کوئی اپنے جھلے سیانے اور لولے لنگڑے کو ہی اپنے بعد اپنی جگہ دیکھنے کا آرزومند نظر آتا ہے بلکہ اپنے پیروکاروں اور متوسلین پر اپنی اولاد کو مسلط کرنے پر تلا ہوا دکھائی دیتا ہے، اہلیت اور لیاقت کے ساتھ ساتھ مسلمانوں سے ان کا شورائی جمہوری حق چھیننے کی بھی کوشش ہو رہی ہے! بابا فرید کی یہ انفرادیت ہمیں اسلام کے شورائی نظام اور کفائت وصلاحیت کو اولیت دینے کے اصول کی یاد دلاتی ہے، اس سے عہدِ نبوت اور عہدِ خلافتِ راشدہ کی یاد بھی تازہ ہوتی ہے بد بخت ابن ملجم کے ہاتھوں اپنی مرگ شہادت عظمی کا یقین ہو جانے کے بعد علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم سے جب لوگوں نے عرض

کیا تھا کہ اپنے بعد امام حسن کی خلافت کا اعلان فرما دیجئے تو باب مدینۃ العلم والحکمت نے جواب میں فرمایا تھا کہ اگر میں ایسا کرتا ہوں تو مجھ سے افضل ہستی یعنی ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا اعلان کرتے ہوئے ایسا ہی کیا تھا اور اگر میں یہ اعلان نہیں کرتا تو یہ اس ہستی کی پیروی ہوگی جو مجھ سے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے بھی افضل تھے۔ یعنی سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ نے ایسا اعلان نہیں فرمایا تھا! گویا سلسلہ چشتیہ کے قائد و امام فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کا یہ منفرد اور یکتا عمل آج بھی برعظیم کی ملت اسلامیہ کے لیے ایک قابل تقلید نمونہ اور ایک ناقابل فراموش سبق ہے اور شورائی جمہوریت کے لیے دعوتِ عمل ہے!!۔

بابا جی کی دوسری انفرادیت یہ ہے کہ وہ اہل تحقیق کے نزدیک اردو شاعری کے بانی اور امام ہیں، ان کی تیسری انفرادیت یہ ہے کہ وہ پنجابی زبان کے بھی سب سے پہلے شاعر ہیں، ان کی چوتھی انفرادیت یہ ہے کہ وہ پنجابی کے سب سے پہلے صاحبِ دیوان شاعر ہیں، پنجاب میں سلسلۂ چشتیہ کے امام اول وفرد فرید کی پانچویں انفرادیت یہ ہے کہ وہ برعظیم پاک و ہند میں صوفیانہ و عارفانہ شاعری کے بھی امام اولین ہیں! ان سے پہلے برعظیم پاک و ہند کی کسی اسلامی زبان میں ایسی عارفانہ شاعری کا ذکر تک نہیں ملتا، اسی طرح وہ ہماری صوفیانہ و عارفانہ شاعری کے بھی علی الاطلاق امام اول ہیں، یہ ایسی منفرد اولیتیں ہیں جن میں یہ فرد فرید یکتا و بیمثال نظر آتا ہے، پنجابی شاعری بجا طور پر فرید الدین مسعود رحمۃ اللہ علیہ پر فخر کرسکتی ہے!!

بابا فرید کا عہد، سلطنت دہلی کا زمانہ ہے جو مسلمانوں کے لئے بڑا ہی پرآشوب زمانہ ہے بلکہ یہ کہنا شاید زیادہ قرین صواب ہو کہ برعظیم پاک و ہند بنگلہ دیش کی ملت اسلامیہ کے لئے تو گزشتہ چودہ صدیوں میں ہر دور اور ہر زمانہ مشکل، صبر آزما اور پرآشوب رہا ہے اور آج (۲۰۰۵ء) بھی ہے! بات دراصل یہ ہے (اور بہت بڑی بدنصیبی کی بات ہے!) کہ اس خطے کے مسلم حکمرانوں کے نہ تو کبھی اپنے قدم جم سکے ہیں اور نہ وہ اسلام کے لیے کچھ کر سکے ہیں (الا ماشاءاللہ!!) مگر اس خطے کے مسلمان بھی کبھی چین اور سکون سے نہیں رہ سکے، اس کا واحد سبب حکمرانوں کی خود غرضی، خود بینی اور اقتدار پرستی رہی ہے مگر نہ تو وہ اپنا اقتدار بچا سکے اور نہ کچھ اسلام اور مسلمانوں کے لئے کر سکے! اگر برعظیم کی تاریخ میں صوفیۂ کرام اور اولیائے عظام رحمہم اللہ کا مؤثر اور نتیجہ خیز کردار نہ ہوتا تو یہاں پر بھی مسلم سپین کی طرح اسلام جڑ نہ پکڑ سکتا اور زوال اقتدار کے ساتھ مسلم حکمران اسلام اور مسلمانوں کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ جاتے مگر یہ بابا فرید جیسے صوفیہ و اصحاب طریقت ہی تھے جن کے طفیل یہاں اسلام کا شجرۂ طیبہ قرآنی محاورے کے مطابق جڑیں تحت الثریٰ میں اور شاخیں

آسمانوں میں کا مصداق ہے اور اس دینِ حق کو کوئی حاسد یا معاند گزند نہیں پہنچا سکتا ذرا تقابل کیجئے مناظر کا ایک منظر یہ ہے کہ سید ہجویرؒ تشریف لائے تو مرشد لاہور ثابت ہوئے اور نہ صرف پنجاب رشکِ آفتاب بنا بلکہ بقول اقبال پورے بتکدۂ ہند میں شجرۂ اسلام کی (در زمین ہند تخم سجدہ ریخت !!) آبیاری وثمر باری کا فریضہ انجام دے گئے ، چشت وبجستان سے خواجہ اجمیر پیر ہجز (سنجر نہیں !؟) معین الدین چشتی تشریف لائے تو راجپوتانہ قلبِ ہند میں علمِ اسلام بلند فرما گئے جو آج بھی پوری آب وتاب سے لہرا رہا ہے اور قیامت تک لہراتا رہے گا مگر فاتحین اور حکمرانوں کے مناظر چشم تصور میں لایئے ! ابن قاسم کو، جو ''دیبل'' کے رستے باب الاسلام سندھ میں داخل ہوئے انہیں اپنے ہی حاسد ومعاند اقتدار پرستوں نے پیچھے کھینچ لیا، پھر غزنوی، غوری، تغلق، خلجی اور آخر میں مغل آئے مگر قصۂ پارینہ بن کر عبرتیں چھوڑ گئے پھر ذرا اپنے سیاست بازوں (سیاست دان کہنا غلط ہے !) کو دیکھئے نصف صدی کے اندر آدھا ملک گنوا کر بھی ہوش میں نہیں آرہے اس وقت برعظیم کی ملت اسلامیہ کے تین ٹکڑے، پاکستان، بنگلہ دیش اور بھارت میں ۔ بکھرے بکھرے اور بے اثر ہوتے دکھائی دیتے ہیں، آنے والے کل میں اسلامی اخوت ومساوات اور طبقاتی چھوت چھات کے درمیان فیصلہ کن معرکہ برپا ہونا ہے اس میں بھی کرسی پرستوں سے کوئی توقع رکھنا عبث ہے، کل بھی انہی نفوس قدسیہ کا طرز عمل اور طریقۂ تبلیغ دین حق کو غالب وفتح مند کرنے والا تھا آج اور کل بھی ہوگا، ان شــــاء اللہ ! یہاں سے بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ جیسے عظیم صوفی بزرگوں کے تاریخ ساز کردار کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے!

بابا فرید کی شخصیت وکردار کی جو تصویر ذہن میں ابھرتی ہے وہ ایک ایسے مردِ حق کی تصویر ہے جو سراپا محبت ، مجسم شفقت اور مکمل اسوۂ حسنہ کا پیروکار ہے، ایک پیکر محبت جو اپنے صبر وہمت حوصلے اور خندہ پیشانی کے ساتھ مخالف قوتوں کے سامنے ایک چٹان کی طرح ڈٹا ہوا ہے، اس کا ایک ہی مقصد ہے کہ یہاں پر دین حق کا بول بالا ہو تا کہ آدمیت کا بھی بول بالا ہو سکے!!

امام سلسلۂ چشتیہ حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کا ایک کردار بحیثیت صوفی اور مبلغ اسلام ہے جس کی بعض جھلکیاں ہم نے دیکھ لی ہیں، انہوں نے خلق خدا تک دین حق کا پیغام پہنچایا اور لاکھوں انسانوں کو راہ حق پر گامزن کر کے مبلغ اسلام کا فریضہ انجام دیا، بحیثیت صوفی مصلح آپ نے خندہ پیشانی اور شیریں گفتار سے دکھی دلوں کے زخموں پر مرہم رکھا ، ایک مبلغ اور صوفی کا یہی کردار ہونا چاہیے ، لیکن بابا سائیں ایک کثیر الالسنہ شاعر بھی ہیں، عربی ، فارسی ، ہندوی یا اردو اور پنجابی میں انہوں نے شاعری کی ہے، اگر چہ ان کا عربی کلام دستیاب نہیں مگر انہیں عربی زبان پر کامل عبور حاصل تھا اور عربی شاعری کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے، زمانہ

جاہلیت اور صدر اسلام کی شاعری پر ان کی نظر بہت گہری تھی، وہ اپنی مجالس ذکر اور محافل فکر میں عربی اشعار سے استشہاد کرتے اور مدد لیتے تھے، حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے جو ملفوظاتِ عالیہ تحریر کئے ہیں یا ان کے عقیدت مندوں نے ان کے احوال و آثار اپنے تذکروں میں قلمبند کئے ہیں ان میں شعراء عہد جاہلیت اور صدرِ اسلام کے شعراء کے کلام سے بابا سائیں نے استشہاد کیا اور اپنے ملفوظات و مواعظ کو سجایا ہے مگر ان عقیدت مندوں نے یہ سمجھا ہے کہ یہ بابا فرید کے اپنے طبع زاد شعر ہیں حالانکہ وہ عربوں کے مشہور دواوین شعراء اور مستند مجامیع شعریہ میں موجود ہیں!

ان کا فارسی و اردو یا ہندوی کلام بھی قلیل الوجود ہے لیکن بابا سائیں نے اپنی مادری زبان پنجابی میں جو شاعری کی ہے وہ ان کے دل کی صحیح ترجمان اور ان کے عہد پر آشوب کی نمائندگی کرتی ہے، بابا جی کا مرکز توجہ اور اصل دائرہ عمل بھی پنجاب ہی تھا تاہم وہ دارالحکومت دہلی میں بھی بارہا وارد ہوئے اور مختلف اوقات میں طویل و مختصر قیام بھی رہا۔ مسلم دارالحکومت دہلی اور تمام مسلم ہند کی ملت اسلامیہ اور دکھی انسانیت کی حالت زار ان کے سامنے رہی ہے، اچ، ملتان اور لاہور غزنوی زوال کے بعد چونکہ کرسی اقتدار کے دائرے میں نہیں رہے تھے اور یہاں کی تمام رونقیں اور محفلیں کسی امید موہوم پر ان آبادیوں کو ویرانوں کے سپرد کر کے دارالحکومت دہلی میں جا بسی تھیں اس لئے پنجاب کا انسان خصوصاً مسلمان جو رنگا رنگ طوائف و اجناس اور اقوام و امم پر مشتمل تھے اور مقامی روایات و ماحول سے بھی پوری طرح آشنا نہ تھے وہ شدید قسم کے فقر و افلاس اور احساس محرومی کا شکار تھے، بابا فرید کی شاعری اس عہد سلاطین کے دکھی انسان خصوصاً بے آسرا و بے کس مسلمان معاشرے کی ترجمان ہے، شاعر جو کچھ دیکھتا اور محسوس کرتا ہے وہ اپنی شاعری میں اپنے مشاہدات واحساسات کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنے کلام میں پیش کر دیتا ہے، یہ مشاہدات واحساسات تو شاعر کے اپنے ہوتے ہیں مگر ان کا سرچشمہ، دنیائے مشاہدات اور جہانِ احساسات تو کچھ اور ہوتا ہے جن کی شاعر ترجمانی کرتا ہے بقول ندیم:

آدمی شش جہات کا دولہا ہے وقت کی گردشیں براتی ہیں !!
مانا کہ مرے زخم ذاتی ہیں مگر ان کی ٹیسیں تو کائناتی ہیں

بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ جب صوفی و مبلغ کے بجائے ایک بلند شعور اور عمیق احساس کے مالک شاعر کی حیثیت سے اپنے معاشرے اور اپنے عہد کے دکھی اور محروم انسان کی ترجمانی کرنے لگتے ہیں تو شاعرانہ تصویر کشی کے تمام رنگ استعمال کرتے ہوئے دکھ درد کے مارے محروم انسان کے قلب و روح کی

جامع و مکمل تصویر بناتے ہیں جو بڑی دردناک اور اثر انگیز تصویر بنتی ہے مگر یہ تصویر صرف باباجی کی اپنی نہیں بلکہ اس عہد کے دکھی اور محروم انسان کی نمائندہ بھی ہے!!

إذا كنت أعرف أن نسيج الثوب واهن رقيق فعليَّ أن أشد العقدة جيداً (حتى لا يضيع ما احتفظ به!) ولقد طفت فى الآفاق كلها يا رب! فلم أجد أحدا ينازعك فى العظمة والكبرياء

(فهو سبحانه و تعالى ليس كمثله شئ فى العظمة و الكبرياء وعلى الإنسان الضعيف أن يعتصم بحبله المتين!)۔

فارسی:۔

اگر ہمی دانم کہ حاشیہ چادر خودم رکیک وکم بہیہ ہست، مرا باید کہ گرہش را پختہ تر بندم (یعنی ایمان ضعیف باید بہ وعظ و تذکیر واعتصام بحبل اللہ قویتر بسازم) ومن درآفاقہا گردیدہ ام وبنابر تجربہ وعین الیقین شہادت می دہم کہ بزرگ تر از ذات خدا کسے راندیدم!

English:

When I know that my grip is weak (i.e I am weak in faith) then I should fasten it carefully (i.e I should strengthen my faith in Allah Almighty), O my Lord! I have seen and tested but could not find in the universe greater than You! (only Allah is Great!).

(6)

جِےْ تَیںْ عَقل لَطِیْف، کالے لکھ نہ لیکھ
آپنے گریبان میں، سِرْنیوَاں کرْ ویکھ

لفظی تشریح:۔

(۱) جِےْ تَیںْ: اگر تو۔(۲) عقلِ لطیف: باریک بیں عقل، نازک باتوں کو سمجھ لینے والی حکمت ودانائی۔(۳) کالے: سیاہ، مراد ہے بداعمال۔(۴) لیکھ: مقدر، اعمال نامہ، قسمت، عقل لطیف ایک فاضلانہ فارسی ترکیب ہے حیرت ہے کہ یہ سکھوں کے تلفظ اور گرمکھی رسم الخط سے بچ بچا کر ہم تک پہنچ ہی گئی ہے۔(۵) سرنیواں کر: سر جھکا کر۔(۶) ویکھ: دیکھ۔

اردو:۔

اگر تو باریک بین دانائی رکھتا ہے تو پھر برے اعمال سے اپنا اعمال نامہ سیاہ نہ کر، سر جھکا کر ذرا اپنے گریبان میں جھانک لیا کر یعنی اپنے ضمیر سے مشورہ کرلیا کر کیونکہ گناہ سے ضمیر کو ٹھیس پہنچتی ہے اور اس پر دھبے پڑ جاتے ہیں۔

عربی:۔

إذا كنت تملك عقلا سليما أيها الإنسان فلا تكتسب السيئات ولا تكتب فی كتابك عملا سيئا، وعليك أن تطل على ضميرك وتستشير قلبك السليم الصالح!

فارسی:

اگر عقل مند وزیرک ہستی، نامہ اعمال خودت راسیاہ منویس، وباید کہ گردن خود راخم کنی ودر گریبان خودبنگری (مرد پرہیز گار مرد دانا است، وضمیر خود را رہنما سازد!)۔

English:

If you are wise and have a sound wisdom, then do not blacken your scroll! you should bow your head and peep within your heart and consult your conscience! (Human conscience is the touch stone for evil and virtue, also the best judge of good and bad.)

(7)

جِنے تیں مَارَن مُکّیاں، تِنہاں نہ ماریں گھم
آپنے گھر جائیے، پَیر تِنہاں دے چُم

لفظی ترجمہ:۔

(۱) جنے: اگر۔(۲) تَیں: تجھے۔(۳) مارن: ماریں۔(۴) مُکیاں: مُکے۔(۵) تنہاں: انہیں، ان کو۔(۶) نہ ماریں: مت مارنا۔(۷) گھم: گھمن سے گھوم کر، پرتنا، مڑنا۔(۸) پیر: پاؤں۔(۹) تنہاں دے: ان کے۔(۱۰) چُم: چُمن سے، چوم کر۔

اُردو:۔

اگر تجھے لوگ مکے ماریں تو تو گھوم کر الٹا یعنی جواب میں انہیں مت مارنا، بلکہ اس کے بجائے ان کے قدم چوم کر اپنے گھر چلے جانا چاہیے (بدلہ یا انتقام نہیں لینا چاہیے۔ بلکہ دشمن کو پیار محبت سے زیر کرنا چاہیے اور برائی کا جواب برائی سے نہیں دینا چاہیے۔ مسلم صوفیہ کا یہی معمول رہا ہے)۔

عربی:۔

اِن لَطَمُوْكَ فلا تلطمهم وإنما يحب عليك أن تعرض عنهم وتصفح وتعفو (عاملا بقوله تعالى: فاعفوا واصفحوا، وبقوله تعالى: ولمن صبر و غفر اِن ذلك لمن عزم الامور) وعليك أن تعود اِلى منزلك وقد عفوت عنهم ولثمت أقدامهم! (ادفع بالتى هى أحسن فاذا الذى بينك وبينه عداوة كأنه ولى حميم!)۔

فارسی:۔

اگر کسے ترا لطمہ بزند، ترا باید کہ در پاسخ، او را لطمہ نزنی، بجائے آن بر پایش بوسہ بزنی وخانہ بروی (یعنی عفوو درگزر از انتقام کشیدہ افضل و بہتر است!

English:

If some one beats you with blows, don't return blow for blow, but instead, humbly kiss their feet and go home! (do not take revenge, but instead, forgive your enemy.)

(8)

جَاں تُوں گھٹن وِیل، تاں تُوں رَتّا دُنی سِیُوْں
مَرگ سَوائی نِینہ، جاں بَھریَا تَاں لُڈْیا

لفظی تشریح:۔

(۱) جاں: جب تک۔(۲) تُوں: تو اور تیرا۔(۳) گھٹن: کمانا، حاصل کرنا۔ (۴) ویل: وقت، موقع۔(۵) تاں: تب، اس وقت۔(۶) رَتّا: لال، رنگین، موٹا تازہ۔(۷) دنی: دنیا کی جمع یعنی لوگ، دنیا والے۔(۸) سِیُوں: تو تھا، ساتھ تھا۔(۹) مرگ: موت۔(۱۰) سوائی نینہ: بنیاد رکھی، بڑھادی۔ (۱۱) جَاں: جب۔(۱۲) بھریا: بھر گیا۔(۱۳) تاں: تب۔(۱۴) لُڈْیَا: انڈیلا، خالی کردیا۔

اُردو:۔

جب تیرے کچھ پانے اور کمانے کا وقت تھا تب تو تو موٹا تازہ عیش پرست رہا اور دنیا والوں کی دوڑ

میں شامل رہا مگر جونہی موت نے اپنی آمد کی بنیاد رکھی زندگی کا پیمانہ لبریز ہو گیا تو انڈیل کر خالی کر دیا جائے گا (جوانی میں ہی نیکی کے کام کرنے کا مزہ ہے، بڑھاپے میں تو صرف موت کیلئے انتظار کے دن گنے جاتے ہیں، سرکار دو عالم ﷺ کا فرمان ہے: اللہ نے جتنے بھی نبی بھیجے سب جوان ہی تھے، بھلائی تو ساری کی ساری جوانی میں ہے۔)

در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری است
وقتِ پیری گرگ ظالم می شود پرہیز گار

عربی:۔

عند ما كانت الفرص متاحة للحسنات في الشباب شاركت أهل الدنيا في اللهو و اللعب، وحين اقترب وقت الرحيل تنسكت، ولات حين مناص! الآن كأس الحياة قد امتلأت وكادت تفرغ (فالشباب هو وقت العمل الصالح، وقد قال المصطفى ﷺ: ما بعث الله نبيا إلا شابا والخير كله في الشباب!)۔

فارسی:۔

وقتے کہ برائے کارہائے نکو و اکتساب حسنات بودے تو آن وقت را ضائع کردی و در جمع مال و منال انہماک داشتی، و با اُھل دنیا مشغول بودی، و حالانکہ وقت پیری رسیدہ است و پیغام مرگ شنیدہ ای تعویض مافات می خواہی "واین خیال است و محال است و جنون!" زیرا کہ پیانہ عمر عزیزت پر شدہ است و مرحلہ افراغ این پیانہ رسیدہ است!

English:

You had the time for good deeds in your youth. But you wasted it in worldly pursuits with the people. Now, when the death is at your doorstep, you have no time for the good and virtuous deeds!

(9)

ویکھ فریدا جو تھیا، داڑھی ھوئی بھُوْر
اَگّا نیڑے آگیا، پِچھّا رِھیا دُوْر

لفظی تشریح:۔

(۱) تِھیا: گذر گیا، ہو چکا۔(۲) بُھور: بھوری، آدھی سفید آدھی سیاہ، ڈھلتی عمر میں ڈاڑھی کا ملا جلا رنگ ہوتا ہے۔(۳) اَگا: آخری وقت، آخرت۔(۴) نیڑے: نزدیک، قریب۔(۵) پچھا: ماضی، گزشتہ، گزرا ہوا زمانہ۔

اُردو:۔

دیکھو فرید! ماضی نے کیا دیا ہے، آپ کی ڈاڑھی سفید ہو رہی ہے بڑھاپا سر پر ہے، آخری وقت اب قریب آ گیا ہے اور گزرا ہوا زمانہ اب بہت دور ہو چکا ہے! (یعنی اب بھی وقت ہے اپنی آخرت کیلئے کچھ کر لو، ڈاڑھی کے سفید بال تمہارے لئے ایک وعظ اور ایک پیغام ہیں۔)

عربی:۔

انظر إلی ما قضیته من عمرك یا فرید! فقد طلعت الشیخوخة ولحیتك تکاد تبیضُ و أنت علی وشك الرحیل (فقدم لغدك وما قد تحتاج إلیه فی عقباك!) أفلا تری أن الذی قضیته من العمر قد ابتعد عنك ابتعادا واقتربت ساعة الآخرة اقترابا!

فارسی:۔

ببیں ای فرید گذشت ہر چہ گذشت، زمانے کہ دور گذاشتہ ای کجا است؟! موے ریشت سپید گشتہ و مرحلہ اخیر قریب تر آمدہ است!

English:

Look O Fareed! at your past, your beard has become gray, the old-age is approaching you! Do not you realize that the world hereafter is nearing and the past is gone far away?

(10)

ویکھ فریدا جو تِھیا، شَکّر ھوئی وِسْ

سائیں باجھوں آپنے، وَیدَنْ کھیئے کِسْ

لفظی تشریح:۔

(۱) وِس: زہر۔(۲) سائیں: مالک،آقا،مولیٰ،رب۔(۳) با جھوں :(باجوں):بغیر، سوا،علاوہ۔(۴) وَیْدَنْ: دکھڑا،مصیبت،مشکل۔(۵) کِسُ: کسے،کس کو۔

اُردو:۔

دیکھو فرید جو کچھ ماضی میں ہو چکا ہے جو کچھ کبھی شکر کی طرح میٹھا لگتا تھا وہ اب زہر کی مانند تلخ ہو چکا ہے(بڑھاپے میں کسی چیز کا لطف نہیں رہتا!) مگر اپنے مالک ورب کے سوا کون ہے جس سے اپنی یہ مشکل اور دکھڑا بیان کیا جاسکے!(کوئی ہمدرد نہیں رہا، سنگی ساتھی اور ہجولی سب گذر گئے ہیں!)۔

عربی:۔

انظر یا فرید إلی ما مربك من الزمان فی شبابك! فقد حلت بك الشیخوخة و تحوّل السکر إلی السم ولکن لیس من نشکو إلیه المشکلة سوی ربنا الجلیل الکریم (فهو الذی نستعین به ونشکو الیه الضعف والوهن!)

فارسی:۔

تغیر زمان وگردش دوران نگہدار ای فرید! عمر عزیزت کہ بسر بردی کجا است؟! چیزھا کہ مانند شکر شیرین بودے تلخ شدو چون زہر گشتہ است وکسے نیست کہ نزداو شکوہ ونالش کنی سوائے ذات مولی جل وعلا!

English:

Look O Fareed! your world has totally changed now! The sugar seems to be the poison. But alas! there is none left for me to whom I can complain and have confidence in him, except my Lord, the Merciful!.

(11)

فریدا اَکّھیں وِیکھ پتینیاں، سُنْ سُنْ رِنّھے کَنْ
سَاکھ پَکیندِیْ آئی آ، ھور کرینْدِیْ وَنْ

لفظی تشریح:۔

(۱) پتینیاں : تھکی ہاری، پتھرائی ہوئی۔(۲) ڈِنّھے : تھک گئے، پک گئے۔(۳) ساکھ : شاخ، ٹہنی، کھیتی۔(۴) پکیندی آئی آ : پک گئی ہے۔(۵) هور : اور۔ (۶) وَنُ: رنگ۔

اُردو:۔

آنکھیں دیکھتے دیکھتے تھک کر پتھرا گئی ہیں اور کان سن سن کر پک چکے ہیں بیزار ہو چکے ہیں، زندگی کی کھیتی پک گئی اور اس کا رنگ روپ بھی بدل گیا ہے (بڑھاپے کی اپنی دنیا ہے جس کے اپنے لوازمات ہیں، جب آتا ہے تو جاتا نہیں بلکہ ساتھ لے جانے کیلئے آتا ہے۔)

عربی:۔

اِن عینیك قد حسرتا وتعبتا بما أنهما قد نظرتا اِلی ما کان فی شبابك من قبل، وأن أذنيك قد أصمتا وسُدتا بكثرة ما أصغتا اِلی المسموع کما أن مزرعة حیاتك قد أینعت الآن فتغیر لونها وبشرتها! (قد سئم الشاعر الشیخ من طول حیاته و تبرم من الرؤیة والسماعة کدأب الشعراء العرب المعمرین!)

فارسی:۔

بسیار چیز ہائے کہ دیدم چشم من ازوختہ وگند گشتہ است، وگوشم نیز از کثرت چیز ہائے کہ شنیدم ماندہ وبے حال شدہ است، وکشت عمرم ہم بپایان رسیدہ است ورنگش متغیر گشتہ است!

English:

The eyes of the old age are tired and fed up with seeing various things! The ears are also tired and sore! The harvest of life is also ripe and has come out with many a colours to be seen!

(12)

کالیں جَنھیں نہ راوِیا، ڈھولیں راوِے کوئے
کرسائیں سِیوُ پِرھڑی، رنگ نویلا ھُوئے

لفظی تشریح:۔

(۱) کَـالِیںُ: کالے بالوں کے زمانے میں، یعنی جوانی میں کالے اصل میں، سیاہ بالوں کیلئے بولا جاتا ہے۔ کالئیں: کالے بالوں کا وقت۔(۲) جَنِهیں: جس نے۔(۳) رَاوِیَـا: رجھایا، بھرمایا۔ (۴) دَهوٗلِینْ: سفید بالوں کے وقت یعنی بڑھاپے میں، دھولے: سفید بال۔(۵) رَاوِیۡ: رجھائے، مائل کرے!(۶) سـائیں: آقا، رب۔(۷) سیو: سے۔(۸) پـرٖهـڑی: محبت، پیار، لگاؤ۔(۹) نـویلا: نویکلا، الگ سے۔

اُردو:۔

جس نے کالے بالوں کے زمانے یعنی جوانی میں اپنے رب کو نہ رجھایا وہ سفید بالوں والے زمانے یعنی بڑھاپے میں کیا رجھائے گی اس لئے تو اپنے پروردگار سے دل لگا تا کہ تیرا بھی ایک اپنا الگ رنگ ہو یعنی تجھے بھی کچھ میسر آسکے۔

عربی:۔

من لم يذكر الله في شبابه كيف يذكره في شيخوخته، ولقد كان من واجبك المستحسن أيها الإنسان أن تصطبغ بصبغة الحب لربك جل وعلا في شبابك! فعليك قبل كل شئ أن تحب الله عزوجل فسوف ترى لك لونا منفردا!

فارسی:۔

وآن کس کہ در عہد شباب کہ مویش سیاہ بود، خدا را راضی نہ توانست کرد، اکنوں کے وقت پیری رسیدہ است و مویش ہم سفید گشتہ است چساں می تواند کہ خدائے بزرگ و برتر را راضی بکند؟ وترا باید کہ در حب و عشق خدائے خود سعی می نمائی تا رنگت ہم منفرد و ممتاز بشود!

English:

If he did not worship Allah when his hair was black (i.e he was young) then how can he praise his Allah when he has become old! It is therefore imperative to worship Him all the time in youth and in old age alike!

(13)

آپنا لایا پرِم نہ لگے اِی، جے لوُچے سبھ کوئے

ایہہ پرِم پیالہ خصم دا، جس بھاوے تس دے

لفظی تشریح:۔

(۱) اپنا لایا: اپنی خواہش سے لگایا۔(۲) پرِم: پریم، عشق۔(۳) لوچے: لالچ کرے، للچائے، خواہش کرے۔(۴) سبھ کوئے: ہرکوئی، ہر ہر شخص۔(۵) خصم: مالک، خدا۔(٦) جس بھاوے: جسے چاہے۔(۷) تِس دیے: اسے دے دے!

اُردو:۔

اپنی مرضی سے کوئی عشق نہیں لگا سکتا کہ جو لالچ کرے وہی عاشق بن جائے بلکہ یہ عشق کا پیالہ تو رب کی دین ہے جسے چاہے عطا فرما دے۔

عربی:۔

كل امرئ يتمني أن يرزق بحب الله و كرمه، إلا أنه لا يرزق به إذا تمنى، وذلك لأن حب الله هو كأس الرب جل جلاله و يسقي بها من يشاء من عباده! (وذلك فضل الله يؤتيه من يشاء)۔

فارسی:۔

ہر کس را عشق خداوندی حسب آرزو وارادتِ او سہل و میسر نباشد، زیرا کہ ایں عشق کاس الکرام است و بدست قدرتِ خدا باشد، آن کریم و قادر مطلق بخشد ایں سعادت ہر کہ را می پسندد (وایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ!)

English:

Nobody can be a lover of the Lord by choice of his own! But it is the will of Allah Almighty Himself to bestow it upon His slaves whomsoever He may like.

(14)

فریدا جِنْ لوئِنْ جگ موھیا، سے لوئِن میں ڈِٹھ
کجل رِیکھ نہ سہندِیاں، سے پنکھی سوئے بِھٹھ

لفظی تشریح:۔

(۱) جِنْ: (وہ، اصل میں جِنھ ہونا چاہیے) یعنی جنھوں نے۔ (۲) لُوئِن: (لُو بمعنی روشنی سے) آنکھیں۔ (۳) جگ موھیا: دنیا فریفتہ کی، سب کو اپنی طرف کھینچ کر اپنا گرویدہ بنایا۔ (۴) سے: وہی۔ (۵) مَیں ڈِٹھ: (میں ڈٹھا) میں نے دیکھا۔ (۶) کجل: کاجل، سرمہ۔ (۷) ریکھ (ریکھا): لکیر، ڈوری، دھار۔ (۸) پنکھی: پرندے۔ (۹) بھٹھ (وِٹھ): پرندوں کی غلاظت بیٹھ، گوبر۔

اُردو:۔

وہ آنکھیں جنھوں نے ایک دنیا کو فریفتہ کر لیا تھا وہی آنکھیں میں نے اس حال میں دیکھیں کہ جو کبھی کجلے کی دھار بھی نہ سہہ سکتی تھیں اب ان میں پرندے سوتے اور بیٹھ کرتے ہیں (کھوپڑی میں آنکھوں کے خانوں میں پرندوں کی رہائش اور غلاظت بہت بڑی عبرت ہے۔ اہلِ دانش کا خیال ہے کہ آنکھیں کروڑوں سال کی ارتقائی منزلوں سے گذر کر تیار ہوئی ہیں۔ ایک مصری ادیب کہتا ہے کہ کائنات کی خوبصورت ترین چیز، حسین عورت کی خوبصورت آنکھ ہے۔ بابا فریدؒ نے عبرت کی بڑی داستان اس ایک شعر میں سمو دی ہے کہ کروڑوں سال کے ارتقاء کا خوبصورت ترین تحفہ اور یہ حشر کہ اس کی جگہ اب پرندے بیٹھتے ہیں اور غلاظت پھینکتے ہیں، شیخ سعدیؒ کو اینٹ کا ہر روڑا کسی نہ کسی کیقباد اور سکندر کا سر نظر آیا تھا۔

زھر پارہ خشتے کہ در منظرے است
سر کیقبادے و اسکندرے ست

عربی:۔

ولقد رأيت العيون النسوية التى فتنت العالم كله واستاسرته بحورها، ولكنها قد ذلت بعد الموت فنزلت بها الطيور وقد تغوطت فيها مكان الكحل! (فاعتبروايا أولى الأبصار! إذ أجمل ما فى الكون هى العين الجميلة للمرأة الحسناء كما قال توفيق الحكيم المصرى، وهذه العين قد تطورت خلال البلايين من السنين عند الخبراء)

فارسی:۔

من آں چشمہارا دیدہ ام کہ از سحر شاں یک جہان مسحور و فریفتہ بودے و در زندگی تاب خط کحل ہم نداشتے، و لے بعد از مرگ دیدم کہ بجائے چشمہائے مسحور کن فضلہ و پنجال پرندگان فتادہ بود!

English:

I have seen the eyes which captivated the human world. These very eyes, which could not bear the Kajal-lines, became the pigeon holes and the place of their droppings.

(15)

کُوکیندیاں، چانگِیندِیاں، مَتّیں ڈِیندِیاں نِت

جو شَیطان وَنْجَایَا، سَےْ کِتْ پھرے چِت

لفظی تشریح:۔

(۱) کوکیندیاں: (کُوکَن سے، فریاد کرنا) فعل حال جاری ہے یعنی فریاد کرتے ہوئے۔ (۲) چانگیندیاں: (چانگن بمعنی آہ وزاری کرنا سے) فعل حال جاری ہے یعنی آہ وزاری کرتے ہوئے، چیختے چلاتے ہوئے۔ (۳) متّیں دیندیاں: نصیحتیں کرتے ہوئے۔ (۴) نِت: روزانہ، ہر وقت، ہمیشہ۔ (۵) ونجایا: (ونجاوَن یا ونجانا سے ماضی ہے) ضائع کیا، خراب کیا۔ (۶) کِتْ: کب کیسے، کس طرح۔ (۷) پھیرے: لوٹائے، موڑے، باز آئے۔ (۸) سَے: وہ، ایسا۔ (۹) چت: دل، دھیان، توجہ۔

اُردو:۔

فریاد کرتے، چیختے ہوئے روزانہ نصیحت کرنے سے (کیا فائدہ) جسے شیطان نے خراب کیا ہے وہ اپنے دل کو کیسے موڑے یا باز آئے؟

(جو اللہ کی یاد سے منہ موڑ لے، ہم شیطان کو اس پر مسلط کر دیتے ہیں، اب وہی شیطان ہی اس کا ساتھی ہے! قرآن کریم:۔) جسے شیطان گمراہ کر دے اسے اللہ تعالیٰ ہی ہدایت دے سکتے ہیں!۔

عربی:۔

ولقد بذلت جهدا يا فريد، وأنت تصرخ وتصرخ ، في النصح له كل يوم ولكن الذى أضله الشيطان ، لن يقلع عما هواعتزم عليه من الضلال والآثام، ولن يعيرك أى اهتمام، فلن يقبل نصحك أبدا (من يعش عن ذكر الرحمن نقيض له شيطانا فهو له قرين!(القرآن)۔

فارسی:۔

آن مردمان کہ شیطان ایشاں رافریب دادہ وگمراہ کردہ است ایشاں راپندونصیحت واعظان شیریں بیان وصراخ وغریو بلنداز بزرگان واقارب شان کارگروسودمند نباشد! ہرکہ راشیطان مصاحب ورفیق گشت پند دادن وفریادکردن برائے او اثرے ندارد!

English:

It is useless to give advice by yelling and crying to a man who has been mislead and deluded by Satan, because he is not going to pay heed to your advice and to desist from his evil path.

(16)

تِھیوُ پُوَاھی ڈَبھ، جے سَائیں لوڑِیں سبھ

اِک چِھجّے، بِیا لِتاڑِئیے، تَاں سَائِیں لے دَر وَاڑِئے

لفظی تشریح:۔

(۱) تِھیُو : (تھینا یاتھیون: ہونا) ہو جا، جدید پوٹھوہاری اور لہندا میں امر کا صیغہ ''تھی'' اور جمع ''تھیو'' (یعنی ہو جاؤ) ہے۔(۲) پُواھی : (پواھا: رستہ) رستہ کی۔(۳) دبھ : دُوب، کانٹوں کی طرح پتوں والی گھاس۔(۴) جے : اگر۔(۵) سائیں : آقا، مالک، خدا۔(۶) لوڑیں : (لوڑ: ضرورت، لوڑن مصدر ہے) اگر تجھے درکار ہے اگر تجھے ضرورت ہے۔ (۷) سبھ : سب، مکمل۔(۸) چھجے : نرم پڑے، ہموار اور نرم پڑے۔(۹) بیا : دوسرا، علاوہ۔(۱۰) لتاڑن: پاؤں سے روندنا۔(۱۱) دَر : دروازہ، آستانہ، ٹھکانہ۔ (۱۲) واڑن: داخل کرنا، اندر لے جانا۔

اُردو:۔

اگر تجھے اپنے رب تک مکمل رسائی درکار ہے تو پھر رستہ میں بچھنے والی دبھ (دوب) نامی گھاس بن جا، جو ایک تو نرم پڑتی ہے۔(ڈھیلی ہو کر پھیلتی ہے) دوسرے اسے پاؤں سے روندا جاتا ہے تب جا کر اللہ تعالیٰ کے آستانے یعنی مسجد میں لے جا کر بچھانے کے قابل ہوتی ہے (یہ تواضع سے نرم پڑنے اور اللہ تعالیٰ کے حضور قبولیت پانے کی مثال ہے۔)

عربی:۔

إذا أردت الطريق إلى الله فكن عشبا مفروشا فى الطريق أما ترى ذلك العشب المتواضع الذى يقطع فيمزق فيداس فى الأقدام ثم يدخل به الناس فى مسجد من مساجدالله فيفرش فيه فرشًا ليكون مصلى العابدين! فهذا الشرف الذى ناله ذلك العشب إنما ناله بالتواضع (لأن من تواضع لله رفعه الله كما جاء فى الحديث النبوى الشريف، فمن أراد رضا الله و التقرب إليه فعليه بالتواضع و المداراة)۔

فارسی:۔

گر ہمی خواہی کہ مرد صالح و خدا رسیدہ باشی راہ تواضع بگیر و مانند گیاہ باش کہ قابل تمہید و ہمواری باشد و در پائے مردمان پائمال گردد تا در صحن مسجد سنگفرش می شود و مصلائے اہل ایمان نمازیان گردد!

English:

If you seek Allah, the Almighty, then be the humblest grass that is cut, peeled, dranched and saftened to be the prayer-mats and then it is admitted into the Mosque of Allah for His worshipers!

(17)

خاکُ نہ نِندیئے، خاکُو جیڈ نہ کوئے

جِیوندِیاں پَیراں تلّے، مُویاں اُپّر ھوئے

لفظی ترجمہ:۔

(۱) نِندَن: برا قرار دینا، کسی کو برا کہنا، ذلیل کہنا ۔(۲) خَاکُو :مٹی، آج کی پنجابی میں ''خاکو جیڈ'' کے بجائے ''خاکاں جیڈ'' یعنی مٹی کے برابر کا۔(۳) جیڈ: (اصل میں جیڈا) جتنا، برابر۔(۴) مُویَاں: مردہ ہوکر، مرنے والے۔

اُردو:۔

مٹی کو برا نہیں کہنا چاہیے، اس لئے کہ خاک جیسا تواضع سے عزت پانے والا تو اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔ دیکھتے نہیں ہو، جب تم زندہ ہوتے ہو تو یہ خاک تمہارے پاؤں کے نیچے ہوتی ہے مگر جب تم مر جاتے ہو تو تم اس خاک کے نیچے اور وہ تمہارے اوپر ہوتی ہے! (تواضع کی عظمت اور بڑائی کیلئے خوبصورت مثال اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگی! تواضع سے جو عظمت اور بلندی نصیب ہوتی ہے اس کی اعلیٰ اور برتر مثال یہ مٹی ہے!)

عربی:۔

لا تحتقرنَّ التراب ولا تذمنَّه أبدا أيها الإنسان! فإنه يفوق الكل فى التواضع و بالتواضع! أما تراه يكون تحت قدميك حيا ولكنه سوف يبقى فوقك دائما بعد الموت! (لم ينل أحد الشرف بالتواضع ما يناله التراب المتواضع! ولم يحبب التواضع إلى أهل الحق كما حببه إليهم شاعرنا هذا! فرحمك الله يا فريد الدين مسعود!!)

فارسی:۔

باید کہ خاک راحقیر و ذلیل ندانی کہ دریں عالم ما چیزے مانند خاک مرتبہ و مقام نیافتہ شد زیرا کہ این خاک است کہ زیر پایت می مانند تا تو زندہ ای، و بعد از مرگ تو ہمان خاک بر تو می باشد تا قیامت و تو زیر خاک می باشی!

English:

Do not scorn or under-rate the dust, because you will never find the like of it in the universe! Don't you see that when you are alive, it is under your feet, but when you die, it will remain over you for ever! (The finest example of gaining honour by being humble!)

(18)

جَان لُوبھ تَاں نِیُوں کیا، لُوبھ تَاں کُوڑا نِیُوں
کِچر ک جھٹ لنگھائیے، چھپر تُٹّے مینھوں

لفظی تشریح:۔

(۱) جان: جہاں، اگر۔(۲) لوبھ: طمع، لالچ۔(۳) تاں: تو۔(۴) نِیُوں: (نیہوں!) پیار، عشق، محبت۔(۵) کُوڑا: جھوٹا۔(٦) کچرک: کتنی دیر تک، کب تک۔(۷) جھٹ: تھوڑا سا وقت، تھوڑی دیر، ایک لمحہ کیلئے۔(۸) لنگھائیے: گذاریں۔(۹) تُٹّے: ٹوٹے، ٹوٹ گئے۔ (۱۰) مینھوں: (مِی ہوں) بارش سے۔

اُردو:۔

جہاں لالچ ہوگا وہاں پر عشق کیا؟ اگر کوئی لالچ ہوتو پھر عشق تو جھوٹا ہوگا! بھلا ٹوٹے ہوئے چھپر تلے بارش سے بچنے کیلئے کوئی کتنی دیر کیلئے ٹھہر سکتا ہے! (لالچی کے ساتھ عشق تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی بارش سے بچنے کیلئے ٹوٹے ہوئے چھپر کے نیچے وقت گذارنا چاہے۔)

عربی:۔

لا حب ولا عشق حيث وجد حرص وطمع! وذلك لأن الحب الذى يشوبه الحرص كذب ورياء وخداع! فالى كم تستطيع أن تتقى المطر النازل و أنت تحت سقيفة مثقوبة متقطعة ذات ثغرات يتقاطر منها الرذاذ المسلسل! (الطمع فى الدنيا والحب لله لا يجتمعان فى قلب واحد ومن ادعى ذلك فقد كذب وافترى !)

فارسی:۔

جائیکہ طمع وحرص است، لائقِ عشق نیست ومحبت رانمی سزد، وکسے کہ عشق راوسیلۂ تسکین حرص وطمع می داند، اورا کاذب ومفتری باید شمرد!

English:

How can love and greed live together? Where there is greed, there cannot be love, it is simply lust! You cannot be

protected from rain under a roof of grass which is broken and shattered?

(19)

جَنگل جَنگل کیا بَھوِیں، وَن کنڈا مُوڑیں
وَسّی رَب حیالِیئے، جَنگل کِیا ڈھونڈیں!

لفظی تشریح:۔

(۱) بھویں: (بَھوَن: گھومنا، پھرنا) تو گھومتا ہے۔(۲) وَن: کانٹے والا ایک خاص جنگلی درخت (مطلقاً درخت کو بھی ون کہتے ہیں)۔(۳) حیالیئے: حول اور حیال ایک ہی چیز ہے، آس پاس، اردگرد،

اُردو:۔

تو ایک جنگل سے دوسرے جنگل میں کیا گھومتا پھرتا ہے اور جنگل کے کانٹے روندتا پھرتا ہے، رب تو تیرے پاس پاس ہے۔ تو اسے جنگل جنگل کیا ڈھونڈھتا پھرتا ہے۔ (ہم تو انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں!)

عربی:۔

لماذا تهيم على وجهك فى البوادى والصحارى، وعبثا تمشى على طرق وعرة شائكة! لأن الرب عزوجل يسكن فى قرية عامرة تسمى قلبا! فلا تبحث عنه فى البوادى والصحارى! بل يجب قبل كل شيء أن تبحث عنه فى قلبك!

(ونحن أقرب إليه من حبل الوريد!)

فارسی:۔

در صحاری و بیابانہا چرا می گردی و خار ہائے درختاں راز یر پایت می مالی تا خدارا تلاش کنی، وخدائے بزرگ و برتر در دلِ تست بحکم

"نحن اقرب اليه من حبل الوريد!"

English:

Why are you wandering in the jungles and walking on the

thorny grasses, while seeking your Creator? Do not you know that He is in your heart? (we are nearer to him than his life-vein!)

(20)

اِن هیں نِکّی جَنگھیں، تَھل ڈُونگر بَھنوامْ

اَجْ فریدے کُوزْڑا، سَے کُوھاں تِھی اِمْ

لفظی تشریح:۔

(۱) نِکیّ: باریک، پتلی، چھوٹی۔(۲) جنگھیں (جنگھ: ایک ٹانگ): ٹانگیں، ٹانگوں۔ (۳) کوزڑا: چھوٹا سا کوزہ مٹی کا برتن یا لوٹا جس سے وضو کیا جاتا ہے (کوجا کوزہ کا سکھی تلفظ ہے، بابا فرید تو عربی فارسی جاننے والے عالم دین تھے! تو ہم اسے کوجڑا کیوں لکھتے چلے جا رہے ہیں!)۔(۴) تھل: صحرا، ریگستان۔(۵) ڈونگو: پہاڑ۔(٦) بھنوام: میں گھومتا رہا (بَھوَنْ، بَھنْوَن، بَھوْنان: گھومنا، پھرنا، چکر کاٹنا)(۷) سے کوھاں: سوکوس، سومیل۔(۸) تھی ام: (تھیون: ہونا سے) واحد متکلم کا صیغہ ہے۔

اُردو:۔

اپنی انہی چھوٹی چھوٹی ٹانگوں سے میں صحرا اور پہاڑوں میں گھومتا پھرا مگر آج اے فرید! مجھے پاس پڑا ہوا کوزہ یا لوٹا بھی سومیل دور لگتا ہے (جوانی نادانی کی طاقت اور بڑھاپے سیاپے کی کمزوری کا فرق دیکھئے!)۔

عربی:۔

قد استطعت أن تقطع الصحارى المترامية الأطراف والجبال الشاهقات یا فرید بهاتین الرجلین الصغیرتین! وأما الیوم و أنا عجوز طاعن فی السن، فلا أقدر علی شئ وحتی أن عروة الوضوء القریبة المنال، تبدو و كأنها علی بعد مئة فرسخ منی (الطفولة والشباب عهد قوة ونشاط، وأما الشیخوخة والهرم فوهن وضعف لیس إلا!)

فارسی:۔

درایام گزشتہ بایں نازک و باریک پا در کوہ و بیابانہا می گردیدم، ولے امروز آفتابہ را بہ مسافت صد کوہ

می بینم کہ وضو کنم و بروقت نماز بگذارم!

English:

With these little legs of mine, I used to roam and cross the deserts and jungles! But, today, when I am old and weak, it is, therefore, the jug of "*Wozoo*" lying near, looks as if it is on the one hundred miles away from me (compare youth and old age.)

(21)

فریدا راتیں وَڈیاں، دُھکھ دُھکھ اُٹھن پاس

دِھرَگ تِنہاں دا جیونا، جِنہاں وِڈانی آس

لفظی تشریح:۔

(۱) وڈیاں: بڑی، لمبی۔(۲) دھکھنا: درد کرنا۔(۳) دھکھ اٹھن: دکھنے لگتے ہیں۔ (۴) پاس: پہلو۔(۵) دِھرَگ (یا دَھرِگ): لعنت پھٹکار، براہو، دُھر دُھر ہو۔(۶) تنہاں دا: انکا۔(۷) جیونا: جینا۔(۸) جنھاں: جنہوں نے۔(۹) وِڈانی: پرائی، غیر کی، بیگانی۔(۱۰) آس: اُمید، محتاجی، سہارا۔

اُردو:۔

فرید! اب راتیں بڑی لگتی ہیں، پہلو سوتے سوتے درد کرنے لگتے ہیں، لعنت ہو ان کا جینا جو دوسروں کے سہارے جیتے ہیں (اپنے کام اپنے ہاتھوں سے کر سکیں تو بہتر ورنہ وہ جینا کس کام کا جس میں ہر کام میں دوسروں کے محتاج ہوں!)

عربی:۔

قدطالت ليالى الشيخوخة يا فريد حتى أن جنوبنا تكاد تتألم من النوم الطويل و بدأنا نسأم الحياة! ما هذه الحياة البائسة الشقية التى جعلتنا نحتاج فى كل الشئون إلى غيرنا!

فارسی:۔

در پیرانہ سالی شبہا دراز تر می نمایند و از درازیٔ شب ضلوع بدن خستہ وملول گشتہ اند و من آن زیست

رانمی پسندم کے درروز وشب محتاج دیگران باشم!

English:

The nights of old age look very long and the sides of the bodies begin to ache. Cursed be these helpless nights which have become so heavy and unbearable and which have made us depending on others for help!

(22)

جے میں هُندا وَاریا، مِتّاں آوَڑیاں
هَیئڑا جَلنے، مَجیٹھ جیوِیں اُپر اَنگاریاں

لفظی تشریح:۔

(۱) جے: اگر، حرف شرط ہے۔(۲) هُندَا (هُوندا): ہوتا۔(۳) واریا: قربان کیا گیا، ی پر نچھاور کیا گیا۔(۴) مِتّاں (متراں): یاراں، دوستاں۔(۵) آوڑیاں (آ.....وڑیاں یا آوڑیاں) آنے والے، جوگھر آگئے۔(۶) هَیئڑا: دل، گوشت کا ٹکڑا، ہیرا، سرخ یاقوت۔(۷) مجیٹھ: کسمھ، ایک جڑی بوٹی جو سرخ رنگ کرنے میں کام آتی ہے، ایک تو وہ ویسے بھی سرخ ہوتی ہے اور جب انگارے پر جلے تو سرخی بڑھ جاتی ہے۔(۸) جیویں: جویں، جس طرح۔(۹) انگاریاں: انگاروں۔

اُردو:۔

اگر میں نے از راہِ مہمان نوازی آنے والے یاروں پر کچھ قربان کیا ہوتا (تو دلی سکون ملتا مگر اب تو اس سخاوت و مہمان نوازی سے محرومی پر) دل یوں جل رہا ہے جیسے انگاروں پر مجیٹھ جلتی ہے!(درویش کو اپنے مولیٰ کی خاطر کچھ نچھاور نہ کر سکنے کا بھی غم رہتا ہے۔)

عربی:۔

لو كنت أملك شيئا للقرى لضحيته من أجل ضيوفى الكرام الزوار القادمين ولكننى لم أقدر على ذلك و حرمت من هذه السعادة والبركة ومن ثم قلبى يحترق تحسرا و حزنا على ذلك كما تحترق الياقوتة الحمراء على الجمرات المشتعلة (الفقراء المعدمون من أولياء الله

يحزنون ويتأسفون إذا لم يتمكنوا من قرى الضيوف من أجل إرضاء مولاهم الجليل!)

فارسی:۔

کاشکہ ایثار کردہ بودم چیزے بر دوستانِ مہمانان خودم کہ آمدہ بودند تا دل خود را راحت رسانیدہ بودم باین ضیافت و مہمانداری! و لےنمی توانستم و بدیں سبب دلم ہمی سوزد چوں مجیث بر جمرات آتش زدہ!

English:

Had I been able to serve my guests who came to visit me (I would have been happy! But alas! I could not and now) I am unhappy and my heart is burning like hyacinth on live coals!

(23)

لُوڑے داکھ بجوڑیاں، کِکّر بیجے جٹ
ھنڈھے اُنْ کتیندیاں، پَیْدَھا لوڑے پٹ!

لفظی تشریح:۔

(۱) لوڑے: تلاش کرے، مانگے، چاہے، ڈھونڈھے۔(۲) داکھ: انگور، داکھ بجوڑیاں: باجوڑ کے علاقے کے اعلیٰ انگور۔(۳) کِکّر: ببول کے خاندان سے ایک کانٹے دار درخت کِکر، پھلا اور ببول ایک ہی نسل ہے۔(۴) جٹ: جاٹ، کسان۔(۵) ھنڈھے: وقت گزارے، زندگی بِتائے۔ (۶) اُن: اون (۷) کتیندیاں: کاتتے ہوئے۔(۸) پَیْدَھا: پہنتا ہوا، لباس پہنتے ہوئے۔(۹) پٹ: ریشم۔

اُردو:۔

عجب جاٹ ہے کاشت تو کرتا ہے کیکر کے درخت مگر پھل کے موسم میں اعلیٰ قسم کے باجوڑی انگور مانگتا ہے۔ تمام عمر تو اون کاتتے گذار دیتا ہے مگر پہنتے وقت ریشم کی خواہش کرنے لگتا ہے! (جو بوؤ گے وہی کاٹو گے، حسنِ عمل کا نتیجہ حسین و جمیل پھل ہوگا، عملِ بد کا پھل برا نتیجہ ہوگا، جَو بیج کر گندم کبھی نہیں کاٹ سکتے!)

عربی:۔

انظر إلى ذلك المزارع الأخرق الذى يزرع السنط ولكنه يأمل أن يجنى العنب

السجيد! اِنه يقضىٰ أيامه وهو يغزل الصوف فاذا حان وقت الملابس أخذ يبغى ملابس الحرير! (ما تزرع تحصد!)۔

فارسی:۔

عجیب مردے است این کشتکار ومزارع کہ می کارداثل ولے وقت حصاد آرزو دارد کہ انگور (از قسم برتر کہ از خطہٗ) باجور حاصل شود، وتمام عمر صوف ریسی کند ولے چون وقت لباس پدید آمد می خواھد کہ جامہ از حریر و پرنیان بدوزد و زیب تن بکند!

English:

What a foolish former he is! He used to sow the seeds of babul tree but at the end he expects to reap the finest quality of grapes from "Bajore!". He spent all his life while he used to spin the wool, but at the end, he hopes to have silk!.

(24)

گلئیں کچّڑ، دُور گھر، نال پیارے نیُوں

چلّاں تاں بھِجّے کمبلی، رَہاں تاں ٹٹّے نیُوں

لفظی تشریح:۔

(۱) گلئیں: گلیوں میں۔(۲) کچڑ: کیچڑ۔(۳) نیُوں: عشق، دوستی، پیار۔(۴) بِھجّے: بھیگے۔(۵) تاں: تب، تو۔(۶) کمبلی: کملی۔(۷) رَھاں: رکوں، ٹھہروں، رہ جاؤں۔(۸) چلاں تاں: اگر چلوں تو۔

اُردو:۔

گلیوں میں کیچڑ ہے، گھر جہاں جانا ہے دور ہے، ایک پیاری ہستی سے عشق ہے، اگر چلتا ہوں تو کملی بھیگتی ہے، رکتا ہوں تو دوستی ٹوٹتی ہے۔ (راہِ حق ذرا کٹھن ہے، چاروں طرف رکاوٹیں ہیں۔ کہیں لالچ کا کیچڑ ہے کہیں دنیاوی ترغیبات ہیں اور کہیں شیطانی مشکلات ہیں، آخرت تک کا فاصلہ بھی لمبا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے محبت ہے، اسے راضی رکھنا ہے چنانچہ راستے کی ان رکاوٹوں کو بھی عبور

کرنا ہے اور اپنے رب سے رشتۂ محبت بھی نہیں ٹوٹنے دینا، یہ ہے وہ کٹھن راستہ جس پر سالک کو چلتے ہوئے منزل پر پہنچنا ہے!)۔

عربی:۔

الأزقة واحلة و منزل الحبيب بعيد جدا وأنا أقصد وصاله! ولكنني عندما أمشى فى هذه الأزقة الموحلة القذرة المستنقعة، يبتل دثارى،وإن أبطئ وأتأخر فى الوصول إليه يغيب عنى المنزل وتنقطع صلتى بالحبيب (فالطريق إلى الله وعر وصعب فلايصل إليه إلا من عرف الطريق وتحمل شدائده وأتى الله بقلب سليم!)۔

فارسی:۔

درکوچہ گل است وخانہ اودوراست وعشق ودوستی با محبوب عزیز ہم دارم (ولے چہ کنم) کہ چون روم گلیم خودم نمناک وآلودۂ گل می شودو چون توقف کنم تاخیر شودوعلاقہ دوستی منقطع خواہد گشت (روم مشکل نروم ہم مشکل است!)

English:

The streets are muddy and dirty but the destination is far off. I love my Allah Almighty and must reach that destination. But, the difficulty is that, when I walk, my robe will soak and if I stop, my relations of faith and affection, are at stake!

(25)

بھِجُو سِجُو کَمبلی ! اللّٰہ وَرْسُو مِیْنہ

جَائے مِلاں تِنْھاں سَجناں، ٹٹو ناھِیں نینہ

لفظی تشریح:۔

(۱) بھجو: بھیگ جا۔(۲) سِجَو: گیلا ہوجا۔(۳) کمبلی: یعنی اے کملی تو بھیگ جا گیلی ہو جا پرواہ نہیں!(۴) وَرْسُو مینہ: اے بارش تو برستی جا کہ اللہ کا فضل ہے۔(۵) جائے ملاں: جاملوں۔ (۶) تنھاں سجناں: ان یاروں کو۔(۷) نینہ، ن ی ن ہ: دوستی، رشتہ، بنیاد۔

اُردو:۔

اے کملی تو بھیگ جا گیلی ہو جا پروانہیں! اللہ کی رحمت بارش تُو بیشک برستی جا، میں نے اپنے یاروں سے جاملنا ہے اور میرا رشتہ محبت نہیں ٹوٹے گا! (یہ ہے وہ عزمِ راسخ اور یقینِ کامل جو سالکِ صادق کو نصیب ہوتا ہے۔ یہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کی رجائیت اور پراُمیدی کی واضح مثال ہے!)۔

عربی:۔

یا دثاری کن مبتلا أو مخضلا فذلك لا یهمنی و الله! فلینزل المطر کما یشاء و کما قدر الله له! فمهما صعب الطریق فلابد لی من الالتحاق برفاقی و الوصول إلی حضرة الرب سبحانه و تعالٰی لکی لا تنقطع صلة الحب به!

فارسی:۔

ای گلیم من! نمناک شوی یا آلودہ باشی، رنجم نیست، غرضم این است کہ یاران خودم را دراک بکنم و نزد ایشاں برسم تا ربط و تعلق دوستانہ کہ داریم منقطع نشود!

English:

Be my blanket wet and drenched, I shall not bother for it! Let the rain, being the sign of the Mercy of Allah, fall! I have to catch my friends and reach my destination so that the bonds of love with Allah are never broken and shall remain intact! (what a faith and determination by Baba Fareed! (R.A)

(26)

مَیں بُھلاوا پَگ دا، مَت مَیلی ہوجائے

گیھلا رُوح نہ جانے، سَر بھی مَٹی کھائے

لفظی تشریح:۔

(1) بُھلاوا (بھولاوا) : بھول، غلطی۔ (2) پگ: پگڑی، عمامہ۔ (3) مَت: کہیں ایسا نہ ہو کہ۔ (4) گیھلا: غافل، بے خبر، پگلا۔ (5) روح: من، دل۔

اُردو:۔

میں سجدے میں جاتے ہوئے غلطی سے یہ خیال کر رہا ہوں کہ پگڑی بچاؤں کہ یہ کہیں میلی نہ ہوجائے، پگلی روح بے خبر یہ بھی نہیں جانتی کہ پگڑی تو معمولی چیز ہے یہاں تو سر جس پر پگڑی باندھی جاتی ہے خود وہ بھی خاک کی نذر ہو جاتا ہے (پگڑی عزت و ناموس کی علامت ہے، لوگ اس کو بچانا، دوسرے لفظوں میں عزّ وشرف کو بچانا ضروری خیال کرتے ہیں، پگڑی کو میلا ہونے سے کیا بچانا ہے، یہاں تو سر بھی خاک میں مل کر خاک ہو جائے گا! نہ رہا بانس نہ بجے گی بانسری!)۔

عربی:۔

اِننی أتحاشی التراب و أتقیه و أحاول أن أحفظ عمامتی لکیلا تتوسخ بالتراب بینما لا أعرف أنـا الغافل بأن رأسی الذی أغطیه بالعمامة أیضاً سوف یأکله التراب یوما حین آوی اِلی القبر و أثوی فی الثری میتا!

فارسی:۔

این خطائے من است کہ فکر و خیال دستاری کنم کہ چوں بسجدہ روم دستارم بخاک آلودہ شود و لے دل نادانم نداند کہ سرے کہ دستار دارد ہم بخاک خواہد رفت و خاک خواہد شد!

English:

I have tried to protect my turban from dust while bowing before Allah without realizing that even my head will be eaten by the same dust when I am burried in the grave of mine.

(27)

شکر، کھنڈ، نبات، گڑ، ماکھیوں، ماجھا دُدھ

سبھے وستو مِٹھیاں، رب نہ پُجن تُدھ

لفظی تشریح:۔

(۱) کھنڈ: کھانڈ، چینی۔ (۲) نبات: گنا، کماد۔ (۳) ماکھیوں: (اور ماکھیں) شہد۔ (۴) ماجھا: (مجھ: بھینس) بھینس کا۔ (۵) ددہ: دودھ۔ (۶) وستو: چیزیں، آئیٹم۔ (۷) پجن:

پہنچانا،عبادت کرنا۔(٨) تُدۃ: تجھے،تجھ کو۔

اُردو:۔

شکر، کھانڈ، کماد کا گنا، شہد اور بھینس کا دودھ، یہ سب چیزیں میٹھی تو بلاشبہ ہیں مگر یہ تجھے اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والی نہیں ہیں۔ بلکہ یہ دنیاداری ہے، لذات ہیں اور خوشی دینے والی ہیں لیکن یہ تجھے خدا تک نہیں پہنچا سکتیں بلکہ اس کے برعکس غافل بنانے والی ہیں۔ ان میٹھی چیزوں سے بڑھ کر بھی ایک مٹھاس ہے جو غیر فانی اور نافع ہے اور وہ ہے ایمان کی حلاوت اور لذت عبادت!

عربي:۔

إن السكر و قصبه بأقسامه المتكاثرة و أشكاله المتعددة والعسل بدرجاته و حليب الجاموس بأوصافه، كل ذلك حلو لذيذ دون شك، ولكن هذه الحلاوات واللذائذ كلها لا يمكن أن توصلك إلى الله عزوجل، ولكنك لو تذوقت حلاوة الايمان بالله والعبادة لربك وحده لأوصلك ذلك إلى ربك الخالق الرازق، ولعلمت أن الإيمان بالله والذكر له هو أحلى الحلاوات كلها!

فارسی:۔

انبوه بسیار حلویات، از قسم شکر و نیشکر و مصری و شهد و شیر گامیش، همه خوب ولذیذ اند ولے ایں جمله شیرینیها ترا بخدا نمی توان رسانید زیرا که حلاوت دیگر هم هست که ترا بخدا برساند و آن حلاوت ایمان شیرین است!

English:

The various kinds of sugar, the honey and the pleasant tasty milk of buffalos, all are sweet and tasty things. But they will never lead you to Allah the Almighty! There is one sweetest of all the sweets which will guide you to His Love and Mercy and that is Al-Iman! (The faith in Allah alone!).

(28)

روٹی میری کاٹھ دی، لاوݨ میری بھکھ
جنھاں کھادی چوپڑی، گھنے سہن گے دُکھ

لفظی تشریح:۔

(۱) کاٹھ دی روٹی: مراد خشک اور سادہ روٹی۔ (۲) لاوݨ!: ترکاری، سالن۔ (۳) بھکھ: بھوک، "لاون میری بھکھ" سے مراد یہ ہے کہ بھوک بہترین سالن ہے حتی کہ بھوک میں خشک اور سادہ روٹی بھی آسانی سے کھائی جاسکتی ہے۔ بھوک کا سالن ہی وہ قرینہ ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ کاٹھ کی روٹی سے مراد خشک اور سادہ روٹی ہے اور اس کا دوسرا قرینہ چوپڑی روٹی ہے جو خشک اور سادہ روٹی کے مقابلے میں ہوتی ہے۔ (۴) چوپڑی روٹی سے مراد گھی سے تلی ہوئی روٹی یا پراٹھا۔ (۵) گھنے: بہت، گہرے۔ (۶) سَھن گے: سہیں گے، برداشت کریں گے۔

اُردو:۔

میری روٹی لکڑی کی ہے، میری بھوک سالن کا کام دیتی ہے مگر جو لوگ مرغن روٹی کھاتے رہے ہیں، انہیں بہت سے دکھ برداشت کرنا پڑیں گے یعنی وہ قسم قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں (اس کے مقابلے میں فقر و فاقہ والی سادہ اور آسان زندگی سے صحت بھی درست رہتی ہے کہ معدہ ہی تمام بیماریوں کی اصل ہے اور گھی والی روٹی اور مرغن غذائیں معدہ کیلئے بہت بڑا بوجھ ہوتی ہیں!)

عربی:۔

اِن خبزی من الخشب کما أن اِدامی من الجوع، والذی یأکل الخبز المسمن یعانی من الآلام، ویکابد الأحزان دائما! فالقناعة مریحة والحرص مزعج محرج! وعلی الإنسان أن یستعین بالصبر و الصلوة و القناعة، والله یحب الصابرین!

فارسی:۔

نان چوبین دارم (نان خشک وسخت می خورم) وسالیان من گرسنگی باشد، اما کسانیکه نان کره مالیده وروغنی ہوس دارند انجام کار رنج می برند و دردی کشند!

English:

My loaf is of wood and the hunger is my curry! Those who eat the buttered bread, they are the people who shall have to bear the pains, suffer from ill-health and face the cares and worries!

(29)

رُکھی سُکّی کھائے کے، ٹھنڈا پانی پی

ویکھ پرائی چوپڑی، نہ ترساویں جی

لفظی تشریح:۔

(۱) رُکھی: روکھی، بغیر گھی اور سالن کے۔(۲) سُکّی: سوکھی، خشک، سادہ۔(۳) پرائی: دوسروں کی، غیروں کی۔(۴) نہ ترساویں: مت ترسانا۔(۵) جی: من، دل، طبیعت۔

اُردو:۔

(بابا فریدؒ کے دو پہلے اور یہ تیسرا شعر قناعت اور صبر کی تلقین کیلئے ہیں۔فرماتے ہیں کہ صبر و قناعت سے کام لیتے ہوئے) جو روکھی سوکھی میسر آئے کھالینا اور ٹھنڈا پانی پی لینا لیکن دوسروں کے ہاں مرغن اور گھی والی روٹی دیکھ کر لالچ میں مت آنا اور خود کو مت ترسانا!

عربی:۔

کلْ ما تیسرلك من الخبز الساذج الجاف دون اِدام، واشرب الماء البارد اِن تیسرلك ولكن حذار ثم حذار أن ترى الخبز المسمن فی أیدی غیرك من الناس فتطمع فیه و تتعذب بالحرص (علیك بالصبر و القناعة، ولا تتبع الشهوات ، ولا تطمع فی الرغائب وعلیك بالعمل بقول الشاعر العربی الذی یقول:

النفس راغبة اذا رغبتها ۔۔۔ واذا تُردُّ الی قلیل تقنع

فارسی:۔

بندۂ شاکر و قانع باش و نان کشک و سادہ و سخت بخوری و آب خنک بنوشی کہ نعمت خدا ہست ولے چون دیگران را می بینی کہ نان کرہ زدہ می خورند حرص و طمع آن نداشتہ باش!

English:

Eat your own un-buttered and hard bread, drink the cool water, if you find it! But do not be tempted to see the buttered bread in the hands of the others! (the greedy people are never satisfied but the contented always live in peace and happiness!)

(30)

اَجْ نہ سُتِیْ کَنْتَ سِیُوْنْ، اَنگ مُڑِیْں مُڑْجَائِیں
جَائے پُچھو ڈُوھاگِنی، تم کِیُو رَیْنْ وِھائِیں

لفظی تشریح:۔

(۱) سُتِیْ: سوئی، نہ ستی: نہ سوئی۔(۲) کَنْتْ: شوہر۔(۳) سِیُوْن: ساتھ، پاس۔
(۴) انگ: جوڑ، عضو۔(۵) مڑیں مڑجائیں: ٹیڑھے میڑھے ہوتے جاتے ہیں، دکھتے ہیں۔
(۶) جائے پچھو: جاکر پوچھو۔(۷) ڈوھاگنی: (ڈہاگنی) بدنصیب عورت، طلاق یافتہ، خاوند کی ٹھکرائی ہوئی۔(۸) کِیُو: کیسے، کس طرح۔(۹) رَیْن: رات۔(۱۰) وھانا سے وھائیں، (گذاریں) گذارنا۔

اُردو:۔

میں آج اپنے شوہر کے ساتھ نہ سوئی میرے جسم کے اعضاء ٹوٹ ٹوٹ کر دوہرے ہورہے ہیں، طلاق یافتہ اور شوہر کی ٹھکرائی ہوئی سے جاکر پوچھو کہ وہ رات شوہر کے بغیر کیونکر گذارتی ہے۔(عورت کی زبانی بابا فریدؒ ایک معرفت کی بات کر گئے ہیں، شوہر سے بچھڑ کر ٹھکرائے جانے کے بعد عورت کی رات کن دکھوں اور پریشانیوں میں کٹتی ہے، مگر جو بندہ اپنے مولیٰ سے الگ اس کا ٹھکرایا ہوا ہو اس کی پریشانی اور دکھ کا کیا عالم ہونا چاہیے؟ اللہ تعالی کے ہاں قبولیت میسر آنا بندے کی بڑی سعادت ہے اور اس سے محرومی بہت بڑی شقاوت وبدبختی۔)

عربی:۔

إنها لم تنم الليلة مع زوجها ومن ثم تشعر ببدنها كأنه متعب مكدود يتوق إلى الدفء من الزوج، وأما البائسة المطلقة فاسألوها عن قلقها و كيف باتت هى بدون زوجها المفارق لها والذى قد طلقها فطردها فاصبحت مهجورة منسية! (وما بال من أنساه الله وطرده!)

فارسی:۔

من این شب باشوہر خودم ہمخواب وہم بستر نبودم و باین سبب بدنم دردی کشد ورنجیدہ شدم، و کسے کہ دردورنج ھجر وفراق رانمی شناسد اورا باید کہ اززن مطلقہ و مھجورہ بپرسد کہ شبش چساں بسرمی برد!

English:

She could not sleep beside her beloved husband. She therefore feels tired and neglected! But ask that woman who has been forsaken by her husband because she is a wretched woman! But what about those who have been forsaken by their Lord?

(31)

سَاھْوْرِے ڈھوئی نہ لَھی، پئِیے نَاھیْں تھَاں
پرُ وَاتْڑِی نہ پُچھّے، دَھن سُھَاگن نَاں

لفظی تشریح:۔

(ا) سَاھور ے اور (سَوْھَرے): سسرال والے۔(۲) ڈھوئی: آمد، سہارا، پناہ، آسرا۔(۳) لَھیْ: (لھنا، اترنا) ٹھکانہ۔(۴) پئیے: میکے، پیکے، ماں باپ کا گھر۔(۵) تھاں: جگہ، ٹھکانہ۔(۶) پُر: پیا، محبوب، پیارا، شوہر۔(۷) واتڑی (وات: منہ) منہ کی بات، حال احوال، خیر خیریت پوچھنا۔(۸) دھن: دولت، عورت، بڑا (بڑی)، واہ!(۹) سُھاگن: (سوھاگن) شوہر والی، آباد عورت، شادی شدہ۔(۱۰) ناں: نام کی، برائے نام۔

اُردو:۔

سسرال میں آمدورفت ہے نہ رہائش ٹھکانہ، میکے میں کوئی جگہ ہے نہ پیا دل کی بات پوچھے ہے، واہ! یہ کیسی نام کی سہاگن ہے! (سسرال سے مراد یہاں آخرت اور عقبٰی ہے اور میکے سے بابا فریدؒ کا مقصود یہ دنیائے فانی ہے، سہاگن عورت سے مراد یہاں پر بیچاری روح ہے ۔جس روح کیلئے دنیا فانی تو موت نے چھین لی، آخرت میں ویسے جگہ نہیں، پیا سے مراد مالک و خالق ہے جوسدا بے نیاز ہے!)

عربی:۔

(هذه هی قصة الروح المطرودة من جنة الله وجواره حیث لا قرار لها فی الدنیا وهی تتوق دائما إلی موطنها الأصلی فی جنة الله وجواره ولا یحفل بها الحبیب المالك وهو الله!) لا مأوی لها ولا ملجأ فی أصهارها کما أنها لا تجد لها مکانا عند أبویها ولا یحفل بها حبیبها أوزوجها فیا لها من متزوجة ذات بعل!

فارسی:۔

نمی توانم کہ بخانہ شوہرم بروم، ودر خانہ پدرم ہم جانہ ماندہ است شوہر مجبوبم با من ہم تکلم نہ دارد احوالِ من نمی پرسد، ولے باین ہمہ ایشان مرا زن مزوجہ می خوانند!!

English:

She has no place or refuge with her in-laws. The parents have bidden her farewell. Her husband does not want to talk to her! So what a lovely bride! (The forsaken and poor spirit is being driven away everywhere and by every one!).

(32)

یہ شعر بابا گرونانک نے بابا فریدؒ کے اوپر والے شعر کے جواب میں کہا:۔

ساھورے پئیے کنْت کی، کنْت اَگم اَتھاہ
نانک سو سُھاگنی، جو بھاوے بے پروَاہ.

لفظی تشریح:۔

(۱) اگم : آخرت،(۲) اتھا: پہنچ سے باہر، پراسرار۔(۳) بھاوے: (بھاون سے) بھائے، پسند آئے۔

اُردو:۔

سسرالی دنیا ہو (آخرت ہو) یا میکے کی دنیا (یہ جہان فانی) سب کچھ مالک الملک کا ہے اور مالک الملک کی ذات پہنچ سے باہر اور بے حد گہرائی والی ہے اس لئے نانک تو یہ کہتا ہے کہ سہاگن (کامیاب اور

کامران)وہی ہے جو اس ذات بے نیاز کو پسند آجائے!(یہ بابا جی کا اللہ تعالیٰ کی قدرت مطلقہ، کہ وہ قادر علی الاطلاق ہے، پرایمان کی دلیل ہے!)

عربی:۔

اِن عـالم الأصهار (الآخرة) وبيت الأبـويـن (دنيا نا هذه) كل ذلك لله وحده (ولله ميـراث السـمـوات والأرض) والـلـه سبحانه و تعالىٰ غنى صمد وليس له حدود ولا ثغور، اذن، فـالـنـا جـح الفائز فى الدنيا فى رأى البابا (نانك مؤسس الديانة السيخية) هو الذى أحبه الله و رضى عنه وهو غنى لا يحفل بأحد وهو يفعل ما يريد!

فارسی:۔

(واین مقولہ بابا گرو نانک ہست کہ در پاسخ شعر بابا فرید، کہ گذشت، گفتہ بود): جہان آئندہ (آخرت) باشد یا این جہان فانی، ہمہ جہانہا در ملک مالک باشند ومزوجہ (یابندۂ قبول یافتہ) آن باشد کہ حبیب بے نیاز ولاشریک او را پسندد!

English:

(These lines are by Baba Nanak, the founder of "Sikh" religion in reply to Baba Fareed's preceding Bait.)

The world of in-laws or the world hereafter and the world of parents or this world, both belong to the Al-mighty Who is Omnipresent! So who so ever is liked by Him will be the successful in this world and in the world hereafter.

(33)

نَـاتِـیْ، دُھـوتِـیْ، سَـمْبھـیْ، سُتِّہیْ آءِ نچِنْد
رھی سُو بیڑِیْ ھنگْ دِی، گئی کَتھوری گند

لفظی تشریح:۔

(۱) نـاتی: نہائی۔(۲) دھـوتي: دُھلی ہوئی،دُھل کر۔(۳) سـمبھی: سنوری، بناؤ

سنگھار کیے ہوئے، سجی ہوئی۔(۴) ستی آ: آکر سوگئی۔(۵) نچند: بے چنت، بےفکر، پرسکون۔
(۶) بیڑی: کچھ، تھوڑی مقدار۔(۷) ہنگ: ھینگ۔(۸) کتھوری: کستوری۔(۹) گند (اورگندھ): خوشبو۔

اُردو:۔

(حسین دلہن یعنی میت) نہا دھو کر اور سج کر کے پرسکون سوگئی۔ اس کے جسم میں کچھ ھینگ کی بدبو رہ گئی ہے (مردہ جسم رہ گیا ہے) کستوری والی خوشبو (یعنی روح) تو چلی گئی! (بابا فریدؒ نے انسانی میت کے کفنائے، نہلائے جانے کے بعد کی حالت کا نقشہ کھینچا ہے جو بیک وقت خوبصورت بھی ہے اور عبرت آموز بھی!)

عربی:۔

اِن الفتاة العروس (أی المیت) قد استحمت واغتسلت فتزینت فاستراحت مستلقاة بکل راحة وهدوء (أی قد کفنوا المیت و حَضَّرُوْه للتودیع اِلی المقبرة فوضعوه علی سریر الجنازة) ولکن العروس لن تبقی طویلا علی حالها تلك واِنما سیعجلون تودیعها خوفا من فساد بدنها و من رائحتها الکریهة مثل رائحة الحلتیت لأن رائحة المسك الطیبة (أی الروح) قد فارقت جسدها (المیت!)۔

فارسی:۔

عروس (میت) غسل کرده وشسته وآراسته آمد و بربسترش خفت، خاموش وساکن بود ولے در بدنش چیزے نمانده از خوشبو (روح) فقط خیزران جسم مرده مانده بود که ازو بوئے بدمی آمد!

English:

The bride has bathed and cleaned herself. She has been campher-laden and shrouded in a white sheet. She is now fast asleep in complete calm and perfect ease! The perfume of Al-Misk (the spirit) has fled and the assafoetida (the decaying dead body) has bean left.

(34)

جُوبَنْ جَانُدِے نه ڈراں، جِےْ شَوه پَرِیت نه جَائے

کِتّی جُوبَنْ پرِیت بِنْ، سُکْ گئے کُملائے!

لفظی تشریح:۔

(۱) جُوبَن: جوانی کی رعنائی، جوانی کی رونق۔(۲) جاندیے: جاتے ہوئے۔(۳) جے: اگر۔ (۴) شوہ پریت: شوہر یا مالک کی محبت، حُبِّ الٰہی۔(۵) کِتی: کتنے ہی، بہت سے۔ (۶) سُک گئے: خشک ہوگئے، سوکھ گئے۔ (۷) کملائے: مرجھا گئے۔

اُردو:۔

میں جوانی کی جاتی ہوئی رونق سے نہیں ڈرتی (صوفی گزرتے ہوئے ایام زندگی کی فکر نہیں کرتا، اسے صرف اللہ کی سچی محبت سے محرومی کا ڈر رہتا ہے) اگر مولٰی سے میری محبت نہ جائے تو،(اس لئے کہ) کتنے ہی جوانی کے جوبن تھے جو محبت (حبِّ الٰہی) سے محروم ہو کر خشک ہو گئے اور مرجھا گئے (اللہ تعالٰی سے سچی محبت رکھنے والے صوفی صافی کو صرف اللہ تعالٰی کی رضا اور محبت سے محرومی کا ڈر رہتا ہے، چراغِ زندگی کے بجھنے کی اسے پروانہیں ہوتی کہ یہ تو شادیٔ وصل کا عبوری مرحلہ ہوتا ہے بلکہ وہ تو اسے ہنستے مسکراتے گلے سے لگاتا ہے، اگر اسے یہ ڈر نہ ہو کہ وہ رضائے الٰہی اور محبتِ خداوندی سے محروم جا رہا ہے!)

عربی:۔

(حب الله يعمر قلب السالك ويقوى ايمانه فإذا حرم قلبه من حبه عزوجل، ذبل فمات!) إنني لست خائفة ذهاب الشباب و رونقه، وإنما أخشى الحرمان من حب السيّد المولىٰ أى حب الله عزوجل! ولقد رأيت الكثير من الفتيات (أرواح الصوفية!) قد فقدن شبابهن و حرمن من رونقه حين حرمن من حب بعولتهن (أى فقدت الأرواح حيويتها بعد الموت إذا حرمت من حب الله و رضاه!)۔

فارسی:۔

من از شباب رفتہ وحسن گذشتہ نمی ترسم گر از محبت شوہر محروم ومردود نباشم زیرا کہ بسے شباب وحسن بود کہ چون از محبت ومودت محروم گشت معدوم وناپید شد!

English:

I do not care if my youth's beauty and splender is gone, because my concern is only the love of my Lord! Many a splender of y)uth withered away and disappeared due to their deprivation of Lord's love and pleasure!

(35)

چِنْت کَھٹُولا، وَان دُکھ، بِرْہ وِچھاوَن لیف
اِیْہ ہمارا جِیُونا، تُوں صَاحِبْ سَچّےْ وِیکھ

لفظی تشریح:۔

(۱) چِنت: سوچ، فکر، چنتا۔(۲) کھٹولا: کھاٹ، چھوٹی چار پائی۔(۳) وَان: سوت۔(۴) بِرَہْ: جدائی، فراق۔(۵) وِچھاوَن: بچھونا، بچھانا۔(٦) لیف: لحاف۔(۷) جِیُونَا: زندگی، جیون۔(۸) توں: تو(۹) صاحب: مالک ، آقا، صاحب سچے: اے مالکِ حقیقی۔(۱۰) ویکھ: دیکھ، توجہ فرما۔

اُردو:۔

ہماری چار پائی فکر اور پریشانی سے بنی ہے۔اس چار پائی کا سوت اور بان دکھ سے تیار ہوا ہے بچھونا اور لحاف فراق سے بنا ہے، تو یہ ہے ہمارا جینا (یعنی ہم دنیا کے اندر اس حال میں ہیں!) اے مالک حقیقی ذرا توجہ فرما! (شاعر نے اس آزمائش کی جگہ، جسے دنیا کہتے ہیں، کا ان انوکھی تشبیہات سے بڑا واضح اور حقیقی نقشہ پیش کر دیا ہے، گویا یہ دنیا واقعی ایک کڑی آزمائش کی جگہ ہے اور انسان کا کمال اس میں ہے کہ وہ حسنِ عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کڑی آزمائش گاہ سے سرخ رو ہو کر نکل جائے، چار پائی کو آرام کی جگہ اور بستر کو راحت کی آماجگاہ تصور کر کے غلطی کا ارتکاب نہ کرے جو شیطان کا منشا ہے اور وہ اپنے رب سچے کو ہر گز نہ بھولے!)۔

عربی:۔

القلق سریری وقد أعد من الألم والحزن و مضجعی من الهجر و الفراق فهذه هی حیاتنا الدنیا یا مالك الملك! فانْظر حالنا وارحمنا أنت مولانا یا ربنا الصادق الحق! (فالروح لاتزال حزینة قلقة علی فراق حبیبها الجلیل وابتعاد ها عن جواره فی الجنة!)

فارسی:۔

درین حیات فانی سریر ما از قلق است کہ نسیج حزن والم دارد و بستر ولحاف ما از ھجر و فراق است! ببین ای مولای ما! این است زندگی کہ در جہانت بسر می بریم!

English:

My bed is made of cares and worries, its warp and weft is of sorrow and grief, while my bedding and quilt is made of parting and separation! So this is how we live here O my Lord! the Rightful and The Real!

(36)

بِرْھَا بِرْھَا آکھِیے، بِرْھَا تُوں سُلْطَانْ

جت تَنْ بِرْھُوں نہ اُپْجِے، سُو تَنْ جَانْ مَسَانْ

لفظی تشریح:۔

(۱) بِرھا: جدائی، فراق۔(۲) آکھئیے: کہتے ہیں، پکارتے ہیں۔(۳) سلطان: سردار، طاقت والا، اختیار والا۔(۴) جت: جس۔(۵) تن: فرد، شخص۔(۶) اُپجے: ظاہر ہو، پیدا ہوئے، دکھائی دے۔(۷) مسان: شمشان جہاں ہندوؤں کے مردے جلائے جاتے ہیں۔

اُردو:۔

ہم جدائی جدائی پکارتے ہیں، مگر اے جدائی! تو ہی تو اصل طاقت ہے! جس انسان کو جدائی کا احساس نہ ہو تو اسے مردہ جانو یا مردے جلائے جانے والی جگہ ''شمشان'' سمجھو! (اس دنیا کا مزاج اور چلن ہی جدائی ہے، ہر انسان جدائی کا ڈسا ہوا ہے، اس لئے اگر کوئی انسان جدائی کا ستایا ہوا نہ نظر آئے تو اسے مردہ جانو! انسانی روح کی اصل اور سب سے بڑی جدائی تو یہ ہے کہ وہ اپنے رب کے جوار رحمت، جنت سے نکالا گیا ہے، یہی اصل جدائی ہی تو اہل اللہ کا اصل قلق اور اضطراب ہے!)

عربی:۔

الکل ینادی وینطق الھجر والفراق ومن ثم أیھا الفراق أنت تحتل مکانۃ السلطان

القاهر بين عواطف البشر بأنواعها، وأن القلب الذى لايشعر بالفراق ولم يذق ألم الهجر فكأنه هو حجر أو خراب مثل المكان الذى يحرق فيه الهنادكة موتاهم!

فارسی:۔

ما نام هجر و فراق می بریم و لے نمی دانیم که این فراق قوت حقیقی آمده، زیرا که آن کس از لذت زندگی محروم است و مانند گورستان باشد که لذت فراق نچشیده و ثقل هجر را نشناخته است!

English:

We always cry: Separation Separation! In fact O Separation! you are the real authority. It is therefore, that the person who does not feel or complain separation, he is just like the dead or a place where the Hindus burn their dead bodies!

(37)

فریدا اِینہ وِس گندلاں، دھریاں کھنڈ لِواڑ

اِک راھندے رَہ گئے، اِک رادھی گئے اُجاڑ

لفظی تشریح:۔

(۱) وِس: زہر۔(۲) گندلاں: سرسوں کے تنے جن کا سالن بنایا جاتا ہے۔(۳) دھریاں: پڑی ہیں، رکھی ہیں۔(۴) لِواڑ (لواڑن سے): جس کے معنی ہیں لپیٹنا۔(۵) راھندے: ہل چلاتے، رَاھن، زمین کو ہل چلا کر فصل کاشت کرنے کے قابل بنانا۔(۶) رادھی: بوئی ہوئی، رادھن: بونا، کاشت کرنا۔ (۷) اجاڑ (جاڑن): ویران کرنا!

اُردو:۔

(بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ دنیا کی حقیقت سمجھاتے ہیں): فریدا! یہ دنیا زہر والی سرسوں کی پڑی ہوئی گندلیں یعنی تنے ہیں جن پر کھانڈ لپیٹ دی گئی ہے! کچھ تو اس میں ہل چلاتے اور محنت کرتے کرتے گذر گئے جبکہ کچھ نے تو بیجی ہوئی کھیتیاں بھی ویران کر دی ہیں (یہ دنیا باہر سے اچھی نظر آتی ہے مگر حقیقت میں یہ اچھی نہیں ہے۔ انسان یا تو اسے سجانے اور آباد کرنے میں لگے رہے مگر کچھ آباد کو بھی برباد کر گئے۔

اس دنیا کے رنگ بھی انوکھے اور نرالے ہیں!)

عربی:۔

یا فرید! هذه الدنيا الفانية ظاهرها حلاوة ولكن حقيقتها هي مرارة السم! فهي سويقات الخردل المسمومة المغلفة بالسكر، وترى أهل الدنيا إما ظلوا يعمرونها ويحرثون في حقولها، بينما البعض الآخر منهم راحوا يخربون المزارع تخريبا و يبددونها تبديدا!

فارسی:۔

فرید! این جهانِ دنیا را چون ساقهائے خردل مسموم شمر که قنداق کرده شد! بعضے از مردمان این جهان رابنا کنند، وبعضے بنا کرده را خراب وویران کنند!!

English:

This world of ours is like sugar-coated stalks of mustard, placed before us. Some of the people used to build and cultivate it, while, the others destroyed that was built or cultivated!

(38)

چَار گوَایَاں هَنْڈھ کے، چَار گوَایَاں سَمْ
لِیکھا رَبْ مَنگِیسِیَا، تُوں آیُوں کِیْھڑے کَمْ

لفظی تشریح:۔

(۱) چار: مراد چار پہر دن کے اور چار پہر رات کے۔(۲) گوایاں: گم کیں، کھودیں، ضائع کر دیں۔(۳) ھنڈہ کے: استعمال کرکے، "ھنڈان" اور "ھنڈاون" کے معنی ہیں پرانا کرنا۔ (۴) سَمْ: سَمَّنْ سے: سونا، سوکر۔(۵) لیکھا: حساب کتاب۔(٦) منگیسیا: تجھ سے مانگے گا۔(۷) آیوں: آنا اور آون سے ماضی ہے، تو آیا۔(۸) کیھڑے: کس، کونسے۔(۹) کم: کام۔

اُردو:۔

دن کے چار پہر تو تو نے کام کاج میں گنوا دیئے اور رات کے چار پہر سوتے ہوئے گذار دیئے۔ ربّ تجھ سے حساب کتاب مانگے گا کہ تو اس دنیا میں کس کام سے آیا تھا؟ (یعنی دن رات کے آٹھ پہر یا چوبیس

گھنٹے جو تو نے یادِ الٰہی کے بغیر گذار دیئے ہیں دن بھر دنیاوی کام کاج میں اور رات کو سوتے ہوئے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بندوں (عباد) کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے اور وہ اسی لئے اس دنیا میں آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہی سوال کرنا ہے کہ جس مقصد کیلئے تمہیں پیدا کیا تھا وہ کہاں تک پورا کیا؟ تو اس جواب کیلئے انسان کو تیار رہنا چاہیے۔)

عربی:۔

قد ضيعت أيها الإنسان ثانية عشرة ساعة من يومك وأنت تكسب وتعمل لدنياك ثم ثانية عشرة ساعة أخرى من ليلك قد ضيعتها غافلا نائما أفما عرفت أن الله سائلك عن هذه الساعات وعن غرض وجودك والمهمة التى جئت إلى الدنيا من أجلها(وذلك كما قال جل شأنه: وما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون!)

فارسی:۔

چہار پاس را در کار روزانہ تلف کردی و دیگر چہار پاس را در خفتن بر باد دادی (روز و شب را ضائع ساختہ ای) حق تعالیٰ ترا خواہد پرسید کہ من ترا فرستادم و نمی دانی کہ چرا فرستادم ترا درین جہان دنیا؟

English:

You O man! have spent your day in worldly pursuits while the night have been wasted in rest and sleep! Allah Almighty is going to ask you about this negligence and heedlessness then what will be your justification?

(39)

دَرْ دَرْوَازے جَائے کہ، کِیُو ڈِٹھو گھڑیال

اِیہ نِدُوسَا مَارِیئے، ھَمْ دُوسَاں دا کیا حال

لفظی تشریح:۔

(۱) دَرْ دَروازے: دروازے کے اندر، دروازے کے بیچ میں، دروازے پر۔(۲) جائے کہ: جا کر۔(۳) کِیوُ: کیسے، کس طرح۔(۴) ڈِٹھو (ڈِٹھا): دیکھا۔(۵) اِیہ: یہ۔(۶) ندُوسا: بے

قصور، نردوش، بیگناہ۔(۷) مارئیے: مار رہے ہیں۔(۸) ھم د و سان دا: ہم قصورواروں کا، ہم گنہگاروں کا۔

اُردو:۔

میں نے دروازے پر جا کر کیا (عجب منظر) دیکھا کہ ایک گھڑیال ہے (جسے وقفے وقفے سے بجایا جاتا ہے)، یہ تو بے قصور ہے (اگر اسے یونہی) پیٹا جا رہا ہے (تو پھر) ہم قصورواروں، گنہگاروں کا کیا عالم ہوگا۔ (گویا ہمیں تو اس قسم کے ہتھوڑے سے مسلسل پیٹا جایا کرے گا! یوں لگتا ہے کہ بابا فریدؒ جیسے صاحب حال صوفی نے کہیں قیامِ دہلی کے دوران میں شاہی قلعے کے دروازے پر جا کر گھڑیال بجائے جانے کا منظر دیکھا ہوگا، وقفے وقفے سے گھڑیال کو لوہے کے بھاری ڈنڈے یا ہتھوڑے سے پیٹا جانا فرید جیسے باشعور و حساس انسان، عبقری شاعر اور نیک و نازک دل صاحب حال صوفی کیلئے یہ منظر اثر انگیز ثابت ہوا۔ مشہور عرب ادیب اور نحوی ''المبرد'' نے اپنی کتاب ''الکامل'' میں ایک حساس خارجی کا ایسا ہی واقعہ لکھا ہے۔ عربوں کے ہاں خارش زدہ اونٹ کا آخری علاج یہ تھا کہ اسے قطِران یا تارکول سے داغا جاتا تھا، اونٹ درد کے مارے خوفناک انداز میں ''باں باں'' کرتا تھا جو قرآن کریم میں مذکور دوزخیوں کے منظر کے مشابہ تھا، خارجی یہ کہتے ہوئے بے ہوش ہو کر گر پڑا کہ اگر دنیا میں اونٹ کا یہ حال ہے تو دوزخ کے تارکول سے داغے جانے والے مجرموں کا کیا حال ہوگا۔)

عربی:۔

قد رأينا منظر الجرس القرصى المضروب بالمطرقة عند الباب حيث كانوا يضربونه إيذانا بمضى الساعة، ولكن الجرس المسكين يُضرب دون أى ذنب أذنبه أو اِثم اقترفه فأما المذنبون من البشر فما عسى سيكون مصيرهم وهم يضربون فى نار جهنم؟ (والمنظر يشبه بما ذكره المبرد فى كامله من كى الجمل!)

فارسی:۔

من بر در قلعہ رفتم وآن جا ناقوس را دیدم کہ مرد مان او را می زدند، چنان ہول زان حال بر من نشست کہ روز حساب را یاد کردم و پریشان گشتم کہ این ناقوس بیچارہ کہ گناہے ندارد، از را می زنند، اما ما کہ گنہگاریم با ما چہ خواہند کرد!؟

English:

The gong is being beaten hard and punished severely but it is innocent! Then what about us, the sinners? (This scene of gong beeting impressed the Sufi poet very much and his impression is before us!)

(40)

گھڑیے گھڑیے ماریئے، پَھرِیں لَھے سَزائے
سُو هیئڑا گھڑیال، جِیو ڈُکھّی رَیْن وِھائے

لفظی تشریح:۔

(۱) گھڑیے گھڑیے :یعنی ہر ہر گھڑی، جیسے جیسے ایک گھنٹہ یاوقت مکمل ہوتا ہے۔(۲)مارئیے : مارتے ہیں، بجاتے ہیں۔(۳) پھریں: ہر پہر، پہر کے بعد۔(۴) لَھے : اترے، کم ہو، لھے سزا : یعنی سزا کم ہوتی جائے، سزا کے بعد ہمزہ اور یا وزن وقافیہ کی ضرورت کیلئے ہے۔(۵) سُو: اسی طرح۔ (۶) هیئڑا: دل۔(۷) جیو: جیسے، جس طرح، اسی طرح۔(۸) ڈکھی: دکھی۔(۹) رَین: رات۔(۱۰) وِھائے: گذارے ، بسر کرے۔

اُردو:۔

گھڑیال ہر ہر گھڑی کے بعد بجاتے ہیں، (اس طرح گویا) ہر ہر پہر کے بعد سزا (اس گھڑیال کے سر سے اترتی) کم ہوتی ہے (بالکل) اسی طرح دکھی انسان رات بسر کرتا ہے (یا لمحات شمار کرتا رہتا ہے) (یہاں بابا فریدؒ نے گھڑیال کے بجنے کے مقابلے میں دل کی دھڑکن کو رکھا ہے، جس طرح بار بار بجنے سے گھڑیال کی سزا کم ہوتی جاتی ہے اس طرح بار بار دھڑکنے سے دل کی مدت بھی ختم ہوتی رہتی ہے، طالبانِ حق فراقِ حبیب میں یہ گھڑیاں اور دھڑکنیں گویا شمار کرتے رہتے ہیں کہ کب دل کی دھڑکن ختم ہو اور فراق کے لمحات پورے ہو جائیں تاکہ اللہ کے جوارِ رحمت میں جگہ مل سکے!)

عربی:۔

الجرس القرصی یضرب علیه بعد کل نوبة من الوقت وبذلك ینقضی وتخفف عقوبة

الجرس المسكين، و كذلك قلب الإنسان يدق دقات مسلسلة فيقضى القلب و الجرس كلاهما لحظاتهما كما يقضى الإ نسان الحزين الكئيب ليله الثقيل الطويل! (ضربات الجرس تشبه دقات القلب!)

فارسی:۔

ایشان ناقوس رابعداز ہر پاس می زدند وگمان بردم کہ ازیں ضربات متواتر عقوبت ناقوس می کاہد وکم می شود، چنا کہ مریض ساعات شب را می گذارد و ثقل وبارش کم می شود، این ناقوس ہم دل دارد و بارش ازیں ضربت ہا می کاہد وکم تر می شود!

English:

The gong is beaten hard after every hour, thus its punishment is being reduced. In the same manner, the heart (of the lovers of Almighty Allah) continues to beat as some sick or sad person spends his painful night.

(41)

بُڈھا ھُویا شَیْخْ فرید، کَنبَّنْ لگی دِیْہْ

جے سَو وَرْھیاں جِیُونا بھی، تَنْ ھُوسِیْ کھِیْہْ

لفظی تشریح:۔

(۱) بڈھا: بوڑھا۔(۲) کَنبَّن: کانپنا،لرزنا۔(۳)دیہ: بدن،اعضائے جسمانی کے یکجا رہنے کی کیفیت دِیہ کہلاتی ہے۔(۴) سوورھیاں: سوسالوں تک۔(۵) جیونا: جیون،زندہ رہنا۔ (۶) ھوسی: ہوگا۔(۷)تن: بدن (۸) کھیہ: خاک،غبار،مٹی۔

اُردو:۔

شیخ فرید اب بوڑھا ہو چکا، اس کے بدن کے جوڑ کمزور ہو گئے ہیں اور وہ لرزنے لگا ہے۔ (چلئے! کیا ہوا؟ موت قریب آ گئی تو کیا ہوا؟) ہم اگر سو برس بھی زندہ رہے تب بھی یہ بدن تو خاک ہی ہونا ہے!(بابا فریدؒ نے چونکہ طویل عمر پائی اور معمرین میں شمار ہوئے اس لئے وہ ضعفِ پیری اور نقاہت کے شاکی

نظر آتے ہیں، نیز اس لئے کہ بندہ مومن تو وصالِ الٰہی کیلئے بیقرار ہوتا ہے اس لئے انتظارِ یار اور ضعفِ پیری نے اس بیقراری کو دوچند کر دیا تھا!)

عربی:۔

قد كبر الشيخ فريد وضعف حيث أخذ بدنه يرتعد ويترنح (ولكن لا بأس إذا قرب الأجل فإن) بدن الإنسان سيصير ترابا وإن عاش مئة سنة!

فارسی:۔

شیخ فرید پیر شد زیرا کہ بدنش می لرزد، ولے غم نیست کہ انجام بدن انسانی خاک است و خاک خواہد شد اگر چہ صد سال می زیست!

English:

The old age has befallen Shiekh Fareed and his body has begun to shake due to weakness. But, there is no harm in it as the last goal of the human body is the dust even if he lived for a century or more!

(42)

بَار پَرَائے بَیْسْنَا، سَائِیں مُجھے نہ دِیْہ

جے تُوں اِیوِیں رَکھسِی، جِیُو سَرِیرُوں لِیْہ

لفظی تشریح:۔

(۱) بار: دروازہ، گھربار۔(۲) بَیْسَنَا: بیٹھنا۔(۳) سائیں: آقا، رب۔(۴) دِیْہ: دے، دے دے، دینا سے دے اور لینا سے لے، امر کے صیغے ہیں مگر بات میں زور پیدا کرنے کیلئے آواز میں "ہ" شامل کیجاتی ہے۔(۵) ایویں: اسی طرح۔(۶) رکھسی: رکھے گا۔(۷) جیو: جی، روح، جان۔(۸) سریوں: بدنوں، بدن سے، جسم سے۔

اُردو:۔

پرائے دروازے پر بیٹھنا مولیٰ میرے نصیب میں نہ کرنا، اگر تو مجھے اس طرح زندہ رکھنا چاہتا ہے تو

پھر بہتر یہ ہے کہ میرے جسم سے روح نکال لے! (دوسروں کا سہارا اور محتاجی بڑھاپے کا اہم ترین مسئلہ رہا ہے، بابا فرید" کو بھی یہ گوارا نہیں ہے)۔

عربی:۔

اللهم لا تجعلني أجلس أو أقف على باب أحد غيرك! وإذا كان كذلك (في مقاديرك) فإنني أفضل عليه الموت يارب! لا تكلني إلى غيرك وأدعوك متضرعا إليك أن تميتني موتة العز والشرف!

فارسی:۔

نشستن بر در غیر و زیستن زیر سایۂ دیگران نمی پسندم یارب! و گر این چنیں زیستن مقدر من ساختہ ای پس خوشتر آن باشد کہ جان عزیزم را بتو می سپارم و در جوار رحمت می رسم!

English: `

O my Lord! Don't make me sit at the doors of others and let not me be in need of others help! But, if you have made it inevitable fortune for me, then take away my life so that my soul may rest in peace with you !

(43)

کَنْدھْ کُھَاڑَا، سِرْ گھڑَا، وَنْ کے سِرْ لُھَارْ
ھَوں لُوڑاں شَوہ آپنا، تُوں لُوڑِیں اَنگیارْ

لفظی تشریح:۔

(۱) کندہ: کندھا۔ (۲) ھوں: میں۔ (۳) وَن: درخت، ایک خاص درخت کا نام بھی ہے۔ (۴) لھار: لوہار۔ (۵) ھوں لوڑاں: میں تلاش کرتا ہوں۔ (۶) شوہ: آقا، شوہر، رب، مالک۔ (۷) تولوڑیں: تو ڈھونڈھتا ہے۔ (۸) انگیار: انگارے، آگ، مراد ہے دنیا۔

اُردو:۔

لوہار کے کندھے پر کلہاڑا، سر پر گھڑا ہے اور وہ ایک درخت کے سر سوار ہے (اسے کاٹنا چاہتا ہے)

مجھے ہے اپنے ربّ کی تلاش اور تو ڈھونڈھتا پھرتا ہے انگارے! (طالبِ دنیا آگ کے پیچھے ہے۔ جس طرح فرمایا گیا کہ دنیا مردار ہے اور اس کے طالب کتے ہیں، جبکہ اللہ والوں کو اپنے رب کی رضا اور خوشی ہی مطلوب ہوتی ہے۔!)

عربی:۔

هـذا حـداد قـد جـاء وعلى كتفه فاس وعلى رأسه جرة ماء ويريد أن يقطع حطبا من الشجرة ! أمـا أنـا فأطلب ربى الحبيب وأما انت يا حداد فقد جئت تبحث عن الجمرات! (أى أطلب النجاة من النار والحداد يبحث له عن الحطب فطالب الدنيا وطالب العقبى يفترقان فى طِلابهما وكل واحد منهما له وجهة هو موليها!)

فارسی:۔

آھنگرے آمدہ کہ درختے رابُرَد وطبر وجرہ باخودش می دارد (ولے فرق است میان طلبیدن ما) من خدائے خود را می طلبم واو در تلاش هیزم است برائے سوختن!

English:

An iron-smith came there along with his hatchet and pitcher of water so that he may be able to cut fire wood from a tree. And see the difference! I am searching for my Lord Almighty but he is after fire-brand!

(44)

اِکْنَان آٹا اَگلا، اِکْنَان نَاهِین لُوْنْ

آگے گئے سِنجَاپسن، چوٹا کھاسِی کَوْنْ

لفظی تشریح:۔

(۱) اکنان: کئی ایک، کچھ، چند۔ (۲) اگلا: بے حساب، کافی، بہت زیادہ۔ (۳) آٹا: مراد اناج، دولت۔ (۴) لُوْن: نمک۔ (۵) آگے: مراد اگلا جہاں، آخرت۔ (۶) سنجاپسن: پہچانے جائیں گے۔ (۸) چوٹا: خسارہ، گھاٹا۔ (۸) چوٹا کھاسی کون: کون خسارے میں ہوگا۔

اُردو:۔

دنیا میں کچھ تو ایسے ہیں جن کے پاس بے حساب آٹا (رزق) ہے بعض ایسے ہیں جن کے پاس نمک بھی نہیں ہے (بالکل کنگال ہیں) لیکن آئندہ جہان میں یہ جانے پہچانیں جائیں گے کہ ان میں سے خسارہ اور گھاٹا کس نے کھایا ہے (سب کو اپنے اپنے کیے کا بدلہ مل جائے گا اور نیک و بد کا پتہ چل جائے گا۔)

عربی:۔

اِنك ترى الناس قد جمعوا الرزق وادخروا الثروات الضخمة بينما البعض الآخر منهم ليس لديهم شئ وحتى الملح ولكنهم سوف يُعرفون جميعهم يوم الحساب يربحون أم يخسرون!

فارسی:۔

می بنی کہ در جہان کساں ہستند کہ رزق وثروت بے حساب دارند یعنی ایشاں اغنیا ھستند، و لے بعضے از ایشاں چیزے ندارند حتی کہ نمک ہم ندارند یعنی مفلسان وفقراء ہستند، و در عقبی حقیقت شاں معلوم خواہد شود کہ خاسر کیست ومنفعت نصیبے کس است!

English:

Some of the people own abundant wealth while some of them don't possess any-thing even they have been deprived of the salt i.e. they are poor and possess nothing. But they shall know in the world hereafter who is the loser amongst them.

(45)

پَاسْ دَمَامے، چھت سِرْ، بھیرِیْ، سَڈْوْرْڈْ
جَائے سُتّے جِیرَانْ مِیں، تھے اِے یتیمَانْ گڈ

لفظی تشریح:۔

(۱) دَمَامے: نقارے، نوبت۔ (۲) چَھتْ سِر: یعنی سر پر چھتّر۔ (۳) بھِیرِیْ: باجہ،

نفیری۔ (۴) سَـــدُو: سرتال کی آوازوالے۔ (۵) رَڈ: بھٹ، قصیدہ گو، شاعر۔ (۶) جِیْـرَان: پڑوس، ہمسائیگی، ہمسایہ (۷) تھیے ایے: ہوگئے۔ (۸) یتیـمـاں: بہت سے یتیم، (یتیم کی جمع یَتَـامٰـی، یتیماں دونوں ہوسکتی ہیں اوروزن ''اتیاں'' کی طرح ہے لیکن ''ایتماں'' نہ عربی جمع ہے نہ فارسی بلکہ غلط ہے البتہ اَیتَام جمع ہوتی ہے مگر ''اتیماں'' بر وزن یتیماں اور یتاماں (یتامیٰ) بالکل سِکھی پیداوار ہے!)۔ (۹) گَـڈ: گڑھے گئے، گاڑھ دیئے گئے دفن کردیئے گئے۔

اُردو:۔

کتنے ہی بادشاہ ہوں گے جن کے پاس نقارے، سر پر سایہ کے لئے چھتر، باجے والے، گانے والے اور قصیدہ گو ہوتے تھے آخرکار یتیموں کے ساتھ دفن ہوکران کے پڑوسی بن گئے (موت سب کیلئے، سب کو یکساں بنانے والی اور کسی کو محروم کرنے والی نہیں ہوتی۔)

عربی:۔

إن أصحاب السلطة والجاه من الملوك الذين كان معهم اصحاب الدفوف وعلى رؤسهم العرائش ولديهم المطربون والمادحون من الشعراء والحاشية قد قضى عليهم الموت فدفنوا واستراحوا فى مكان خامل فى جيران اليتامى والمساكين فسوى الموت بينهم جميعا!

فارسی:۔

شہنشاہان بودند کہ بسیار اصحابِ دفوف وچترہا برسر، ومطربان ومغنیان ومدح گویان داشتند ولے مرگ ایشاں را فنا کرد ودر مقابر یتامی ومساکین دفن شدند ومرگ برہمہ مستولی وغالب شد وہمہ را یکسان ساخت!۔

English:

Many a king had bands canopies on their heads, singers, musicians, poets and courtiers to laud and amuse them! Death levelled all of them with the orphans and the poor in an unknown place in graveyard!

(46)

کُوٹھے مَنْڈَپْ مَاڑِیَاں، اُسَارْدِے بھی گئے
کُوڑَا سَوْدَا کَر گئے، گورِیں آئے پَئے

لفظی تشریح:۔

(۱) کوٹھا: مکان، کمرہ، رہائش۔ (۲) مَنْڈَپ: حویلی۔ (۳) مَاڑِیْ: اونچا محل۔ (۴) اُسَارْنَا: مکمل کرنا، اونچا کرنا، تعمیر کرنا۔ (۵) کُوْڑَا: جھوٹا۔ (۶) گورِیں (گور: قبر): قبروں میں۔ (۷) آئے پئے: قبروں میں ڈال دیئے گئے!

اُردو:۔

جولوگ مکانات، حویلیاں اور محلات مکمل کرتے تھے وہ بھی رخصت ہو گئے، یہی تو تھے جنہوں نے جھوٹا کاروبار کیا تھا، پھر قبروں میں آ کر دفن ہو گئے! (تمام تر دنیاوی دھندوں میں ہی پڑا رہنا پسندیدہ بات نہیں، ٹھوس اور پسندیدہ بات یہ ہے کہ آخرت سنوارنے کیلئے نیک کام کئے جائیں، اللہ کی عبادت اور ذکر کیا جائے۔)

عربی:۔

إن الذين بنوا قصورا عالية و دورا واسعة قد كانت نهايتهم الموت، إنهم اشتغلوا بتجارة كاذبة و خدعتهم زهرة الحيوة الدنيا فأودت بهم إلى المقابر حيث دفنوا (مفاخر الحياة الدنيا ومفاتنها تنتهى بالإنسان إلى القبر الموحش!)

فارسی:۔

آناں کہ بنا کردند منزلہا و دارہا و قصرہا دریں دنیائے فانی، کارشاں باطل و بے سود بود، ورفتند ازیں جہاں سوئے مقابر تہی دست و محروم و ہیچ کس از ایشاں خبرے نداد کہ چساں رفتند و چرا آمدند!

English:

Those who built the manor-houses, the castles and palaces, they could achieve nothing for their life after death. For all these monuments are of vain pursuit and false business! They just went

their ways to the graveyard while their hands were empty and were deprived of !

(47)

کھنتھڑ میخاں اَگلیاں، جِند نہ کائی مِیخ
واری آپو آپنی، چلّے مشائخ شیخ

لفظی تشریح:۔

(۱) کھِنتھڑ: گودڑی، مراد وہ جسم ہے جو اس گودڑی کے اندر ہے۔ (۲) اگلیاں: ان گنت، بے شمار۔ (۳) جِند: روح۔ (۴) کائی: کوئی۔ (۵) میخ: کیل۔ (۶) واری آپو آپنی: یعنی اپنے اپنے نمبر پر، اپنی اپنی باری پر۔ (۷) چلے: رخصت ہوگئے۔ (۸) مشائخ: شیخ کی جمع ہے، مراد بڑے عالم اور بزرگ۔

اُردو:۔

گودڑی کے اندر جو انسانی جسم ہے وہ بہت سی میخوں میں جکڑا ہوا ہے (یعنی پابندیوں میں بند ہے) جبکہ روح ان جکڑ بندیوں سے آزاد ہے۔ بڑے بڑے بزرگ بھی اپنی اپنی باری موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں، موت کا وقت ہے جو آگے پیچھے نہیں ہو سکتا۔

عربی:۔

کم من عضو یضمه جسد الإنسان (من الأیدی والأرجل والمعدة والأمعاء الخ) الذی یشده المئات من الأوتاد (أو القیود) وأما الروح فلا یشده وتد أو حبل فهی حرة طلیقة تفارق الجسد إذا حان موعدها لا فرق فی ذلك بین الکبیر والصغیر فالکل ذاهب حسب نوبته و دوره وحتی شیخ المشائخ!

فارسی:۔

جسم انسانی مرکب است از اعضاء واین عضوها مقید و مربوط هستند با یکدیگر از بسیار میخهائے وأما روح انسانی مقید و محبوس نباشد و می تواند که پرواز بکند و قالب را تہی کند چنانکه مقدر و مبرم است!

English:

This human body of ours is made of a thousand parts which are tied and dovetailed together. But the soul is one solid piece. It has no parts dovetailed. All the human beings whether big or small, king or commoner, the sinner or the saint...all are to die and leave this world. They will have to return to dust and burried in the graveyard!

(48)

دُوھِیں دِیوے بَلَندِیاں، ملک جو بیٹھا آ

گڑھ لِیتا، گھٹ لُٹیا، دِیوڑے گیا بُجھا

لفظی تشریح:۔

(۱) دُوھِیں: دونوں۔(۲) دیوے: چراغ، مراد آنکھیں۔(۳) بَلَندیاں (بلن سے) جلتے ہوئے روشن ہوتے ہوئے۔(۴) ملک: فرشتہ، عزرائیل۔(۵) گڑھ: قلعہ۔ (۶) لیتا: لیا، فتح کیا۔ (۷) گھٹ لٹیا: دل لوٹا۔(۸) دیوڑے (دیوے کی تصغیر) چھوٹے چراغ، آنکھیں۔

اُردو:۔

دونوں آنکھوں کے چراغ جل رہے تھے، موت کا فرشتہ جو آ کر بیٹھ گیا، اس نے جسم کا قلعہ فتح کیا۔ سینے میں سے دل لوٹ لیا اور جاتے ہوئے آنکھوں کے چراغ بھی گل کر گیا (یہ موت کا منظر ہے۔سب کے سامنے فرشتہ آ کر جان نکال لے جاتا ہے مگر کوئی اسے روک نہیں سکتا!)

عربی:۔

مصباحان اثنان من العينين يكونان مضيئين فيأتي ملك الموت ويجلس بين أيدى الناس ليقبض روح الراحل فينتصر على البدن وينهب القلب والصدر حين ينزع الروح وحين يغادر يطفئ المصباحين من العينين!

فارسی:۔

چشمہائے انسان بمنزلہ دو چراغہا ھستند کہ روشن و منیر باشند، ملک الموت می آید و بنشیند نزد شخصے کہ قریب الموت است، آن ملک جسم انسانی آن را کہ بمنزلہ حصن باشد مغلوب و مفتوح ساز دو دل مردم را بگیرد و چوں می خواہد کہ روانہ شود ہر دو چراغ را بکشد و می رود! (منظرۂ مرگ است کہ شاعر او راصورت گری کردہ است!)

English:

The Angel of Death raided the fortress of the body, razed the walls and sacked the heart. When he wanted to return, he extinguished the lamps of both the eyes!

(49)

وِیکْھ کَپاھے جو تھیَا، جو سِرْ تھیَا تِلاں

کَماِدے اَزْ کاگَدِے، کُتِّے، کُوئِلیَاں

مَنْدِے عَمَلْ کَرینْدِیَا! اِیہْ سَزا تِنْھَاں

لفظی تشریح:۔

(۱) کپاھے: کپاس کو، کپاس کا۔ (۲) تھیا: ہوا۔ (۳) کمادے: نے شکر کو، نے شکر یا کماد کا ہوا۔ (۴) اَزْ: یہ لفظ اور (حرف عطف) کی پرانی پنجابی شکل ہے۔ (۵) کاگدے: کاغذ کو یا کاغذ (کا ہوا)۔ (۶) کُتّے: کُنّی چھوٹی ہنڈیا، کُنّا: بڑی ہنڈیا جسے پنجابی میں کُنوا بھی کہتے ہیں۔ (7) کوئلیاں: یعنی جو کوئلوں کو ہوا یا کوئلوں کا ہوا۔ (۸) مندے: برے، خراب، ناپسندیدہ۔ (۹) عمل کرینديا: اے عمل کرنے والے۔ (۱۰) تنھاں: انہیں، ان کو۔

اُردو:۔

دیکھ لے کہ کپاس (کو بیلنے میں بیلتے وقت) کیا ہوا (گھانی میں پیلتے وقت) تلوں کا کیا ہوا، کماد کاغذ اور ہنڈیا کا کیا بنتا ہے، کوئلوں کو (کس طرح جلاتے ہیں) اے بُرے عمل کرنے والے انسان! دیکھا (ان سب چیزوں کو برا ہونے اور برا کرنے کی) یہ سزا ملی ہے (اس لئے اپنی سزا کا بھی انہی پر قیاس کر لے۔

اگر تو بداعمالیوں سے باز نہ آیا تو ایک دن تیرا بھی یہی حشر ہوگا!)۔

عربی:۔

إن الأعمال السيئة الشريرة هي التي سيعاقب عليها الإنسان! أفما ترى القطن و السمسم و قصب السكر و الكاغذ أو الورق و القدر و الفحم كيف يعاملها الناس؟ فالبعض منها تعصر بالمعصرة عصارة و تعذب عذابا، كما أن القدر و الفحم يسودان كل شيء تسويدا و من ثم يكرههما الناس و يبغضونهما فانظر أيها الإنسان الذي يرتكب الأعمال السيئة القبحية! لا تأمن على نفسك من العقاب!

فارسی:۔

اے کسے کہ اعمال بد می کنی بیں کہ قطن و سمسم و کماد و کاغذ را چساں در معصرہ می افگند وعصارۂ آنہا می کشند وہمچناں قدر و فحم است کہ ہر جا کہ باشند ہر چیز را سیاہ می کنند و بدیں سبب مردمان آنہا را ہم نمی پسندند!

English:

Can you learn a lesson from the plight of lint, linseed, sugar-cane, paper, coal and earthen kettle! All of them have suffered due to their evil nature, obstinacy and bad effects on other things. The same will be the fate and plight of all the evil doers!

(50)

کَنْدھ مُصَلَا، صُوْف گُلْ، دِلْ کَاتِیْ، گرْ وَات

بَاھَرْ بِسّے چَانَنا، دِل اندھیاری رات

لفظی تشریح:۔

(۱) کَنْدَہ (کَنْدھ): کندھا، (پیچھے گذر چکا ہے)۔(۲) مصلی (مُصَلَا) جانماز۔

(۳)صُوف: اُون۔(۴) گل: گلے میں پہنے ہوئے۔(۵) کاتی: چھری۔(۶) وات: کھلا منہ۔
(۷) دسّے: نظر آئے۔

اُردو:۔

کندھے پر جانماز ہے، صوفیانہ لباس ہے، دل چھری ہے، منہ میٹھا ہے، باہر سے روشن مگر دل اندھیری رات کی طرح کالا! (یہ ریاکار و مکار صوفیوں پر تنقید ہے)۔

عربی:۔

(النفاق والرياء من الرذائل المبغوضة المكروهة وأهلها مبغوضون مكروهون عند الله وخلقه جميعا! وهى أخطر الرذائل وأهولها) المتصوف المنافق المرائى تراه وعلى كتفه سجادة و قدلبس الصوف وقلبه سكين ومقراض ولسانه أحلى من السكر وظاهره مجلى مضئ ولكن قلبه أظلم وأسود من الليل المظلم الحالك!

فارسی:۔

اینک است صوفی مکیر ومنافق کہ بر کتفش سجادہ باشد وصوف زیب تن کردہ است، ولے دلش چوں سکین ومقراض است! ظاہرش روشن ونیک باشد ولے بباطن دل سیاہ دارد کہ سیاہ تراز شب تاریک باشد!

English:

(This is the pen picture of a hypocrite and dissembler Sufi in the words of Baba Fareed) He has a prayermat on his shoulder, woolen robe on his body, his heart is like a dagger, his talk is sweet outwardly very enlightened but his soul is darker than the darkest night! He is a cheat and deceitful!

(51)

رَتِی رَت نہ نِکلے، جے تَنْ چِیرے کُوئے
جو تَنْ رَتّے رَبْ سِیُوں، تِنْ تَنْ رَتْ نہ ہُوئے

لفظی تشریح:۔

(۱) رَتِی: سرخ، تھوڑا، رتی بھر۔ (۲) رَتْ۔ خون، رتی رَت: کے دو معنی ہوئے، سرخ خون، تھوڑا سا خون، رتی بھر خون، یہاں یہی آخری معنی زیادہ مناسب ہیں۔ (۳) تَنْ: بدن، جسم (۴) سِیُوں: کی وجہ سے، کے سبب، ساتھ، طرف سے۔ (۵) تِنْ: اس، اس کا، وہ۔

اُردو:۔

رتی بھر خون نہیں نکلے گا، اگر کوئی جسم کو چیر کر دیکھے، کیونکہ جو جسم اپنے رب کے رنگ میں رنگا گیا (عشق الٰہی سے سرخ رو ہو گیا) اس جسم میں خون نہیں رہتا۔ (مجازی عشق والے مجنوں اپنی لیلاؤں کے فراق میں صرف ڈھانچے رہ جاتے ہیں تو جو اپنے رب کے عشقِ حقیقی میں اور فراق کے درد و غم میں سب کچھ قربان کر کے بابا فرید بن جائے اس کے بدن میں تو پھر رتی بھر بھی خون واقعی نہیں ہوگا۔ یہ بات بابا جیؒ کے حسب حال ہے اور سکھ گرو "مرداس صاحب" نے جو جواب دینے کی کوشش کی ہے اس سے کچھ بات بنی نہیں اس لئے اسے قلمزد کرنا ہی مناسب لگتا ہے!)

عربی:۔

لو شققت جسد الزاهد المتبتل الفاني في حب الله جل جلاله لما وجدت فيه قطرة من الدم، وذلك لأنه قد فني في حب الله وفاز برضاه، ومن ثم زهد في الدنيا ونعيمها، وأعرض عن الأكل والشرب، ومن ثم لم يبق في بدنه قطرة من الدم (كما حدث مع الشيخ فريد نفسه رحمه الله! فالولي الخاشع الخاشي المتخشع ينسى كل شئ سوى الله عزوجل وحتى نفسه والمتعة بنعيم الدنيا!)

فارسی:۔

زاہد متبتل کہ جز عشق خدا چیزے نمی پسندد و خود را در راہ خدا فنا می سازد، خوردن و نوشیدن را ہم فراموش کند و در بیابانہا فقر و فاقہ می کشد و لاغر شود، و آخرش جز استخوان چیزے نماند! (واین چنیں بابا فرید ہم بودے)

English:-

The body of a true saint will not yield a single drop of blood even if you cleave or tear it! The reason is that the true saint is the true lover of Allah Almighty and forgets everything for His love and pleasure, even the food and water. (Such is the fate and plight of a true saint).

(52)

سُوئی سَرُووَرْ ڈھونڈھ لهه، جِتُھوں لَبھّیْ وَتْهٔ
چَهپڑ ڈھونڈے کیا هُووے، چِگڑ ڈُبےّ هَتْهٔ

لفظی تشریح:۔

(۱) سوئی: وہی، ایساہی۔ (۲) سَرُووَرْ: (املائی شکل سَرُ وَرْ بھی ہے) صاف تالاب: صاف پانی والا تالاب (چھپڑ، اسکا مقابل ہے یعنی گندے پانی والا جوہڑیا گڑھا۔ (۳) لَهه: لے، لے لو۔ (۴) جتھوں: جہاں سے (۵) لبّھی: تجھے ملے، تجھے حاصل ہو۔ (۶) وَتھ: موتی، پانی سے دستیاب ہونے والی کوئی اچھی چیز۔ (۷) چھپڑ: جوہڑ، چھوٹا تالاب یا گڑھا (۸) چھپڑ ڈھونڈے: اگر کوئی جوہڑ میں ڈھونڈے (۹) چکڑ: کیچڑ، (۱۰) ڈُبے: ڈوب جائے، بھر جائے۔

اُردو:۔

کوئی ایسا ہی صاف پانی والا تالاب تلاش کر لے جہاں سے موتی یا اچھی چیز حاصل ہو سکے، بھلا گندے پانی والے جوہڑ میں سے کوئی کیا ڈھونڈے؟ وہاں تو کیچڑ میں ہاتھ ہی ڈبونے والی بات ہے۔ (کوئی اچھا انسان اور اعلیٰ مرشد تلاش کرنا چاہیے جہاں سے علم و معرفت کے موتی یا کچھ نہ کچھ قیمتی چیز حاصل ہو ہی جاتی ہے، گھٹیا اور گندے آدمی سے کیا لینا جہاں سے سوائے گندگی اور غلاظت کے کچھ بھی میسر نہیں آ سکتا!

بقول علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ:

''بوسہ زن بر آستانِ کاملے'' (یعنی کسی مرشد کامل کی چوکھٹ کو ہی چومو!)

عربی:۔

ابحث عن بحيرة واسعة الاطراف، المتلاطمة بالمياه النقية، حيث

تـجـدالـجـواهر واللآلی! ماذا تبحث فی برکة حقیرة ذات الماء الکدر حیث لن تجد فیها غیـر الـوحل والوسخ الذی یلطخ الأیدی وینجسها! (ابحث عن الإنسان النبیل والمرشد الـجـلیـل حیـث تـجدالعلم والوعظ وأعرض عن الرجل الدنی الخسیس الذی لا یعطیك شیئا غیر الرذائل و القبائح)

فارسی:۔

باید کہ درتلاش محیط صاف وشفاف می باشی کہ درو جواہر ولآلی می یابی! چہ می جوئی دریں تالاب آب ناپاک کہ جز لجن ووہ چیزے ندارند! (حذر کن زصحبت مردمان ناپاک وراہ پاکان بگیر کہ گوہر مقصود رایابی چنانکہ اقبال گفت:

(بـوســہ زن بـر آسـتـان کـامـلـے!)

English:-

You should seek oceans of pure water so that you may be able to find the valuable pearls. Leave these turgid pools of muddy water which will not provide you except mud and slime!

(53)

نَنڈِھـیْ کَنـتْ نہ راوِیُو، وَڈِیْ تِھیْ مُوئِی اُسْ

دَھـنْ کُـکِینْدیْ گورْ مِیں تِے شَوہْ نـہ مِلْ اُسْ

لفظی تشریح:۔

(۱)نـنـڈھـی (نِڈ ھی): نوعمرلڑکی، جوان دوشیزہ۔(۲) کَـنْـتْ :شوہر۔(۳) راویـو (راویـا) :رجھایا، راضی کیا۔(۴) وڈی تھی : بڑی ہوئی، بوڑھی ہوگئی۔(۵) موئی اُسْ :وہ مرگئی، اسے موت آگئی۔(۶) دَھنْ :عورت۔(۷) کـکیـنـدی(کـو کیندی) :روتی ہے، چیختی ہے۔(۸) گور : قبر۔(۹) تِے :کہ، اسے۔(۱۰)شَوہ :مالک، شوہر، ربّ(۱۱)نہ مل اُس :اسے نہ ملا۔

اُردو:۔

جوانی میں تووہ شوہر کو راضی نہ کرسکی، بوڑھی ہوکر مرگئی، عورت قبر میں روتی چیختی ہے کہ اسے شوہر نہیں ملا، (بوڑھا زندہ درگور ہونا چاہے، جوانی میں نیکی کی توفیق نہ ہوسکی اب بڑھاپے میں رونا دھونا پچھتانا کیا

فائدہ!!)

عربی:۔

اِن الفتاة فی شبابها لم توفق فی استرضاء زوجها الحبیب (أی لم یعبد الإنسان فی شبابه ربه الخالق!) فإذا کبرت عبثا حاولت استرضاءه فیئست فوصلت إلی قبرها فأخذت تندم و تصرخ وتحن إلی زوجها الحبیب، ولات حین مناص! (الزهد والتعبد فی الشباب سنة الانبیاء علیهم السلام وأما فی الهرم والشیخوخة فالکل یتزهد ویتعبد، وفی الحدیث الشریف: ما بعث الله نبیا إلا شابا والخیر کله فی الشباب!)۔

فارسی:۔

درعہد برنائی شوہرخودش را نتوانست کہ راضی کند ولے چوں پیر شد جز مرگ چارہ نماند وقتیکہ در قبرش رسید زار بگریست کہ شوہر خودش را نمی یابد ولے آرزو دارد کہ آں را راضی بکند (در عہد شباب انسان غافل شود و خالق خودش را راضی نمی کند، وچوں پیر شود و وقت مرگ خدا را یاد گیرد ولے ایں وقت توبہ ہست نہ وقت استرضاء!)۔

English:-

In her youth, she could please her spouse and win over him but she did not bother about that. When she became old and was about to be placed in the grave, she lost hope and began to weap and cry. But all in vain! (The man while he can please his Allah Almighty, he loses the chance but in old age, he becomes pious and repents on his past).

(54)

سِر پَلْیا، ڈاڑھی پَلِی، مُچّھاں بِھی پَلْیاں
رے مَن گیھلے باولے، مائیں کیا رَلْیاں؟

لفظی تشریح:۔

(۱) پَلیا:(اسی طرح پلی اور پلیاں بھی) پَلَن (پلنا، پک کر تیار ہونا، مراد سفید ہونا) سے مشتق

صیغۂ ماضی ۔یعنی سر، ڈاڑھی اور مونچھوں کے بال سفید ہو گئے ہیں۔(۲) دِرے :ارے!۔(۳) گیَهـلـے : غافل، نا سمجھ، نادان۔(۴) بـاولا: دیوانہ، پگلا!۔(۵) مـانیں :مناتا ہے، لطف اٹھاتا ہے،''موج مانَن پنجابی میں عیش کرنے کو کہتے ہیں۔(۶) رَلیـاں : خوشیاں، عیش و عشرت کرنا، اُردو میں یہی لفظ رنگ (رنگ رلیاں) کے سابقہ کے ساتھ اسی معنی میں آتا ہے۔

اُردو:۔

سر، ڈاڑھی اور مونچھیں سب پک کر سفید ہو چکی ہیں۔تو اے نا سمجھ دیوانے دل! اب کیا موجیں کرتا اور خوشیاں منانا چاہتا ہے (یعنی بڑھاپا آجانے کے باوجود بھی بچپن اور جوانی کی دیوانگی سے باز نہیں آرہا۔شیخ شیراز نے بھی تو بابا جی کی طرح خود کو سرزنش کرتے ہوئے کہا تھا:

چہل سال عمرِ عزیزت گذشت
مزاج تو از حال طفلی نہ گشت!

عربی:۔

قد أينع شعر رأسك ولحيتك وشاربك وابيض، فقل لی ايها الفؤادُ الغافل الماجن ماذا تبقّى لك من الفرحة والفرجة فی هذه الدنيا الفانية! (قدولى شبابك وحان الهرم و ابيباض الشعر خير واعظ يمنع الإنسان من التهالك على اللهو واللعب والنزهة والمتعة فی العاجلة)۔

فارسی:۔

موئے سرت وریشت وشاربت تمام سپید گشتہ ولے دلت کہ غافل و دیوانہ است، ہنوز در تلاش شادی و نشاط است! (عمردراز گذشت و پیر شدی و لے ہنوز می خواہی کہ از حیات طفلی و شباب باز نیائی! و ایں قول بابا فرید مثل قول سعدی است:

چهل سال عمر عزيزت گزشت مزاج تو از حال طفلی نگشت

English:-

The head, the beard and the moustaches all look snowy white yet you are so neglectful that you have not changed your mind yet! You are still after luxury and pleasure!

(55)

کوٹھے ڈھگن: کیٹ ڑا، پر نیندڑی نواڑ
جو ڈینہ لدھے گان وین، گئے ولاڑ ولاڑ

لفظی تشریح:۔

(۱) کوٹھے: (کوٹھا) کمرہ مراد مکانوں کی چھتیں ہیں۔(۲) ڈھگن: آپہنچنا، دوڑنا، اچھلنا۔(۳) کیت ڑا (کیت ڑا): کب تک، تا بکے، کتنے تک (۴) پر: پیاری، میٹھی۔ (۵) نیندڑی: نیند، سونا۔(۶) نواڑ: نوار، سوت کا موٹا کپڑا، فیتہ جس سے پلنگ بھی بنے جاتے ہیں، دیگر کام بھی لئے جاتے ہیں۔(۷) (ڈِہ ن ہ) ڈینہ: دن۔(۸) لدھے: ملے، پالئے، میسر آئے۔ (۹) گانویں (گان وِے ن): گنے ہوئے، گنتی کے چندروز۔ (۱۰) ولاڑ: گذرتے، چلتے ہوئے، بیت گئے۔

اُردو:۔

یہ مکانوں کی چھتوں پر طفلانہ انداز میں اچھل کود کب تک اور نوار کے نرم بان پر یہ میٹھی نیند کب تک چلے گی؟ گنے ہوئے چند دن ملے تھے وہ یونہی دوڑتے بھاگتے بتادیئے؟ (وقت کا ضیاع عمر کا ضیاع ہے، یہی انسان کا سب سے بڑا نقصان ہے مگر کون ہے جو اس حقیقت کا ادراک کرسکے؟)

عربی:۔

اِلی متی هذا اللهو واللعب والعدو والرقص كالاطفال فوق سطوح المنازل؟ واِلی كم هذا النوم كالغافل على الأسرّة المريحة المنسوجة من نسيج القطن؟! (اِضاعة الوقت إضاعة الحياة فالنائم الغافل والمستريح المتكاسل يخسر، فالوقت ماض والعمرفان، والموت آت!!)

فارسی:۔

چند تا این لہو ولعب ورقصیدن وشتافتن بر بام خانہ ہائے چوں کودکانِ نادان؟ وتا بکی این خوابیدن واستراحت نمودن بر بستر ہائے نرم ومریح؟ نمی دانی کہ ایں حیات مستعار چندروز ہست وبسرعت واستعجال می گذرد؟ چرا این ایام بے بہار اضائع می کنی واز انجام این غفلت واہمال بے خبری؟

English:-

How long this jumping and playing on the roofs of the houses like careless children? And for how long this restful sleep which is taking away your precious time of numbered days? (Be careful and do not waste your time!)

(56)

کوٹھے مَنڈپ مَاڑیاں، اِیث نَہ لائیے چِت
مَٹی پَئی اَتولوِیں، کُوئی نَہ ھُوسِی مِت

لفظی تشریح:۔

(۱) منڈپ: لمبی چوڑی جگہ والا ہال کمرہ، ماڑی: کئی منزلہ اونچا محل، دونوں الفاظ بلکہ تینوں الفاظ: کوٹھے، منڈپ، ماڑیاں، اکٹھے لائے ہیں۔ مقصود لمبے چوڑے اونچے مکانات ومحلات ہیں۔ (۲) اِیث، دولفظ ملے: ایہہ تسے: یعنی اس پر، ان پر، پھر مخفف بنا کر اِیث بولا گیا۔ (۳) چت (چیت، چیتا): سب کا مفہوم دھیان، توجہ، دل ہے۔ (۴) اتولویں: یہاں الف نفی اور سلب کیلئے ہے یا (ان تو لویں) کا نون حذف ہے جیسے عربی میں بھی ہمزہ یا الف سلب کیلئے آتا ہے۔ (۵) ھوسی: ہوگا، ہونا سے مستقبل ہے۔ (۶) مِت: (یہ بھی میت اور متر کی ایک شکل ہے) دوست، خیر خواہ، غمخوار، مونس۔

اردو:۔

لمبے چوڑے اونچے محلوں اور مکانوں پر دھیان نہ دیا جائے، بے حساب وزن کی مٹی اوپر پڑ جائے گی اور قبر میں کوئی غمخوار ساتھی بھی نہ ہوگا (صرف نیک عمل ہی ساتھ جائیں گے اس لئے نیکی اور بھلائی کے کاموں پر دھیان دیا جائے، دنیاوی مال واسباب یہیں رہ جائیں گے۔)

عربی:۔

لاتهتم بهذه المنازل والدور والقصور التى ستتركها وتفارقها وستنزل إلى قبرك الذى ليس لك فيه رفيق ولا أنيس وإنما سيهيلون عليك التراب الذى لا يعرف له وزن ولا حساب! (فخل الدور و القصور "وإلى ربك فارغب")۔

فارسی:۔

منہ دل برین خانہ ہاوکاخہاۓ بلند وکوشکہا قشنگ ، وبگذار اینہارادر بوتہ اہمال وفراموشی زیرا کہ اینہا ہمہ عالم ناپائیدار ہست، چوں تو درقبر باشی ہیچ چیزے ازآنہا مونس وغمگسار تونخواہد بود (منہ تکیہ برعالم ناپائیدار!)

English:-

Do not love the high houses, the vast villas and the big palaces as these all are trivial things and will not be of any use for you, when you shell die and buried in a lonely grave under the unknown and unweighed dust, where you shall not find any friend and companion there!

(57)

فریدا مَنڈپْ مَالْ نَہ لا، مرْ گسْتانِے چِتْ دَھر
سَائی جَائے سَمَھالْ، جِتّھے اِیْ تُوںْ وَنْجھْنَا

لفظی تشریح:۔

(۱)منڈپ: ایوان، ہال۔(۲) مَال :دولت ۔(۳) نہ لا : دل مت لگا۔(۴) مر گستان : مرنے والوں کی جگہ، قبرستان (پرانی پنجابی میں اب بھی قبرستان کو گستان اور مرگستان کہتے ہیں) ۔ (۵)چت دَھرْ :دھیان دے،توجہ کر۔(۶)سائی(اور سا ای) :اسی ،وہی ،جس جگہ۔(۷)جائے :جگہ۔ (۸) سمھال: سنبھال۔(۹)جتھے ای: جس جگہ بھی۔(۱۰) توں ونجھنا: تونے جانا ہی ہے۔

اُردو:۔

اے فرید! تو کھلے ایوانوں اور مال ودولت پر دھیان نہ دے، قبرستان پر توجہ مرکوز رکھ، وہی جگہ سنبھال لے جہاں تو نے ہر حال میں جانا ہی ہے۔

عربی:۔

یجب علیك أن لا تحب الردھات والثروات بل علیك أن تحب المقابرو تھتم بھا اھتماما بالغا وترکز أنظارك علی المکان الذی لا محالة أنت ذاھب اِلیه (قصور

الدنيا وثرواتها لا تنفع أهل الله وإنما يهمهم المقابر حيث يستريحون إلى يوم القيامة!)

فارسی:۔

منہ دل برایوانہائے وسیع وعریض واموال واسباب، بجائے آن دل خودت را بر آرامگاہ آخرت بند، وآن جا رانگہدار کہ منزل آخرین تو باشد!

English:-

Do not concentrate your attention on building big halls and accumulating wealth! But instead, pay your full attention to the graveyard. Protect and preserve the place where there you till have to go and rest till the day of judgement!

(58)

جِنھیں کمیں ناھیں گُن، تے کمڑے وسار

مت شرمندہ تھیویں سائیں دے دربار

لفظی تشریح:۔

(۱) جنھیں کمیں : جن کاموں میں۔(۲) گُن: خوبی، فائدہ، اچھائی۔(۳) کمڑے (کم کی تصغیر وتحقیر ہے): چھوٹے اور حقیر کام، ذلت والے کام۔(۴) وِسار : بھلادے، چھوڑ دے۔(۵) تھیویں: ہوئے گا، ہوجائیگا، ہونا پڑے گا۔(۶) سائیں: مالک، آقا۔(۷) مت: کہیں ایسے نہ ہو۔

اُردو:۔

جن کاموں میں کوئی اچھائی یا خوبی نہیں ہے، انہیں بھلادے، کہیں ایسا نہ ہو کہ تجھے اپنے مولیٰ کے حضور قیامت کے روز شرمندہ ہونا پڑے!

عربی:۔

إن الأعمال التى لا تنفع ولا تفيد فى شئى هى أعمال تافهة حقيرة، فعليك أن تعرض عنها إعراضا وتنساها لكى لا تخجل بين يدى الله ولا تندم أمامه يوم الحساب!

(إن الله سبحانه وتعالىٰ يحب الأعمال المجيدة المهمة البناءة فاهتم بها وأهمل التوافه من الأمور!)

فارسی:۔
کارہائے حقیر و۔بےقابلیت را ترک کن و فروگذار، مبادا کہ روز حشر شرمسار و مضطرب باشی در روئے پروردگار خود!

English:-

Forego and forget the deeds and acts which are so small and trivial that have no use and benefit at all! Lest you are ashamed in the presence of Almighty Allah on the day of judgement!

(59)

صَاحِبْ دِیْ کَرْ چَاکِرِیْ، دِل دِیْ لاہْ بَھرَانْدْ
دَرْوِیْشَاں نُوں لُوڑْ ھے، رُکھّاں دِیْ جِیْرَانْدْ

لفظی تشریح:۔

(۱) صاحب: مالک، آقا، ربّ۔(۲) چاکری: خدمت، نوکری، عبادت۔(۳) لاہْ: اتارے دے، دور کردے۔(۴) بھراند: بوجھ، کھوٹ، میل، وسوسہ۔(۵) لوڑ ھے: ضرورت ہے، درکار ہے۔(۶) درویش: فقیر، اللہ والے (۷) رُکھ: درخت۔(۸) لوڑ: ضرورت۔(۹) جیراند: ہمت، حوصلہ، صبر وتحمل۔

اُردو:۔

اپنے رب کی خدمت وعبادت انجام دے اور اپنے دل کا بوجھ اتار دے (اللہ تعالیٰ کے ذکر وعبادت سے اطمینان قلب کا سامان کرلے)، درویشوں اور اللہ والوں کو تو درختوں کے سے حوصلے اور تحمل کی ضرورت ہوتی ہے (درخت سایہ دیتے ہیں، پھل دیتے ہیں، لوگ انہیں پتھر مارتے ہیں اور ان کی شاخیں کاٹتے ہیں مگر یہ پھر بھی کسی کو اپنے پھل اور سایہ سے محروم نہیں کرتے، فقراء اور دراویش کیلئے بھی یہی حوصلہ اور صبر وتحمل درکار ہے!)

عربی:۔

کن خادما مخلصا و عابدا مطیعا لمولاك الجلیل، فلا تعبد الا الله مخلصاله

دينك ، وكن ذلك الدرويش الفقير الذى يتحمل كل شئى فى سبيل ربه مثل الأشجار المثمرة العالية الظلال التى لا تمنع ظلها ولا ثمارها وحتى لمن يقطع فروعها أو يضربها بالأحجار! (فالزاهد الولى من كان لله وحده، طاهر القلب فى سلو كه باسم الوجه فيما يصيبه فى سبيل ربه!)

فارسی:۔

بندۂ خدائے وحدہ لاشریک باش کہ خالق ورازق تست، ودولت راازجملہ وبیخ بارپاک کن زیرا کہ درویش وفقیر مانند درختہائے سایہ داروبردارباشند کہ ازمیوہ وسایہ خویش کسے رامحروم نکنند!

English:-

Obey and worship Your Lord alone! Shed all missings away and purify your heart. Be beneficient like the trees which give shade and fruit to all, even if they cut their branchas and throw stones on them!

(60)

کَالِے مَیْنڈِے کَپْڑِے، کَالا مِیْنڈا وِیسْ

گُنْہیں بَھرِیَا مِیں پِھراں، لُوکْ کَہِنْ دَرْوِیشْ

لفظی تشریح:۔

(۱)مَینڈا: (واحد کیلئے، جمع مَینڈے، اصل میں "میں دا" تھا) میرا۔(۲) ویس : لباس (بھیس کی پرانی پنجابی شکل ہے)۔(۳) گنہیں :(اور گناہیں): گناہوں سے۔(۴)بھریا: بھرا ہوا۔ (۵) پھراں: پھرتا ہوں(۸)لوک:لوگ(۹) کھن: کہتے ہیں۔

اُردو:۔

میرے کپڑے کالے ہیں (اس لئے گویا) سیاہ پوش ہوں۔لوگ مجھے درویش کہتے ہیں حالانکہ میں تو گناہوں سے بھرا ہوا ہوں (باباجی کی تواضع اور انکسار ہے، اہلِ حق کا یہی طریق تھا!)

عربی:۔

إننى أنا فريد الدين مسعود أسود الملابس ولذا عرفونى لابس السواد وأنا ملئ

مثقل بالذنوب و المعاصی، ولكن الناس، رغم ذلك كله، يسموننی درويشا فقيرا ويعتبروننی زاهدا ناسكا! (وهذا فی منتهی التواضع من الشيخ فريد، رحمه الله ، وعلی طريق الملامتة من الصوفية!!)

فارسی:۔

لباس من سیاہ است و بایں سبب مرا سیاہ پوش می خوانند (ولے من میدانم کہ کسم) از معاصی و ذنوب مملوہستم (و بایں ہمہ) مردمان مرا درویش می نامند!

English:-

My clothes are black and the people call me: The wearer of the black robe! But, as a matter of fact, I am sin-laden! The people know me as the saint and, strangely enough, they call me *Darvish*!

(61)

تَتِی تَائِیے نہ پَلْوِے، جے جَلْ ٹُبی دے

فریدا جو ڈھاگن رَبْ دِی، جُھرِیندِی جھورے

لفظی تشریح:۔

(۱) تتی :گرما گرم، جھلسی ہوئی، جلی ہوئی۔(۲) تائِیے :گرم کرے، جلائے، جھلس دے۔(۳) پلوِے :سرسبز کرے، پھلنے پھولنے کے قابل بنائے۔(۴) جے :اگر، خواہ، اگرچہ۔(۵) جَلْ: لہلہاتا پانی، سیلاب، دریا۔ (۶) ٹبی دینا(ٹبھی دینا): غوطہ دینا، ڈبونا، تر کرنا۔(۷) ڈُھاگِن: بدنصیب عورت، مطلقہ، غیر آباد، ٹھکرائی ہوئی (۸) جُھرنا: دکھ بیان کرنا، اپنا غم سنانا، اپنا رونا رونا۔(۹) جھورے :دکھڑے، رنج والم، جھریندی جھورے یعنی وہ اپنے دکھ بیان کرتی ہے، اصل میں ''جھرنا'' کسی بند اور دیوار میں سے تھوڑا تھوڑا پانی نکلتے رہنے کو کہتے ہیں۔غم نصیب عورت بھی ہر وقت اپنے اندر سے دکھ باہر لاتی رہتی ہے۔

اُردو:۔

جلی ہوئی زمین تو گرم کرتی اور جلاتی ہے، پھلنے پھولنے کے قابل نہیں بناتی۔خواہ اسے دریا ہی سے کیوں نہ سیراب کر دیا جائے،(اسی طرح) جو بدنصیب عورت اپنے آقا اور شوہر کی ٹھکرائی ہوئی ہو (جس روح

بدکواللہ تعالیٰ نے بدنصیب بنادیا ہے) وہ تو رو رو کر اپنے دکھڑے ہی بیان کرتی چلی جائے گی (رب کا دھتکارا ہوا انسان ٹھوکریں ہی کھاتا رہے گا!)

عربی:۔

اِن الأرض القاحلة المحترقة تحرق ولا تنبت شيئا، حتى ولو أصابها المطر الغزير أو سيل النهر الجاري، و كذلك المرأة البائسة المطلقة التى هجرها زوجها بعقمها (أى الإنسان العاصىَ المطرود المحروم من رحمة الله و غفرانه) فلم يبق لها شئى من الأمل غير البكاء والندم والتأسف على ماكان من أمرها۔

فارسی:۔

کشتے کہ سوختہ باشد محصول راسوز دو سر سبز نمی کند گر چہ سیل آب آن کشت را سیراب کند و ہمچناں زن بدبخت کہ شوہرش آن راطلاق دادہ باشد (ای انسان شقی از رحمت خدامحروم گشتہ باشد) نیا سائد و حکایات بدنصیب خودش رابیان می کند!

English:-

The burnt land will not be able to make green, it will rather burn even if it is irrigated by the river inflood! Likewise, the wretched woman, divorced by her husband, or a man who has been forsaken by Allah Almighty, will always be complaining of her/his sufferings and the difficulties being faced by her/him!

(62)

جَان کُوَارِیْ تَان چَاؤ، وِوَاھِی تَان مُعَاملے

فریدا اِیھُو پِچُھو تاؤ، وَتْ کُوَارِیْ نه تھِیئے

لفظی تشریح:۔

(۱) جان: جب، جب تک، اگر۔ (۲) کواری: کنواری، غیر شادی شدہ۔ (۳) تان: تب، تب تک، تو (۴) چاؤ: شوق، جوش (۵) وِواہ: بیاہ، شادی، وواھی اور وواھا: جس کی شادی ہوگئی ہو۔ (۶) معاملے: یعنی امورِ زندگی، معاملات، مسائل۔ (۷) ایھو: یہی۔ (۸) پچھو تاؤ: پچھتاوا۔ (۹)

و ت: پھر، دوبارہ۔(۱۰)نہ تھئیے :نہ ہوگی،نہیں ہوگی۔

اُردو:۔

جب تک کنواری رہی (یعنی جب تک روح بذریعہ بدن دنیا میں نہیں آئی تھی) تو بہت شوق اور جذبہ تھا(شادی ہونے کا یعنی دنیا میں آنے کا) بیاہی گئی (جب دنیا میں آ گئی) تو مسائل سے نمٹنا پڑ گیا! فرید!! اب تو وہ (روح) اسی بات پر پچھتائے جا رہی ہے لیکن پھر تو اس نے کبھی کنواری ہونا ہی نہیں۔ واپس اسی پہلی حالت میں جا ہی نہیں سکتا! (یہ جہان، جہانِ سکون وراحت ہے ہی نہیں بلکہ دارالعمل ہے، جہاں انسانی روح حسن عمل کیلئے آئی ہے اور اس حسنِ عمل کی امتحان گاہ میں کامیابی کے بعد ہی اصل جگہ یعنی اللہ تعالیٰ کے جوارِ رحمت جنت الفردوس میں جا سکتا ہے، اس لئے کوئی روح یہاں خوش نہیں رہ سکتی، جو اسے جائے راحت وسکون سمجھے وہ نادان ہے۔ جس نے اسے حسنِ عمل کی امتحان گاہ سمجھا، وہی کامیاب ہوا!)

عربی:۔

کانت تتوق اِلی الزواج توقانا شدیدا حین کانت باکرة، أما بعد الزواج فقد واجهت المشاکل والمتاعب فندمت (الروح الإنسانیة کانت تتوق اِلی الظهور فی الدنیا و حین و اجهت المتاعب ندمت علی ظهورها!) والآن لیس لها اِلا الندم اذ لن تعود اِلیها بکارتها مما ندمت وتضرعت (وکذلك الروح لا بدلها بالاِیمان والعمل بقوله تعالی: خلق الموت والحیاة لیبلوکم أیکم أحسن عملا!!)

فارسی:۔

درعهد دوشیزگی وبکارت آرزوئے شوهرداشت ولے بعد از نکاح، چون مشکلات خانگی را دید پریشان ومضطرب شد، ولے این ندامت وپشیمانی چه سود که مجدداً و بارِ دیگر آن دوشیزگی نخواهد یافت!

English:-

In her maidenhood, she very eagerly wished to be married, but, after the marriage, she found it difficult to pull on and repented with no use, because her maidenhood will never return again!

(63)

كَـلَّـرْ كِيـرِىْ چَھپِـڑِىْ آئـےِ لَتھَـےِ هَـنْـجـهْ
چُنْجُوْ بُوڑَنْ نَـه پِيْوِيـن اُڈَنْ سَنْدِىْ ڈَنْجـهْ

لفظی تشریح:۔

(۱) کلر: شور زمین۔(۲) کِیرِی: راکھ جیسی مٹی، اینٹوں کی بھٹی کی راکھ۔(۳) چھپڑی: چھوٹا سا جوہڑ، گندے پانی کا گڑھا۔(۴)لتھے: (لہنا: اترنا سے ماضی) اترے، بیٹھے۔(۵) ھنجھ: ہنس، ایک آبی پرندہ۔(۶)چنجو: چونچ۔(۷) بوڑن: ڈبوئیں۔(۸)نہ پیویں: پیتے نہیں ہیں۔(۹) اڈن: اڑتے ہیں، اڑنا۔(۱۰)سندی: اڑنے کی۔(۱۱)ڈنجھ: خواہش، آرزو۔

اُردو:۔

ہنس اڑ کر آئے۔ شور اور راکھ والی زمین کے گڑھے پر اترے، وہ اپنی چونچیں ڈبوتے ہیں مگر پیتے نہیں۔ انہیں اڑنے کی آرزو رہتی ہے (اللہ والے ہنس پرندے کی مانند ہیں جو اس آلودہ دنیا میں آکر اترتے تو ہیں مگر دنیا کی آلودہ لذتوں سے لطف اندوز ہونے کے بجائے آخرت کیلئے فکرمند رہتے ہیں)۔

عربی:۔

جاء الإوز العراقی فنزل علی برکة ماء وسخ فی أرض قاحلة مجدبة، إنه یدخل المنقار فی ماء البرکة دون أن یشرب ویتمنی لو تمکن من الطیران بسرعة، ولا یحب أن یبقی طویلا (الإنسان العارف النقی کالإوز العراقی النظیف لا یحب البقاء فی الدنیا وإنما یتوق إلی الآخرة)۔

فارسی:۔

قو فرود آمد و بر کنار برکہ نشست کہ در زمین شور و سوختہ بود، منقارش را فرو برد و لے قطرۂ آب وسخ ننوشید و خواست کہ پرد!

English:-

The swan landed on the shore of a dirty pond in the burnt and saltish land. He hardly had dipped his beak when he desired to fly away!

(64)

هَـنـس اُڈرے کُـودهـرے پِیـا، لُوکُ وِڈارنے جَـائـے
گیهلا لُوک نـہ جانـدا، هَنـس نـہ کُودهَـرا کَهائے

لفظی تشریح:۔

(۱) اڈرے: اڑے، اڑکر (۲) کودھرا: باجرا، باریک دانے والا ایک غلہ۔ (۳) پیا: پڑا، جاگرا۔ (۴) لوک: لوگ۔ (۵) وڈارنے: اڑانے کیلئے۔ (۶) گیھلا: پگلا، بے وقوف۔ (۷) نہ جاندا: نہیں جانتا۔

اُردو:۔

ہنس اڑکر باجرے کے کھیت میں جا بیٹھا، لوگ اسے اڑانے کیلئے گئے (کہ باجرا نہ کھا جائے) مگر یہ پگلے لوگ یہ نہیں جانتے کہ ہنس تو باجرا کھاتا ہی نہیں (کہا جاتا ہے کہ ہنس سمندروں کے موتی کھاتا ہے، یہاں ہنس سے باباجی کی مراد اللہ والے ہیں جو دنیا میں ہوتے ہیں مگر طمع دنیا سے پاک ہوتے ہیں، وہ تو بازار سے گذرنے والے ایسے مسافر ہیں جو خریدار نہیں ہوتے!)

عربی:۔

طار الإوز العراقی فوقع مزرعة الدُّخن، فسارع الناس ليطردوه حتى لا يأكل الزرع، ولكن هؤلاء البسطاء لا يعرفون أن الإوز العراقی لا يأكل الدخن! (وإنما يأكل اللؤلؤ فيما يقال، ويترفع عن بقية المأكولات !! وما دام الشاعر قد استعار الإوز العراقی للإنسان التقی النقی فهو يعنی بأن عباد الله الاتقياء لا يهمهم الدنيا وما فيها وإنما همهم هو رضا الله وقربه!!)

فارسی:۔

پرید قو و در کشت جاورس فرود آمد و مردمان بسوئے کشت تاختند کہ قو را پر انند و لے این مردمان سفہاء نمی دانند کہ قو را با جاورس چیست کہ لآ لی می خورد نہ جاورس (اھل اللہ دنیا را دوست نمی دارند و لے اہل دنیا حمقاء هستند و نمی دانند و اھل اللہ را بر خود قیاس می کنند و گمان می برند کہ ایشان ہم دنیا را دوست دارند!

English:-

A swan came there and landed in a farm of millet. The

people rushed towards it to scare it away lest it picks their grain. But they are fools! They do not realize that the swan does not eat millet as it lives on pearls only!(By swan he means the saints who are not after worldly pursuits.)

(65)

چَلْ چَلْ گَیاں پَنْکھِیاں، جِنھاں وَسائے تَلْ
سَرْ بھَرْیَا بھی چَلْ سی، ٹھکے کَنْوَلْ اِکَلْ!

لفظی تشریح:۔

(۱)پنکھیاں:(پنکھی،پکھو،پکھیرو:پرندہ،پنچھی) چھوٹے پرندے۔(۲)وسائے: بسائے، آباد کئے،رونق لگائی۔(۳) تل:تالاب،جھیل۔(۴) سَرْ:جھیل،بحیرہ۔(۵) چل سی: جائے گا،ختم ہوگا۔(۶)ٹھکے:شان دکھائے،رعب وجلال میں رہے۔ (۷)کنول(کول بھی):لوٹس،نیلوفر، اس سے مراداللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔(۸) اِکل: اکیلا،تنہا،وحدہ لاشریک!۔

اُردو:۔

کتنے ہی پنکھی چلتے پھرتے جاچکے جنھوں نے تالاب آباد کئے رکھے تھے،یہ بھرا تالاب(آباد دنیا) بھی جائے گا۔اکیلا کنول(اللہ تعالیٰ وحدہ لا شریک لہ)رہ جائے گا جو اپنا ٹھکا اور شانِ جلالی دکھاتا رہے گا(ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے صرف اللہ ذوالجلال والاکرام کی ذات باقی رہ جائے گی!)

عربی:۔

قد جاء ت أسراب من الطيور بانواعها المتكاثرة واحد تلو الآخر فاستقرت حول بركة نفسها الماء فعمرتها طويلا ثم طار كل سرب، واحد تلو الآخر، وسوف يأتي يوم تنتهي البركة وتعدم نهائيا يوم القيامة ولن يبقى فيها غير زهرة اللوطس الفريدة (كل شئى هالك اِلا وجه ربك ذو الجلال والإكرام!)

فارسی:۔

گروہائے پرندگان وطیور آمدہ اند و در یاچہ را آباد کردہ اند و رفتہ اند و این دریاچہ کہ پر از آب است۔ ہم خواہد رفت و معدوم ونابود خواہد شد!

English:-

There were many a flock of birds which chirped all around the lake and had their role to play. But the day will come when the lake itself will be finished and vanished. It is the lotus alone who will stay forever!.

(66)

اِٹ سَرھَانے، بُھوئیں سَوَن کِیڑا لَڑیو مَاسے
کِیتْڑے جُگ وَاپْرے، اِکْتُو پِیَان پَاسے

لفظی تشریح:۔

(۱)اٹ: اینٹ (۲) سِرھانے : سر کے نیچے، بطور تکیہ۔(۳)بھوئیں: نیچے، فرش پر۔(۴) سون: سوتا۔(۵) لڑیو: لڑا، لڑ گیا، کاٹ کھایا۔(۶)ماسے: گوشت کو۔(۷) کیتڑے: کتنے۔(۸) جُگ: زمانہ، صدی۔(۹)واپرے: بیت گئے، گذر گئے۔ (۱۰)اکتو: ایک ہی۔(۱۱)پیان: پڑے پڑے، پڑے ہوئے۔(۱۲)پاسے: طرف، پہلو۔

اُردو:۔

(بابا سائیںؒ کو فرش پر سوتے ہوئے کیڑے نے کاٹا تو فرمایا:) اینٹ کا تکیہ بنائے، نیچے سوتے ہوئے کیڑے نے جسم پر کاٹ کھایا (تو خیال آیا کہ مرنے کے بعد) کتنے ہی زمانے بیت جائیں گے ایک ہی پہلو پر سوتے ہوئے (خدا معلوم کتنے کیڑے کاٹتے رہیں گے!!)

عربی:۔

ولقد كنت نائما على الأرض وجعلت من اللبنة وسادة فجاءت حية فلسعتنى فطار بى الخيال فرأيتنى كأنى ميت فى القبر حيث تكون لبنة تحت رأس الميت فى قبره وهو ملقى على الأرض ويلسعه حشرات الأرض من العقارب والحيات فيمضى على ذلك مئات الألوف من السنين وهو ملقى وحيد على التراب!!)

فارسی:۔

یک روز خشت را بالین خود ساختم و بر فرش زمین خفتہ بودم کر مارے آمد و گزید مرا چنانچہ خود را بر

رھوار خیال یافتم و دیدم کہ در گور خود رسیدہ ام، قیاس کردم کہ دریں گور قرنہائے دراز خواہم خفت و بر یک پہلو باشم و نخواہم توانست کہ پہلو را بگردانم!

English:-

I made the pillow of a brick, slept on the ground and was bitten by the snake. But, while in the grave, we will have to lie in the same way and will be bitten in the same way for centuries!.

(67)

بھنّی گھڑیٔ سونْویں، تُٹّی ناگرلَجْ
عزْرَائیلْ فِرشْتہْ کیْں گھر ناٹھی اَجْ

لفظی ترجمہ:۔

(۱) بھنّی: ٹوٹ گئی۔(۲) گھڑی: چھوٹا سا گھڑا یا صراحی، گھڑی۔(۳) سونوی(ون سونی، ون پونی سے): رنگ برنگی، رنگین، حسین۔(۴) ناگر: نازک، حسین۔(۵) لج: رسی(کنویں سے بالٹی کے ذریعہ پانی نکالنے والی رسی)۔(۶) عزرائیل: ملک الموت کا نام ہے۔(۷) کِیں: کس، کونسے۔ (۸) ناٹھی: آنے والے، مہمان۔(۹) اج: آج۔

اُردو:۔

رنگین صراحی ٹوٹ گئی ہے اور کنویں سے پانی نکالنے کے کام آنے والی رسی بھی ٹوٹ گئی ہے (خدا معلوم) موت کا فرشتہ عزرائیل آج کس کے ہاں آنے والا ہے؟ (بعض کا خیال ہے کہ یہ بابا سائیںؒ کا مشاہدہ ہے کہ کہیں رسی ٹوٹتے اور صراحی ٹوٹتے دیکھی اور یہ بدفالی محسوس کی کہ کسی گھر صف ماتم بچھنے والی ہے ہوسکتا ہے غلط نہ ہو۔ لیکن یہ حقیقت بیانی بھی ہوسکتی ہے کہ ملک الموت کے آنے سے کسی حسین کے سانسوں کی رسی ضرور ٹوٹنے والی ہے)۔

عربی:۔

قدانکسرت الجرة الصيغرة الجملية اليوم و انقطع الحبل الواهن الجميل (الذى يجر الجرة من البئر) ولا ندرى فى أى منزل من المنازل قد نزل عزرائيل ملك الموت ضيفا طارقا!؟ (هل البيت وليد المشاهدة أم هو نتيجة التشاؤم عند الشاعر ويمكن أن

یکون الحدیث من باب المعرفة الصوفية فیکون المراد بالجرة البدن وبالحبل النفس ونحن إلی هذا الرأی أمیل)۔

فارسی:۔

جرۂ قشنگ بشکست ورسن نازک ورنگین ہم منقطع می بینیم، این شکست وانقطاع خبر دہد کہ فرشتۂ مرگ عزرائیل امروز خواہد آمد و یکے از خانہ ہا ویران وغمگین خواہد شد!

English:-

The cute and colourful pitcher is broken and the weak drawing rope is snapped. We do not know which of the houses is to be knocked by the Angel of Death today.

(68)

بَھـنِّـی گھـڑِی سَـوَنْـوِیْ، تُـٹّـی نَـاگَـرْلَـجْ

جُوسَجّن بُھوئِیںْ بھـار تھـے سـے کیـو آوِیںْ اَجْ

لفظی تشریح:۔

(۱) سجن: دوست، احباب۔(۲)بھوئیں: زمین میں، قبر میں۔(۳) بھار: بوجھ۔

(۴) سے: وہ۔(۵) کیو: کیوں۔(۶)آویں: آتے ہیں

اُردو:۔

حسین صراحی ٹوٹ گئی اور نازک رسی کٹ گئی۔اب وہ سجن دوست جو زمین کے بوجھ نیچے آگئے بھلا وہ اب کہاں سے آئیں گے؟(یہ شعر اس سے پہلے والے شعر کا اعادہ ہے، نیز اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ بابا فرید سائیںؒ نے وہاں بھی تذکرۂ موت فرمایا ہے جیسا کہ یہاں فرمارہے ہیں، وہ صورتیں جو زیرزمین چلی گئیں جن کی صراحی اور رسی دونوں دنیا سے رشتہ توڑ گئے، روح اپنی جگہ اور جسم زیرِ زمین چلا گیا، اب وہ صورتیں دیکھنے کو ترستے رہو!)

عربی:۔

قد انکسرت جرة الجسد الجمیلة وانقطع حبل النفس أو الروح الواهن ولكن الأصدقاء الأحباء الذين كانوا بالأمس أحياء فوق الارض قد اختفوا تحتها ولن يعود

أبداً! (فلا تزار ولا لقاء بين الأحياء والأموات بعد الموت!)

فارسی:۔

جرۂ قشنگ شکستہ شد ورسن واھن وکم بنیہ گسستہ باشد وآن دوستان کہ بعد از مرگ زیر زمین رفتہ اند

امروز بار دیگر دریں عالم چسان خواہند آمد؟

English:-

The small colorful and the cute pitcher is broken into pieces and the feeble rope is cut! Hence the friends who have gone under the heavy dust will never come to see and visit us again!.

(69)

بےنمازا کُتیا! اِیہہ نہ بھلی رِیت ۲
کبھی چَل نہ آیوں پنجے وقت مَسیت

لفظی ترجمہ:۔

(۱) بے نمازا: اے نماز ترک کرنے والے،تارکِ نماز۔(۲) کتیا : اے کتے کی سی فطرت والے انسان!۔(۳) ایہ: یہ (۴) بھلی: اچھی، پسندیدہ (۵) ریت: رسم، طریقہ، عمل، روش، رستہ (۶) چل نہ آیا: چل کر نہ آیا۔(۷) پنجے وقت: پانچ وقت (۸) مسیت: مسجد

اُردو:۔

اے کتے جیسی فطرت والے تارکِ نماز انسان! تجھے معلوم ہونا چاہیے کہ یہ کوئی اچھی روش نہیں کہ تو کبھی بھی پانچ وقت کی نماز کیلئے چل کر مسجد میں نہیں آیا!۔

عربی:۔

أيها الإنسان الغافل التارك لصلوٰته المكتوبة والذى لم يأت ما شيا يوما إلى المسجد للصلوات الخمس الموقوتة المكتوبة! إن طريقك هذه التى قد اخترته فى حياتك هى ليست طريقة جيدة حسنة!

فارسی:۔

اے مرد غافل کہ بے خبر از نماز خودش، ہستی تو نمی دانی کہ تو مانند سگ ہستی وایں راہے کہ گرفتہ ای راہِ

نکونیست ہیچ وقت ترا توفیق نہ شدے کہ برائے نماز پنجگانہ بمسجد بیائی!!

English:-

You prayerless cursed one! You are just like a wretched dog! The conduct you have adopted not to turn up five times to mosque for the prayer, is not the conduct of a God fearing gentleman?

(70)

اُٹھ فریدا وُضو سَازْ، صُبْحُ نِماز گذارْ
جُو سِرْ سَائیں نہ نویں، سُو سِرْ کَپْ اُتارْ

لفظی ترجمہ:۔

(۱) وضو ساز: وضو بنا، وضو کر لے۔(۲) صبح نماز: صبح کے وقت کی نماز، صبح کی نماز۔ (۳) گزار: ادا کر۔(۴) سائیں: مالک، رب۔(۵) نہ نویں: نہ جھکے، سجدہ نہ کرے۔(۶) کَپْ اتار: کاٹ کر اتار دے۔

اُردو:۔

فرید! اٹھو وضو کرلو، صبح کی نماز ادا کرو، جو سر اپنے رب کے حضور سجدہ میں نہ جھکے اسے کاٹ کر پھینک دو! (صبح کی نماز کیلئے بیدار ہونا، پھر وضو کرکے نماز ادا کرنا بہت مشکل اور بوجھل لگتا ہے، بابا سائیںؒ نہ صرف اس کی تاکید فرماتے ہیں بلکہ ناراضگی اور غیظ وغضب کے اظہار کے ذریعہ ڈراتے ہیں۔ برِعظیم کے پابندِ شرع صوفیۂ کرام کی یہی شان تھی!)

عربی:۔

قم فتوضأ یا فرید! فصل صلوة الفجر، اِن الرأس الذی لا یخضع لربه راکعاً ساجدا هو (رأس الکبر و الضلال) و یلیق بأن تقطعه فتلقیه ذلیلا مهانا! (وصلوة الفجر ثقیلة کبیرة علی الکسالی العصاة المتکبرین الذین لا یستحقون الحیاة و البقاء)!

فارسی:۔

ای فرید! برخیز و بیدار شو و وضو بساز تا نماز فجر بگذاری، سریکه در حضور پروردگار

برائے رکوع وسجدہ خم نشود آن سر باید برید!

English:-

Awake up O Fareed! for ablution and offer the morning prayer! For the head, which does not bow before Allah Almighty, should better be cut off and thrown away!

(71)

جُو سِرْ سَائِیںْ نَہ نِویں، سُو سِرْ کِیجئے کَائے
کُنّے ہیٹھ جَلائیے بَالَنْ سَنْدِیْ تھَائے

لفظی ترجمہ:۔

(۱) کیجے کائے : اسے کیا کریں، اس کا کیا فائدہ۔(۲) کُنّا (کُنّی چھوٹی ہنڈیا): بڑی ہنڈیا(اسے پنجابی میں کٹوا بھی کہتے ہیں اس کی مؤنث کٹوی (ہنڈیا) ہے۔(۳) ہیٹھ: نیچے۔(۴) بالن: ایندھن۔(۵) سندی: کی، اس کی۔(۶) تھائے (تھائیں): اس کی جگہ۔

اُردو:۔

جو سر اللہ تعالٰی کے حضور رکوع سجدے کیلئے نہ جھکے اس کا (اس کے سوا) کیا فائدہ ہے کہ اسے بس ایندھن کی جگہ چولہے میں ہنڈیا کے نیچے جلائیے! (یہ بے نماز ی کیلئے بابا جی کی طرف سے تیسری سزا ہے یعنی بے نماز کتا ہے، اس کا سر کاٹ پھینکو اور اب یہ کہ چولہے میں جلاؤ!)

عربی:۔

اِن الرأس الذی لا یخضع راکعا ساجدا بین یدی اللہ لیس له نفع ولا فائدة ولا یلیق بشیء اِلا أن یکون حطبا یحرق فی الموقد تحت القدر (أی الرأس الذی لا یخضع لمولاه فی الرکوع والسجود لا یساوی شیئا ولا قیمة له ولا شرف!!)

فارسی:۔

کسے کہ سرش خم نشود برائے خدا در رکوع وسجدہ، آن سر پر کاہے نمی ارزد بجز ہیزمے کہ سوختنی باشد زیر دیگچہ در گلخن وکورہ!

English:-

The head that does not bow before its God Almighty is worth nothing except that it should be used as fuel and burnt in the fire place!

(72)

بِتّھے تَیْنڈِے مَاپے آ، جِنْھَاں تُوْں جَنْیُوں
تَیْں پَاسُوں اُوہْ لَڈْ گئے، تُوْں اَجّےْ نَہ پَتیوں!

لفظی ترجمہ:۔

(۱) کتھے: کہاں، کدھر۔(۲) تَینڈےِ: تیرے، ماپے آ، کہاں ہیں تیرے والدین۔ (۳) جنھاں: جنہوں نے۔(۴) جنیوں: تجھے جنم دیا۔(۵) تیں پاسوں: تیرے پاس سے(۶) لَڈ گئے: چلے گئے، وہ جا چکے ہیں۔(۷) اجے: ابھی تک۔(۸) نہ پتیوں: ابھی تک تیری تسلی نہ ہوئی، تجھے ابھی بھی حقیقت کا پتہ نہیں چلا۔

اُردو:۔

تیرے وہ والدین کہاں ہیں جنہوں نے تجھے جنم دیا تھا۔ وہ تیرے پاس سے جا چکے ہیں مگر تیری ابھی تک تسلی نہیں ہوئی۔

عربی:۔

أین أبواك اللذان قد ولداك أیها الإنسان؟! فقد ارتحلا من عندك منذ مدة ولکنك لم تشبع ولم تقنع بعد! (الإنسان الغافل عن عقباه الطامع فی دنیاه لا یزال حریصا علی البقاء فی الدنیا مهما کانت الظروف والأحوال!)

فارسی:۔

مادر و پدرت کجا ہستند کہ زائیدند ترا، واز نزد تو رفتہ اند، و لے تا حال تو نمی توانی کہ قانع و راضی باشی، وحق را بشناسی!

English:-

Where are your parents who gave birth to you!? They

were with you and have gone away, but, you are yet to be satisfied, have not realized and need to be stopped.

(73)

فــریــدا مَــنْ مَیْــدان کــر، ٹُــوئِــے ٹِبّــے، رَاہْ
اگــــےّ مُــوْل نــــہ آوْسِــــی دُوزَخْ دِیْ بھَــــاہْ

لفظی تشریح:۔

(۱) من: دل، ضمیر۔(۲) میدان کر :صاف کر، پاک کر۔(۳) ٹوئے (واحد ٹوا، یا ٹویا) : گڑھے (۴) ٹبے : (واحد ٹبہ) ٹیلے، پہاڑیاں۔(۵) راہ: (بعض نسخوں میں لاہ ہے جو مناسب نہیں) رستہ۔(۶) اگے: سامنے، آئندہ، آخرت (۷) مُول: بالکل نہیں، ہرگز، ذرہ سا۔(۸) آوسی (آسی کی پرانی پنجابی ہے): آئے گی۔(۹) بھاہ: آگ۔

اُردو:۔

فرید! اپنا دل پاک کرو، گڑھے ٹیلے ہموار کرو، رستہ صاف کرو (اپنا ضمیر اور معاملاتِ زندگی پاک رکھو) تو دوزخ کی آگ ہرگز سامنے نہیں آئے گی (آخرت کی نجات کا دارومدار دنیا میں نیک پاک رہنے پر ہے!۔)

عربی:۔

طهر قلبك و مهده يا فريد! و مهد الطريق فلا تترك فيها الحفرات و الأتلال، وبذلك تنقذ نفسك ولن تواجهك نار جهنم أبدا (حفرات الذنوب و الآثام و اتلال الكبر و الغرور فى قلب الإنسان هى التى تفسد عليه كل شئى و تقود به إلى النار!)

فارسی:۔

ای فرید! دل خود را از حضرات حقد و کینہ، واز اتلال کبر و بد خواہی، پاک دار، از آتش دوزخ آزاد خواہی شد و خدائے بزرگ و برتر از تو راضی بشود!

English:-

O Fareed! You should purify and clean your heart from the pits of grudge and hills of pride and you will, thus, win the Mercy and Pleasure of God and will never face the fire of Hell!

(74)

جَنْیں ڈِیْنْہ نَالا کَپْیَا، جِے گَلْ کَپّنْ چُکْھ
پَوَنْ نَہ اِتّیْ مُعَاملے، سَہَانْ نَہ اِتّیْ دُکھْ

لفظی تشریح:۔

(۱) جَنیں: جس، جونسے، جب۔ (۲) دینہ (ڈِینْہْ): دن، روز۔ (۳) نالا: ناف کی نالی جس سے ماں کے پیٹ میں بچے کو غذا ملتی ہے اور پیدائش کے وقت کاٹ دی جاتی ہے۔ (۴) کپیا: (کپن سے ماضی کا صیغہ ہے): کاٹا، الگ کیا۔ (۵) جے: اگر۔ (۶) گل: گلا، حلق، گردن۔ (۷) کپن: کاٹ دیں، کاٹ دیتے۔ (۸) چُکھ: (کچھ کی پنجابی شکل) تھوڑا سا، ذرا سا۔ (۹) پون نہ: نہ پڑیں۔ (۱۰) اتی معاملے: اتنے مسائل۔ (۱۱) سَہَاں نہ: نہ میں سہوں، مجھے نہ سہنا پڑے (۱۲) اتی دکھ: اتنے دکھ، اتنے غم۔

اُردو:۔

جس روز پیدائش کے وقت میری ناف والی نالی کاٹی گئی اگر اسی روز ذرا سا میرا گلا بھی کاٹ دیتے تو مجھے نہ اتنے مسائل سے واسطہ پڑتا اور نہ اتنے دکھ سہنے پڑتے (مجھے پیدا ہوتے ہی مار دیتے تو سب جھنجھٹ ختم ہو جاتے، کاش! میں پیدا ہوتے ہی مر جاتا، کاش مجھے ماں نے نہ جنا ہوتا۔ یہ اور ایسے ہی اور جملے، دنیا کی سنگدلی اور بے مائیگی انسانوں کو منہ سے نکالنے پر مجبور کرتی رہتی ہے!)

عربی:۔

یالیتنی قطعوا عنقی یوم ولدت فقطعوا الحبل السُرّی (حبل سُرتی) لما واجهت مشاکل الحیاۃ ولما عانیت آلامها ولما تعذبت فی الدنیا الفانیة!

فارسی:۔

کاش کہ روز یکہ بند ناف من بریدہ بودند نای حجرۂ من را ہم بریدندے! تا مشاکل و مسائل زندگی پیش من نہ آمدے و بار ایں ہمہ رنج و محن نکشیدم!

English:-

At the time of my birth, they cut my umbilical cord, they could have, instead, cut my throat, so that I could have been

spared of facing a lot of problems and bearing all these sorrows and grief's in this worldly life!

(75)

جَبَّنْ، چَلَّنْ، رَتَّنْ، سَے سُنْیئَرْ بِھیْ گئے
ھِیئَڑے مُتّی ڈھا، سَے جَانِی چَلْ گئے

لفظی تشریح:۔

(۱)چبن : چبانا، دانت۔(۲) چلن :چلنا، پاؤں۔(۳)رتن: موتی، آنکھیں۔ (۴) سننیر(سُنے اَنْ): سننے والے، کان ۔(۵) ھینڑا: (ھے،ء،ڑا)دل۔(٦) ڈھا: چیخ، درد بھری آواز، دھاڑیں مار کر رونا۔(۷) سَے : سینکڑے، صدہا۔(۸)جانی: دلی دوست، پیارے یار۔(۹) چل گئے: جاچکے!۔

اُردو:۔

دانت گر گئے، ٹانگیں جواب دے گئیں، موتیوں جیسی آنکھیں بھی نہ رہیں اور کان بھی سننے سے عاجز آگئے، دل نے ایک چیخ نکال ماری کہ سینکڑوں مخلص احباب بھی دنیا سے رخصت ہو گئے (بابا سائیں ہمارے معمر یعنی لمبی عمر پانے والے بزرگوں میں سے ہیں۔ جب سب قویٰ جواب دے جائیں تو غالب جیسے شاعر بھی ان بے اعتدال و مضمحل قویٰ سے بیزار ہو جاتے ہیں، قرآن کریم اس کو ارذل العمر یعنی رذیل و عاجز ترین عمر قرار دیتا ہے۔ بہر حال اگر ذہن سوچنے کیلئے اور زبان شکرِ مالک کیلئے بحال رہے تو ارذل العمر بھی گوارا ہے!)

عربی:۔

سقطت الأسنان وتعبت الأرجل وحسرت الأبصار وكلت الآذان فأرسل القلب صرخة تقول: قد راحت الأحباء وغابت الأصدقاء فلا حياة دونها ولا رونق في الحياة دونهم!

فارسی:۔

دندان و پا و چشم و گوش ہمہ رفتہ اند، وچون دلم یاد گرفت کہ ہمہ دوستان مخلص و یاران غار ہم رفتہ اند، صدائے درد از و بر آمد و مرا دردمند و غمگین کرد!

English:-

I have lost my teeth, feet, eyes and ears which are the pillars of joy and happiness in this worldly life. Then all of a sudden, my sad heart began to cry and reminded me that all my friends and companions have also gone, leaving me alone to suffer and to weep just to lament these losses!

(76)

فــریــد ا بُــرِے دا بھَلّا کَــرْ، غُصّــہ مَنْ نَــہ ھَنڈھــا
دیھــی رُوگ نَــہ لَگّــی، پَلّےِ سَبْــھْ کجــھْ پَــا

لفظی تشریح:۔

(۱) بھَلّا: (مشدد) نیکی، اچھائی، بھلائی۔ (۲) غــصــہ: ناراضگی، غیظ وغضب، اشتعال۔ (۳) مَنْ: دل۔ (۴) ھنڈھا (نون غنہ کے بغیر، نون غنہ کے ساتھ بھی آتا ہے مگر قدیم پنجابی میں اور باباجیؒ کی زبان میں نون غنہ کے بغیر): پرانا کر، گھسا، بوسیدہ کر۔ (۵) دیھــی: (اور دیــہ) جسم، بدن، بنیاد۔ (۶) روگ: بیماری۔ (۷) نہ لگی: تجھے نہ لگ جائے، تیرے بدن کو روگ نہ لگے۔ (۸) پلے: پاس۔ (۹) سبھ کجھ: سب کچھ، تمام۔ (۱۰) پا: ڈال لے۔

اُردو:۔

فرید! جو برائی کرے اس سے بھی نیکی کرو، غصہ میں اپنا دل جلا کر بوسیدہ نہ کرو (اس سے تجھے فائدہ یہ ہوگا کہ) تیرے جسم کو کوئی روگ نہیں لگے گا اور تجھے سب کچھ حاصل بھی ہو جائے گا (غصہ بری اخلاقی کمزوری ہی نہیں بیماری بھی ہے۔ جو غصے اور غضب پر قابو پالے اصل طاقتور وہی ہے۔ فرمان نبوی ﷺ ہے کہ: "پہلوان وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے بلکہ اصل پہلوان وہ ہے جو غصہ پر قابو پا کر غیظ وغضب کو پچھاڑ دے"۔ باباسائیںؒ نے برائی کا بدلہ نیکی اور غصہ پر قابو پانے کا عظیم فائدہ بتا دیا ہے کہ روگ سے محفوظ اور سب کچھ حاصل بھی!)۔

عربی:۔

أحسن إلى من أساء إليك يا فريد! ولا تتعذب بالغضب، ولا تحرق به قلبك

(وتكتسب بذلك و تربح) فيعصم بذلك بدنك من العوادى والأسقام، وتكتسب به كل شئى! (فالإنسان يتعذب كثيرا إذا غضب على من أساء إليه، فإذا صفح وعفا عنه نجا وانتصر!!)

فارسی:۔

کسی کہ بدی کند بتو، درپاسخ او احسان کن ومغلوب الغضب ہرگز نباشی کہ دلت از ور نجیدہ و بوسیدہ نباشد و بدنت از امراض واسقام محفوظ ومصئون می مانند و ہر چہ خواہی بیابی!

English:-

Always do good in return to evil-doers! Never allow the anger to rule your feellings and to worn out your heart. In this way you will protect your body from diseases and also you will earn whatever you desire!

(77)

فریدا پنکھ پروھنے، دُنی سُھاوا باغ
نوبت وَجے صُبح سِیوں چلّن دا کرساز

لفظی تشریح:۔

(۱)پنکھ: پرندے، مراد روحیں۔(۲) پروھنے: مہمان۔(۳) دنی :(دنیا کی جمع، عربی میں، پنجابی میں بطور واحد مروج تلفظ صُبحی کی طرح ہے) دنیا، جہان۔(۴)سھاوا: سبز، سہانا، خوبصورت۔(۵)نوبت: نقارہ، ڈھولک۔(۶) وجے: بج رہی ہے۔(۷)چلن: سفر، روانگی۔ (۸)ساز: سامان، تیاری۔(۹)سیوں: سے۔

اُردو:۔

فرید یہ دنیا ایک سبز وسہانا باغ ہے جہاں پرندے (روحیں) مہمان ہیں، صبح سے (پیدائش سے) ہی نقارہ بج رہا ہے اس لئے سفر کا ساز وسامان کر لے! (یہ دنیا دار العمل ہے مگر بڑی خوبصورتی اور رعنائی والا دار العمل ہے، یہاں کامیاب وہی بندگانِ حق ہیں جو اپنے خونِ جگر سے حسنِ عمل کا مظاہرہ کرتے ہیں، مگر اس کی رعنائی انہیں لبھاتی نہیں۔ان کا مرکزِ نگاہ اپنے ربّ کی رضا اور اس کا جوارِ رحمت ہوتا ہے اور یہاں وہ مسافر

بلکہ راہ چلتا مسافر بن کر رہتے ہیں!!)۔

عربی:۔

الدنیا حدیقة خضراء غناءَ رائعة والإنسان فیها مسافر وضیف طارق علیها یافرید! (والضیف المسافر لا یمکث طویلا ولا یهدأ کثیرا، وإنما یکون علی أهبة سفر وعلی وشك الرحیل دائما) أفما تسمع النوبة الصارخة تعلن منذ الصباح وتقول: علیك بالاستعداد أیها المسافر!!

فارسی:۔

بشنو فرید! پرندگان (ارواح انسانی) این جا مہمان ہستند واین جہان دنیا خیلے سبز ناک ودلفریب است، وے کوس رحیل از صباح می زنند کہ مسافر سامان خودش بگیرد تا سوئے منزل برود!

English:-

Listen O Fareed! The bird (the human spirit) here is nothing but a guest, and this world is just a green and attractive garden. The knell of parting and farewell is announcing since the morning (The birth day): be prepared to leave the world!

(78)

رات کَتُھوْریْ وَنْڈیے، سُتیاں مِلے نَہ بھاؤ
جنہاں نَین نَنْدراویے، تِنھاں مِلنْ کِواؤ

لفظی تشریح:۔

(۱) کتھوری: کستوری، خوشبو، ذکر سحر گاہی۔ (۲) ونڈیے: بانٹتے ہیں۔ (۳) ستیاں: سوتے ہوئے۔ (۴) بھاؤ: مقدر، حصہ۔ (۵) نین: آنکھیں۔ (۶) ننداویے: نیند میں مست۔ (۷) کواؤ: کیا، بدنصیبی۔

اُردو:۔

ذکراللہ کی کستوری تو شب گذران میں بانٹتے ہیں، سونے والوں کو اس میں سے کچھ بھی نہیں ملتا۔ جو نیند میں مست رہنے والی آنکھوں کے مالک ہیں انہیں اس میں سے کیا فائدہ ملے گا؟!)

عربی:۔

ذكر الله وعبادته فى الهزيع الأخير من الليل مسك يوزع على الذاكرين العابدين، وأما النيام فيحرمون منه ولا نصيب لهم فيه، فالعيون الناعسة التى تفضل راحة الليل على ذكر الله وعبادته لا تكتسب شيئا من فضل الله ورحمته!

فارسی:۔

سحرگاہ ساعتے ہست کہ درو مسک ذکر اللہ توزیع می کنند، کسانیکہ خفتگانند، از ونصیبے نہ برند، وآن چشمہا کہ مست ووماندۂ خواب سنگین ہستند چیزے نیابند!

English:-

The musk of Zikr-e -Allah is distributed at night and those who prefer to sleep all the night have no share in it. Because, those, who love to sleep the whole night, are deprived of that reverential fragrance!

(79)

مَیں جَانیا دُکھ مُجھی کو، دُکھ سَبھائے جَگ
اچّے چڑھ کے ویکھیا، تاں گھر گھر ایہا اَگ

لفظی تشریح:۔

(۱) میں جانیا: میں نے جانا، میرا خیال تھا۔(۲) مجھی کو: مجھے ہی۔(۳) سبھائے جگ: تمام دنیا۔(۴) اُچے: اونچی جگہ۔(۵) ویکھیا: دیکھا۔(۶) ایہا: یہی۔(۷) اگ: آگ۔

اُردو:۔

میرا خیال تھا کہ دکھ صرف مجھے ہی ہے مگر یہ دکھ تو سب دنیا کو ہے، میں نے اونچی جگہ چڑھ کر دیکھا تو نظر آیا کہ دکھ کی یہ آگ تو گھر گھر دہک رہی ہے!

عربی:۔

قد ظننت بأننى أنا الوحيد الذى يكابد الحزن والهم، ولكن الحزن قد عم الدنيا كلها، وقد حاولت أن أتبصر الدنيا من مكان رفيع فبدالى كأن نفس النار من الحزن

تحرق كل بيت من بيوت البشرية كلها، ويقول شاعر عربى:

كل من ألقاه يشكو للزمن   ليت شعرى هذه الدنيا لمن؟!

فارسی:۔

گمان بردم کہ این رنج وغم فقط نصیب من است و لے معلوم شد کہ ہمہ اہل جہاں رنجیدہ وملول ہستند !وچون بالا رفتم کہ اھل جہان را ببینیم کہ چہ طور ھستند، دیدم کہ ہر خانہ را آتش رنج وغم ہمیں سوزد!

English:-

I thought that I am the only man who is suffering from the grief and pain. But it was wrong and I found that all are leading a sad and painful life. I climbed up some heights and came to know that the pain is common and the whole of the humanity suffers form this painful life!

(80)

کَنْدھیْ وَھْرْ نَہ ڈھا، تُوں بھی لیْکھَا دِیْوْنَا
جِدَّھرْ رَبْ رِضَا، وَھْرْ تَداؤں گو کَرے

لفظی تشریح:۔

(۱) کند ھی(کد ھی): کنارۂ دریا، حد۔(۲)وھن: ندی، نالہ پانی والا، چھوٹا دریا، (۳)لیکھا: قانون، حساب۔(۴) دیونا: دینا ہے۔(۵)تداؤں: اسی طرف۔(۶) گو کرے: رخ کرے۔

اُردو:۔

کنارہ (حد) اور ندی (قانون) مت گرا (خلاف ورزی نہ کر) کہ تو نے بھی تو حساب کتاب دینا ہے۔اللہ کی رضا کے مطابق ندی نے رخ کرنا ہوتا ہے۔

عربی:۔

لاتخرب الشاطئ والجدول (أى لا تخالف الحدود و القانون) لأنك سوف تحاسب على ذلك، ولأن الجدول يختار مجراه كما يريد له ربه تعالىٰ ويرضى به

(فالعمل بالحدود و القانون بإرادة الله ومرضاته!)

فارسی:۔

کنارۂ دریا وآب راہ را خراب مکن، زیرا کہ تو نیز جوابگو خواہی شد وآبراہ مجرائے خودش را بگیرد چنانکہ رضائے خدامی باشد!

English:-

Do not destroy the bank of the river or the canal (do not violate the laws) because you will be answerable for that. The canal takes its way as the will of God!.

(81)

ڈکھاں سیتی ڈینہ گیا، سولاں سیتی رات
کھڑا پکارے پاتنی بیڑا کپّر وات

لفظی تشریح:۔

(۱) دکھاں: دکھوں، غموں۔ (۲) سیتی: ساتھ، ہمراہ۔ (۳) دینہ (دِیْ نْ ہْ): دن۔
(۴) سولاں: (واحد سول) کانٹے۔ (۵) پاتنی: پتن والا، ملاح۔ (۶) کپر: بھنور، گرداب، گھمن گھیر۔
(۷) وات: منہ، دہانہ، سوراخ۔

اُردو:۔

دن تو دکھوں کے ساتھ بیت گیا اور رات کانٹوں کے ساتھ گذری، ملاح (مرشد) کھڑے ہوئے پکار رہا ہے کہ کشتی بھنور کے منہ میں ہے (ایام زندگی ڈوب رہے ہیں)۔

عربی:۔

قد قضينا النهار فی حزن وبتنا الليل على الأشواك، بينما نسمع الملاح ينادی واقفا على المورد: إن السفينة فی مواجهة الورطة من مياه المصائب وتكاد تغرق فی أعماقها! (الكل يبكی وينتحب ويشكو الزمان إذ الخلق يعانی من المصائب والآلام بينما ينادی المرشد ويدعو إلى الإنقاذ والنجاء بالعمل الصالح!)

فارسی:۔

روز مادر حزن ورنج گذشتہ وشب را با خار بسر بردیم، ملاح بر کنار دریا ایستادہ منادات می کند و می گوید کہ کشتی بورطہ دچار شدہ است ومسافران در معرض خطر ہستند!

English:-

The day has passed in sorrows and worries while the night was spent on thorns. The boatman is standing on the bank and is crying: The boat is in the embroilment!

(82)

لمی لمی ندی وھے، کنڈھی کیرے ھیٹ
بیڑے نوں کپر کیا کرے جے پاتن رھے سچیت

لفظی تشریح:۔

(۱) لمی : لمبی، طویل، دراز (دنیا جو دور دور تک پھیلی ہے)۔(۲) وھے : بہتی ہے، بہہ رہی ہے۔(۳) کندھی: کنارۂ دریا۔(۴) کیرے : (کیرن سے: تھوڑا تھوڑا کر کے گرانا، کرن اس کا فعل لازم ہے، پانی، ریت جیسی کسی چیز کا تھوڑا تھوڑا کر کے نکلنا، بہنا) گراتی ہے۔ نیچے گرا رہی ہے۔ پنجابی میں اسے دھوڑن یا دھوڑنا بھی کہتے ہیں۔(۵) ھیٹ: نیچے۔(٦) بیڑا: کشتی، جہاز۔(۷) پاتن: ملاح۔(۸) سچیت: ہوشیار، محتاط، خیال اور دھیان رکھنے والا۔

اُردو:۔

ایک لمبی لمبی ندی بہہ رہی ہے جس کے کنارے کو لہریں تھوڑا تھوڑا کاٹ کے نیچے گرا رہی ہیں (یہ دنیا ایک طویل ندی ہے جو آہستہ آہستہ کٹاؤ کی زد میں ہے) کشتی کو بھنور کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اگر ملاح ہوشیار ومحتاط ہو (شیطان صفت انسان اس دنیا کی تباہی کے درپے ہیں مگر جب تک اس کا چلانے والا رب اسے سنبھال کر باقی رکھنا چاہے گا اس وقت تک اسے کوئی گزند نہیں پہنچا سکتا)۔

عربی:۔

النهر الجاری طویل عمیق و التیار المتلاطم یقطع ضفته قلیلا قلیلا اِلا أن الورطة و الأمواج الطاغیة لن تضر السفینة مادام ملاحها الحکیم الحازم یقودها (الدنیا کدح

و كفاح والمرشد القائد الحق تعالىٰ يقودها وينقذ خلقه من المهالك إلى ما في علمه وإرادته!!)

فارسی:۔

این جہان ما کہ چو جوئے دراز و بے نہایت جاری وروان است، عوامل فساد ودمار اورا اندک اندک ضرری رسانند وکنارۂ او بمعرض بوسیدگی و شکستگی ہست ولے کشتی رااز ورطہ چہ باک است کہ ملاحش شخص حازم ومتاط است (کشتی جہان دردست خدائے حکیم وخبیر است وخطر ندارد!)

English:-

Though the flowing river is very very long and fast and its current is carving its bank, but the storm or the embroilment will not harm it, if the Sailor is careful and competent.

(83)

گلّیں سُو سجّنْ وِیہْ، اِکْ ڈھڈِھینڈِیْ نہ لَھاں
دُھکھاں جیوں مَالِیہْ کَارَنْ تِنْھاں مَا پِرِیْ

لفظی تشریح:۔

(۱) گلیں: (گل: بات) باتوں میں، زبانی زبانی۔ (۲) سُو: سے، تو، اس طرح (۳) سجن: یار، دوست۔ (۴) ویہ: بیس، مراد بیسیوں۔ (۵) اک: ایک۔ (۶) ڈھڈِھینڈِیْ: میں ڈھونڈھتی ہوں۔ (۷) نہ لھاں: میں نہیں پاتی، مجھے نہیں ملتا۔ (۸) دھکھاں: میں سلگتی ہوں، جلتی ہوں۔ (۹) جیوں: جیسے۔ (۱۰) مالِیہ (مالیے ہ): اپلوں کا بھور چور، ریزہ۔ (۱۱) کارن: کے لئے، باعث، سبب سے۔ (۱۲) تنھاں: ان کا، ان کے۔ (۱۳) ما: میرا۔ (۱۴) پری: پیارا۔

اُردو:۔

کہنے کیلئے تو بیسیوں دوست ہیں جو زبانی زبانی دوستی کا دم بھرتے ہیں مگر میں تو ایک ہی مخلص کو ڈھونڈھتی ہوں جسے میں نہیں پاتی۔ میں تو اس اپنے ایک پیارے کیلئے یوں سلگ رہی ہوں جس طرح اپلوں کے ریزے سلگتے رہتے ہیں (باقی سب دوست جھوٹے، سچا سجن ایک ہی مولیٰ ہے جو پیارا اور وحدہ لا شریک ہے، سالک کا مطمع نظر تو وہی ذات ہے!)

عربی:۔

سوف تجد العشرات من يدّعون صداقتی فيما يقولون ولكننی أن أبحث عن صديق مخلص عزيز واحد ولكننی لا أجده! وأننی لأتحرق لوعة وتوقانا إليه كما تتحرق ذرات الروث المجفف (الصداقة ليست ادعاء فقط وإنما هو صدق واخلاص وتضحية وذلك قلما يوجد فی دنيا الناس!)

فارسی:۔

بسے دیدم از مردمان کہ دعوائے دوستی می کنند ولے من یکے حبیب مخلص را جستجو دارم ونمی یابم! وچنان می سوزم کہ ریزہ ہائے زبل سوختہ شود!

English:-

There are many who claim by lip service to be my friends. But I am smouldering like pieces of dung while searching for one Real and Sincere Friend but without success!

(84)

فریدا اِیْہ تَنْ بَھوکْنا، نِتْ نِتْ دُکّھیے کَونْ

کَنیں بُجّے دے رَھاں، کِتّی وَگّے پَونْ

لفظی تشریح:۔

(۱) تن: بدن۔(۲) بھوکنا: بھونکنے والا، لالچی کتے جیسا۔(۳) نت نت: روز روز، بار بار، روزانہ۔(۴) دکھیے: دکھی ہو، درد پائے، دکھ محسوس کرے۔(۵) کنیں: کانوں میں۔(۶) بُجے: (واحد بجہ) پنبہ، روئی کا بُرا، روئی یا کپڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا جو کان میں ٹھونس لیتے ہیں۔(۷) رھاں: رکھوں، رکھے رہوں۔(۸) کتی: کتنی، جتنی (۹) وگے: ہوا چلے، تیز ہو۔(۱۰) پون (واؤ کی زبر کے ساتھ مگر یہاں اسے ساکن پڑھیں گے تاکہ کون کے ساتھ وزن اور آواز مل جائے)۔

اُردو:۔

فرید! یہ بدن (یعنی یہ نفس) تو کتے کی طرح لالچی ہے۔اس کی خواہشات پر روز روز کان دھر کے کون دکھی ہوتا رہے۔اس لئے چاہتا ہوں کہ کانوں میں روئی ٹھونس لوں تاکہ اس کی آواز مجھے نہ سنائی دے

پائے پھر خواہ ہوا کتنی ہی تیز چلتی رہے (آواز ہوا کے دوش پر سفر کرتی ہے، بابا سائیں" کو اس وقت اس کا احساس تھا۔ مارکونی تو بعد میں آیا، وہ اپنے نفس کی خواہشات کو کچلنے میں بڑا مضبوط عزم رکھتے تھے۔ نفس کشی کی ہمت بابا جی" کی عملی روش سے میسر آتی ہے، عرب شاعر ابوالعلاء معری کی طرح بابا فرید" بھی قامع الشہوات تھے!!)۔

عربی:۔

نفسك الأمارة بالسوء يا فريد كلب نابح فمن ذا الذى يستطيع أن يسمع دائما إلى ذلك الكلب النابح الطامع الحريص! فسأجعل القطن فى أذنّى حتى لاأسمعه وهو ينبح بأطماعه مهما ارتفع صوته فى الرياح العاصفة!

فارسی:۔

این تنت ای فرید سگِ نباح است کہ وق وق می کند و گوشہایت را اذیت می رساند بامدادان وشام ترا باید کہ پنبہ نہی در گوش خودت کہ آواز حرص وطمع او ترا آزردہ نسازد وبلذ ار باد را کہ تیز وزد یا نوزد زنہار!

English:-

This self or the body of yours is like a greedy dog barking all the time aching you for its mean desires. I wish to plug my ears with lint, so that I may not hear it barking whether the wind blows fast or not!

(85)

رَبْ کَھجوْرِیْں پَکْیاں، مَا کِھیُوْں نَیں وَھَن
جُو جُو وَنْجے ڈِیْھنڑا سُو عُمْرِے ھَتْھ پَوَن

لفظی تشریح:۔

(۱) پکیاں: پکادی ہیں، تیار کردی ہیں۔ (۲) ماکھیوں: شہد کی۔ (۳) نیں: نہر۔ (۴) وھن: بہتی ہے۔ (۵) ونجے: جائے، گذرے۔ (۶) ڈیھنڑا: (ڈِیْ ہ ن ڑا، ڈینہ کی تصغیر ہے) دن۔ (۷) سو: وہ۔ (۸) عمرے: عمر کو، زندگی کو۔ (۹) ھتھ پون: ہاتھ میں لیتا ہے۔

اُردو:۔

پروردگار نے کھجوریں پکادی ہیں۔شہد کی نہر بہہ رہی ہے لیکن جو جو دن گذرتا ہے وہ زندگی کو ہاتھ ڈالتا ہے (ہر گذرتا دن عمر کو کم کررہا ہے، گنتی کے دن پورے ہوتے جارہے ہیں۔اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے اس عارضی زندگی میں بھی انسان کو نعمتوں سے نواز دیا ہے!!)

عربی:۔

اِن ربك لذو فضل عظيم حيث أينعت التمور بإذنه وهو الذى فجر أنهار العسل بكرمه اِلا أن العمر ينقضى، و كل يوم آت يأتى على عمرك أيها الاِنسان!

فارسی:۔

خداوند تعالیٰ این جهان دنیا را نعمتهائے فراوان بخشود، در بساتین خرما رسانیده ونضج یافته است و جوئے انگبین روان است و لے ہر روز کہ می گذرد عمر ما را کوتاہ می کند!

English:-

It is the grace of Allah Almighty that the garden are full of ripened sweet dates and there are streams flowing with honey. But alas! every passing day is decreasing and snatching away the life from us!

(86)

تَرنْ سُکّا پِنجَرْ تِھیَا، تَلْیَاں کُھونڈَنْ کَاگْ
اَجےّ سُو رَبْ نَہ بَوْھڑْیُو، وِیکھ بَنْدِے کے بھاگ!

لفظی تشریح:۔

(۱)سکا: سوکھ گیا،خشک ہوگیا۔(۲) پنجر تھِیا :ڈھانچا بن گیا۔(۳) تلیاں: تلوے، ہتھیلیاں۔(۴) کھونڈن: ٹھونگے مارتے ہیں،نوچتے ہیں۔(۵)کاگ: کوّا۔(۶) اجے سو: ابھی تک۔ (۷) بوھڑیو: پہنچا۔(۸)ویکھ:دیکھو (۹) بھاگ:مقدر،نصیب!

اُردو:۔

بدن سوکھ کر ڈھانچارہ گیا ہے، کوّے (مردہ جان کر) تلووں کو نوچنے لگے ہیں لیکن انسان کے

مقدر دیکھو کہ ابھی تک اسے اپنا رب نہیں مل سکا (فاقہ کشی اور ریاضت کے باعث بابا سائیںؒ سوکھ کر ڈھانچا نظر آنے لگے تھے۔ یہ بیت ان کی ہڈ بیتی کا مظہر ہے!)۔

عربی:۔

قـد ذبل بدنك فی الزهد و التنسك عطشا و جوعا وصار نحیلا حتی ظنه الغراب هیـكـلا عـظمیا میتا فأخذ ینقر أخمص القدم ولكنك یا فرید لم تتمكن من الوصل بربك وذلك من سوء حظ العبد و نصیبه!

فارسی:۔

تنت لاغر ونحیف مثل استخوان بندی شدہ وکلاغ گمان بردہ کہ ایں مردہ است وکف پارا ناخنک زد ولے ببیں نصیب آدمی را کہ ھنوز خدا را نہ یافتہ است!

English:-

The body has become a skeleton due to hunger and thirst by long long fast! The crows thought me to be a dead body and started picking at my soles. But lo! the fortune of man that he has not been able yet to find his Allah Almighty!

(87)

کـا گـا کـرنگ ڈھنڈھولیـا، سَـگـلا کھـا یُو مـاس
اِیـہ دُو نَیْـنـا مَـتْ چُھوھیُو، پِـرِ دیکھـن کـی آس

لفظی تشریح:۔

(۱) کـا گـا: اے کوّے!۔(۲) کـرنگ: مردہ جانور کا ڈھانچا۔(۳) ڈھـنـڈھولیـا (ڈھـنـڈھـالیـا): ڈھونڈھنے والے، اے ڈھانچوں کے متلاشی کوّے!۔(۴) سـگـلا: سارا، تمام۔(۵) کھایو: کھالینا، کھالیجیو!۔(۶) ماس: گوشت۔ (۷) نینا: نین، آنکھیں۔(۸) چھوھیو: مت چھونا، نہ چھیڑنا۔(۹) پِرِ: پیارا، محبوب، معشوق۔

اُردو:۔

اے ڈھانچوں کی تلاس میں سرگرداں کوّے! میرے ڈھانچے کا تمام گوشت کھالینا۔ بس یہ دو

آنکھیں رہنے دینا کہ انہیں اپنے محبوب کے دیکھنے کی آس ہے (آنکھ قدرت خداوندی کا کرشمہ اور انمول انعام ہے۔ اھل اللہ اسی آنکھ سے اپنے اللہ کو دیکھنے کے آرزومند ہوتے ہیں، باباسائیں'' بھی ہیں، ان کا یہ شاعرانہ مضمون بعد میں آنے والے پنجابی شعراء کے ہاں بھی مقبول ہوا مثلاً حضرت باھوؒ نے بھی اسے لیا ہے مگر باباجی کو فضل سبقت حاصل ہے!!)۔

عربی:۔

أيها الغراب الباحث عن الهياكل العظمية! تستطيع أن تأكل لحم جسدي كله ولكنني أرجوك ان لاتمس عيني هاتين الاثنتين لأنهما تأملان أن تريا ربهما الحبيب جل جلاله!۔

فارسی:۔

ای کلاغ کہ در تلاش استخوان بندی ہست! می توانی کے ہمہ گوشت رامی خوری کہ برھیکل من باشد و لے این دو چشمہا را بگزاری کہ آرزوئے رؤیتِ محبوب دارند!

English:-

O crow, the seeker of corpses and skeletons! You can eat the whole of my flesh except this pair of eyes of mine which have the desire to see their Almighty Allah The Beloved!

(88)

کاگا چُونڈ نہ پِنجرا، بسّے تاں اُڈر جا
جِت پِنجرے میرا شوہ وَسّے مَاس نہ تدوں کھا

لفظی تشریح:۔

(۱) چونڈ نہ: مت نوچ۔(۲) بَسّے تاں: اگر تیرے اختیار میں ہے تو۔(۳) اُڈر جا: اُڑ جا، چلا جا اڑ کر۔(۴) جِت: جس۔(۵) وَسّے: بستا ہے۔(۶) تدُوں: اس سے، اس جگہ سے۔

اُردو:

اے کوے! ڈھانچے کو مت نوچ، اگر ہو سکے تو اڑ کر چلا جا اس لئے کہ جس ڈھانچے میں میرا محبوب بستا ہے (میرے دل میں میرا ربّ ہے) اس کا گوشت کھانا تجھے زیب نہیں دیتا!

عربی:۔

أيها الغراب! لا تخدش اللحم من هيكلي العظمي واتق الله، وعليك أن تطير، وكيف تاكل لحمي من جسدي وفيه في قلبي يسكن مولاي الحبيب!

فارسی:۔

ای کلاغ! استخوان بندیم راگلب مزن، اگرمی توانی بروازیں جا! وجسمے کہ درومحبوب من می باشد چساں می توانی کہ گوشت اوراگلب خودت بخوری!

English:-

O Crow! Do not cleave my skeleton, and fly away if you can, because you cannot eat the flesh of the body in which my Allah Almighty the Beloved is dwelling!.

(89)

کاگانین نِکاس دُوں، تُوں پی کے رُخ لے جا
پَہلے دَرْش دِکھائے کے، پاچھے لیجئے کھا

لفظی تشریح:۔

(۱) نکاس دوں: نکال دوں۔(۲) رُخ: چہرہ، طرف، سامنے۔(۳) درس: درشن۔(۴) پاچھے: پیچھے، بعد میں، پھر۔(۵) لیجئے کھا: کھالینا۔

اُردو:۔

اے کوے! میں تجھے اپنی آنکھیں نکال دیتا ہوں۔ تو انہیں میرے پیارے کے پاس لے جانا، پہلے انہیں درشن کرادینا، اس کے بعد کھالینا! (یہ شعر داوودی اور آصف میں نہیں لیکن بعض دیگر نسخوں میں پایا جاتا ہے)۔

عربی:۔

أنا أقلع لك أيها الغراب عينيّ ها تين فاحملهما طائرا إلى وجه الحبيب فتتيح لهما الرؤية إليه والزيارة له ثم تستطيع أن تأكلهما إن شئت!

فارسی:۔

این چشمانم را بگیرای غراب وسوئے محبوبم ببر، تارخش رابیبند پس رویت وزیارت محبوب می توانی کہ این چشمانم رابخوری!

English:-

O Crow! Take my pair of eyes and fly away with them to my Love. First of all, let them see His Face then you will have the right to eat them if you so desire!.

(90)

ھَنْسَاں وِیکھ تَرِنْدِیَاں، بَگاں آیا چا
ڈُبْ مُوئے بگْ بَپْڑِے، سِرْ تَلْ اُپَرْ پَا

لفظی تشریح:۔

(۱) ھَنس: کونج۔ (۲) ترندیاں: تیرتے ہوئے۔(۳) بگاں: (واحد بگ): بگلے۔
(۴) ڈب موئے: ڈوب مرے۔(۵) بپڑے: بیچارے، نکمے۔(۶) سرتل: سرنیچے۔
(۷) اپرپا: پاؤں، اوپر۔

اُردو:۔

ہنسوں کو تیرتے ہوئے دیکھ کر بگلوں کو بھی تیرنے کا شوق چرایا۔ مگر بیچارے اور نکمے بگلے پانی میں ڈوب مرے، سر نیچے اور پاؤں اوپر ہو گئے! (بگلا صوفیوں کے ہاں منافقت کی علامت ہے جبکہ ہنس کو بابرکت اور مخلص تصور کیا جاتا ہے)۔

عربی:۔

نظر الكركي إلى الإوز العراقي وهو يسبح على الماء فاشتاق الكركي إلى السباحة إلا أن المسكين الأخرق لم يتمكن منها فغرق في الماء مكبا على الوجه (والكركي أو اللقلق رمز النفاق والرياء والخداع عند الصوفية بينما الإوز العراقي يمثل النقاء والإخلاص عندهم !)

فارسی:۔

کرکی قورا دید کہ در آب سباحت وشناوری می کند وخواست کہ او نیز شناور وآب باز باشد، ولے بیچارہ غرق شدہ دران حالیکہ سرش نگون در آب وپایش بیرون بود!

English:-

The stork saw the swan swimming and playing in the water. The stork was also tempted to be the same. But, the poor fellow, could not swim and was drowned. Its head below and the feet up ward!.

(91)

میں جانیا وَڈھنس ھے، تاں میں کیا سَنگ
جے جانان بگ بپڑا، جَنَمْ نہ بھڑیں انگ

لفظی تشریح:۔

(١) وڈ: بڑائی، بڑا ہونا۔(٢) سنگ: ساتھ، صحبت۔(٣) جے جانان: اگر مجھے پتہ ہوتا۔(٤) بگ: بگلا۔(٥) بپڑا: بیچارہ، نکما۔(٦) جنم: زندگی، ایک پیدائش، ایک زندگی، زندگی بھر۔(٧) بھیڑیں: میں ملاؤں۔(٨) انگ: جوڑ، جسم کا حصہ۔

اُردو:۔

مجھے بگلا بھی بڑا ہنس لگا اس لئے میں اس کے ساتھ ہو گیا۔ اگر مجھے یہ علم ہوتا کہ یہ بڑا ہنس نہیں بلکہ بگلا بھگت ہے تو میں زندگی بھر اس سے اپنے جسم کا کوئی انگ بھی نہ ٹکرانے دیتا! (صحبتِ ناجنس وبد کا دھوکا بہت خطرناک ہوتا ہے!!)۔

عربی:۔

ظننت أنه الإوز العراقی الکبیر فشارکته ورافقته ولو کنت أعرف أنه کرکی و لیس باوز عراقی لما اقتربت منه طوال حیاتی کلها (لأن جلیس السوء یفسد جلیسه إذ هو یعرف به!!)۔

فارسی:۔

گمان بردم کہ این قوئے بزرگ است وود رفاقت اوافتادم اگر دانستہ بودم کہ ایں بیچارہ لقلق است عضوخودم را بعضوش مس نکردے!

English:-

I thought him to be the real big swan so I joined him. If I would have known him that he is a poor stork and not the swan, I would have avoided even to touch him!

(92)

گورِ نمانی سَڈْو کرے، نگھرْیَا گھرْ آؤ

سَرْپَرْ میں تے آوْنَا، مَرْنُوں نہ ڈرْ، آؤ

لفظی تشریح:۔

(۱) گورنمانی: بیچاری قبر۔(۲) سڈو (سڈّا، سَدّا: بلاوا): بلاوا، پکار، دعوت۔(۳) نگھریا:(نگھرا : جس کا کوئی گھر نہ ہو، بے گھر) اے بے گھر!(۴) مرنوں نہ ڈر: مرنے سے مت ڈر۔ (۵) آؤ: بلکہ آجا۔(۶)سرپر: ضروری، لازماً، ہرحال میں۔(۷) میں تے: میں نے تو، مجھ تک تو آنا ہی ہے۔(۸)آونا: آنا۔

اُردو:۔

بیچاری قبر بلاوے بھیجتی رہتی ہے کہ اے بے گھر انسان (دنیا میں تیرا مستقل گھر تو کہیں ہے نہیں اس لئے) اپنے گھر آجاؤ (کیونکہ تمہارا پکا گھر تو میں ہی ہوں) مجھ تک تو لازمی طور پر آنا ہی ہے (اس لئے) تو مرنے سے مت ڈر (بلکہ جلدی) آجاؤ! (موت حق ہے، یہ حق مالک نے سب کو دیا ہے، قبر بھی سب کا پکا گھر ہے۔ اللہ نے انسانوں کو مجبور کردیا ہے کہ اپنے ہر بھائی انسان کو یہ گھر بنا کے دے، آدم کے بیٹوں سے یہ ریت چلی آرہی ہے۔ اس شعر میں باباسائیںؒ نے قبر سے مانوس ہونے کی تلقین فرمائی ہے اور وحشتِ قبر کو دور کردیا ہے!)

عربی:۔

القبر المسكين ينادي صاحبه ويدعوه صباحًا ومساء يقول: تعال إلَى أنا، إلى

منزلك، يامن ليس له منزل و لا مأوى لك فى الدنيا، فأنا منزلك ومأواك ! و لأنك سوف تأتى إلى لا محالة يوما ما، فتعال إلى و لا تخف الموت (اشدد حيازيمك للموت فإن الموت لا قيك!!)

فارسی:۔

گور بیچارہ شب و روز می خواند ترا و می گوید کہ ای اے کہ خانہ نداری ، بخانہ ات بیا ! زیرا کہ تو این جا زنہار خواہی آمد از مرگ مترس ، بیا !

English:-

The humble grave is calling you day and night saying: Do come to me O,homeless one. Because , after all, you will have to come to me! So do not fear Death! Do come!

(93)

اِیھْنِیں لُوئِنیں دِیکھدِیاں، کِتّی چَلیْ گئی

لُوکاں آپو آپْنی ، مَیں آپْنی پَئی !

لفظی تشریح:۔

(۱) ایھنیں لوئنیں :انہی آنکھوں کے سامنے۔(۲) دیکھدیاں : دیکھتے ہی دیکھتے۔ (۳) کتی: کتنی ہی خلقت۔ (۴) چلی گئی : سدھار چکی ہے، رخصت ہوگئی ہے، اگلی دنیا میں جا چکی ہے۔ (۵) لو کاں: لوگوں کو۔(٦) آپو آپنی: اپنی اپنی۔(۷) میں آپنی: مجھے اپنی۔(۸) پئی: پڑی ہے۔

اُردو:۔

انہی آنکھوں کے دیکھتے ہی دیکھتے کتنی ہی خلقت چلی گئی ہے، سب کو اپنی اپنی پڑ گئی ہے اور مجھے بھی اپنی پڑ گئی ہے (نفسا نفسی کا عالم تھا، سب کو جانا تھا۔ بابا سائیںؒ کی نظروں کے سامنے کتنے ہی لوگ چلے گئے۔ نہ کسی نے اجازت لی، نہ کسی کو خدا حافظ کہا جا سکا۔ اپنی اپنی باری سب جا چکے ہیں۔ بابا جیؒ بھی اپنی باری لے گئے۔ موت برحق ہے، ہر ایک نے جان دینی ہے!!)۔

عربی:۔

ولقد رأيت بعينى رأسى خلقا كثيرا قد ارتحلوا، واحد بعد الآخر، و كل واحد

من الخلق له طريق سيتخذه وأنالى طريق غير طريقهم، والكل مغادر هذه الدنيا لعقباه (الموت والحشر لا يعرفان القرابة فالكل ينادى: نفسی نفسی ولا غیری!!)

فارسی:۔

باین چشمان خود دیده ام مردمان بے حساب را که آمدند ورفتند! این همه مردمان بفکر خویش بودند ومن نیز بفکر خود هستم (کسے با کسے نیامد ونه خواهد رفت، هر کسے تنها آمد وتنهامی رود!)

English:-

Many many people have left this world before my these very eyes. I have noticed that each one of them was busy by himself for himself. So am I worried for myself!

(94)

آپ سَنوارِیں میں مِلاں، مَیں مِلیاں سُکھ ہو

جے تُوں میرا ہو رہیں، سَبھ جگ تیرا ہُو

لفظی تشریح:۔

(۱) میں ملاں: (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے انسان اگر تو اپنے آپ کو سنوار لے تو) میں تجھے مل جاؤں گا! (۲) میں ملیاں: میرے ملنے سے۔

اُردو:۔

اے انسان! اگر تو اپنے آپ کو سنوار لے تو میں (یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات) تجھے مل جاؤں گا اور اگر تجھے میں مل جاؤں تو تجھے سکون ملے اور اگر تو میرا ہو جائے تو ساری دنیا تیری ہے (اللہ تعالیٰ اپنے نیک پاک بندوں کے ساتھ ہوتا ہے، انسان کا نیک پاک ہونا ہی اللہ تعالیٰ کی معیت کی علامت بھی ہے ضمانت بھی، اور جو اللہ کا ہو جائے اللہ بھی اس کا اور اللہ تعالیٰ کی یہ کائنات بھی اس کی ہے!)

عربی:۔

(يقول الرب تعالى لابن آدم): إن صلحت نفسك وصرت انسانا بمعنى الكلمة، لوجدتني معك وإذا رزقت بلقائي ووجدتني عندك لأرحت نفسك وفرحت فرحا لانهاية له! ولو صرت لي عبدا لصار الخلق كله لك عبيدا (من كان لله كان الله له

وصارله الخلق كله!)

فارسی:۔

(خدابندہ را گوید:) اگر تو اصلاح وتہذیب خود کردی ومرد نیک ومتقی شدی مرانزد خود بیابی، وچوں مرانزد خود یافتی راحت وطمانیت نصیب تو باشد زیرا کہ گر عبد و مطیع من شوی ہمہ خلق عبد و مطیع تو باشد، گفت سعدی رحمۃ اللہ علیہ:

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ
کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

English:-

(Says Allah Almighty:) If you reform and mend yourself, you will find Me with you! And when I am with you, you will feel comfortable and satisfied! If you obey Me, all the world shall obey you!

(95)

کَنْدِھی اُتّےِ رُکھڑا، کِچْرَکْ بَنّھےِ دِھیرْ
کچے بھانڈے رَکھئے، کِچَرْ تائِیں نِیرْ

لفظی تشریح:۔

(۱) کندھی (اور کَدِھیْ): دریا کا کنارہ۔ (۲) رکھڑا: (رکھ: درخت) چھوٹا سا درخت۔
(۳) کچرک: (اصل میں کتنا چر، کچھ، پھر کچرک اسم تصغیر بنا) کتنی دیر تک۔ (۴) بنھے: باندھے۔
(۵) دھیر: حوصلہ، ہمت، ثابت قدمی، دیر سے۔ (۶) بھانڈے: برتن۔ (۷) کچر: کتنی دیر۔
(۸) کچر تائیں نیر: کتنی دیر تک پانی میں۔ (۹) نیر: پانی، آنسو۔

اُردو:۔

دریا کے کنارے پر جو چھوٹا سا درخت ہے وہ کتنی دیر تک ہمت باندھے اور پانی کا مقابلہ کرے؟ (وہ تو کٹاؤ سے جائے گا) اسی طرح مٹی کے کچے برتن پانی میں کب تک رہ سکتے ہیں؟ (یہی حال اس دنیا کا اور اس میں انسان کی زندگی کا ہے، مٹی کا بت ہے، کچے دھاگے کی طرح سانسیں ہیں!!

کس قدر بے ثبات اور عارضی زندگی ہے!!؟)

عربی:۔

(مثل الإنسان فی الدنیا کشجرة علی شاطئی نهر أو جرة من الطین الخام داخل النهر) فالی کم مدة تقاوم الشجر أمواج النهر الطاغیة المتلاطمة والیٰ کم مدة تستطیع الجرة أن تبقی ولا تذوب فی الماء الجاری! (علقت یداك بأضعف الأسباب!!)

فارسی:۔

نہالِ ناتوانے کہ برکنارہ آب روان ایستادہ است تا بکی می تواند کہ امواج تند و تیز را مقاومت بکند و چون ظروف خاکی ناپختہ را در آب باندازیم تا بکی سالم و مصون می مانند؟!!

English:-

For how long a tree on the bank of a river can stand the force of the fast flowing water? And for how long will the unbaked clay vessels hold if you place them in the running water?

(96)

مَحَل مَسْکَنْ رہ گئے، وَاسَا آیا تَلّے
گوراں سے نِمَانِیَاں، بَھسَنْ رُوحَاں مَلِّے
آکھیں شیخاں بند گی، چَلَّن اَجْ کہ کَلّے

لفظی تشریح:۔

(۱) مَسْکَنْ: گھر، سکونت کی جگہ۔(۲) رہ گئے: چھوٹ گئے۔(۳) وَاسَا: آبادی، بسیرا۔(۴) تلے: نیچے، قبروں میں۔(۵) گوراں: قبریں۔(۶) بَھسَنْ: بیٹھیں گی۔(۷) مَلّے: قبضہ کرکے، ملکیت بنا کر۔(۸) آکھیں: جا کر کہنا۔(۹) شیخاں: بزرگوں کو، جو جا کے۔(۱۰) بند گی: آداب، سلام۔(۱۱) چلن: مرنا۔(۱۲) کلّے: کل کو، آنے والے وقت میں۔

اُردو:۔

محلات اور گھر چھوٹ گئے، بسیرا زیرِ زمین (قبروں میں) ہو گیا، بیچاری قبروں کو روحیں اپنی اپنی ملکیت بنا کر قبضہ کر لیں گی، بزرگوں کو آداب عرض کرنا، مر کر یہاں سے جانا آج یا کل ہو گا۔

عربی:۔

قد بقيت القصورو المساكن مهجورة وراح سكانها إلى القبور تحت التراب وسوف تحتل الأرواح قبورها المسكينة، وبلغوا سلامنا إلى شيوخنا بأننا على وشك الرحيل إليهم إما اليوم أو غدا۔

فارسی:۔

کاخہاویران وخانہ ہامہجور شدندو باشندگان زیر خاک درقبوررفتہ اند، وارواح شان گور ہائے بیچارہ را ملک خودخواہند ساخت، وبزرگانِ پیشین را سلام مابرسانید وخبر بدھید کہ رحلت ماامروز باشد یافردا!

English:-

The Palaces and the houses are deserted. And their inhabitants have gone to the graves under the dust! The pitiable graves will be occupied by the concerning spirits. Convey the Salaam to the predecessors that our journey will take place to them today or tomorrow!!

(97)

مَوْتے دا بَنّا ایویں دِسّے جیوں دَرْیَا وے دا ڈھاھا
آگے دُوزَخ تَپْیَا سُنئیے، ھَوْل پَوے کَھاھا
اِکْنَاں نُوں سَبھ سُوْجھی آئی، اِکْ پھر دے بے پرواھا
عِمَل جُو کیتے آ دُنی وِچْ، سے در گاہ اگواھا

لفظی تشریح:۔

(۱) موتے دا: موت کا۔(۲) بنّا: کنارا، بند۔(۳) ایویں: اس طرح، یوں۔(۴) دسے: دکھائی دے۔(۵) جیوں: جس طرح، جیسے۔(۶) دریاوے دا: دریا کا۔(۷) ڈھاھا: پانی سے گرتا ہوا کنارہ۔(۸) تپیا: گرم، کھولتا ہوا۔(۹) ھول پوے: خوف ہوتا ہے، دہشت ہوتی ہے۔(۱۰) کھاھا: ہنگامے والا، ہاہا کار۔(۱۱) اکنان نو: کچھ کو۔(۱۲) کیتے آ: کئے ہیں۔(۱۳) دنی: (عربی میں دنیا کی جمع، تلفظ جیسے ہُدٰی) دنیا۔(۱۴) سے: سو۔(۱۵) در گاہ: جگہ، مقام۔(۱۶) اگواھا: رہنمائی دینے والا، استقبال کرنے والا۔

اُردو:۔

موت کا کنارہ یوں لگتا ہے جیسے دریا کا کٹاؤ سے گرتا ہوا کنارہ ہے۔ اگلے جہان کھولتا ہوا دوزخ بتاتے ہیں جس سے ہنگامہ خیز خوف طاری ہو جاتا ہے۔ کچھ تو ایسے ہیں جنہیں سب کچھ سمجھ آتا ہے، کچھ ایسے ہیں جو بالکل بے پروا اور بے نیاز ہو کر پھرتے ہیں، جو عمل دنیا میں کئے ہیں وہ سوجگہ سامنے آئیں گے اور استقبال کریں گے۔

عربی:۔

إن مرحلة الموت يبدو كأنه ساحل النهر المتساقط بالماء الجارى وقد أبلغنا عن نار جهنم الملتهبة الفائرة مما يملأ نفوسنا خوفا ورعبا وهلعا! والناس قسمان قسم منهم قد أدركوا الحقيقة إدراكا، وقسم منهم لا يحفلون بشئى مما حولهم وحسناتنا فى الدنيا هى التى سنجدها و هى التى سوف تستقبلنا فى الآخرة!

فارسی:۔

مرحلۂ مرگ چوں ساحل شکستہ دریا می نماید و چون آتش تپیدہ دوزخ را حکایت کنند هول قیامت بر ما مستولی می شود! دو اقسام مردمان می بنیم قسمے ہست کہ حقائق را ادراک کلی می دارد و قسم دیگر است کہ ہیچ نداند! واعمال بر و خیر کہ در دنیا کردہ بودیم بعد از مرگ در استقبال ما باشند و اجر و ثواب آن عنداللہ خواہیم یافت!

English:-

The stage of death appears to me like the carving river. We are told of Hell-fire which fills our hearts with dread and fear. There are some people who fully understand the situation but, their are, some others, who niether know nor care about anything. Indeed, we shall witness in the world hereafter what ever we do here in this world!

(98)

دَرْیَا ڈِے کَنِے بَگُلا، بَیٹھَا کِیْل کَرے
کِیْل کَرِیندِے هَنجھُوں، اَچِنْتِے باز پئے
بَاز پئے تِسْ رَبْ، کِیْلاں وِسَرِیاں
جو مَنْ چِتْ نه چیتے سَنْ، سَو گالهیں رَبْ کِیاں

لفظی تشریح:۔

(۱) کنّے: کنارے پر۔(۲) کِیْل کَرےْ: لطف اندوز ہورہا، مزے کررہاہے۔(۳) هنجھ: ہنس۔(۴) اچنتے: اچانک۔(۵) باز پئے: باز جھپٹ پڑے۔(۶) تِسْ: اس۔(۷) کیلاں وسریاں: لطف اندوزیاں بھول گئی ہیں۔(۸) چت نه چیت سَنْ: وہم وگمان میں بھی نہ تھے۔(۹) گالهیں: باتیں۔(۱۰) کیاں: کی ہیں۔

اُردو:۔

دریا کے کنارے ایک بگلا بیٹھے ہوئے دل لگی اور لطف اندوزی کررہا تھا۔ ہنس پر دل لگی کرتے ہوئے اچانک بازوں نے حملہ کیا، یہ حملہ آور باز اسی رب کے تھے، اسی لئے ہنس کو تمام دل لگی کی باتیں بھول گئیں۔ وہ باتیں جو وہم وگمان میں بھی نہ تھیں، اللہ تعالیٰ کی قدرت نے کردکھائی ہیں؟

عربی:۔

كأن الإنسان كركى قد جلس على ساحل النهر يلهو و يلعب ويعربد، أو كأنه إوز عراقى كان يلهو و يلعب ويعربد غافلا، فاذا بالصقر، ملك الموت، يفاجئه وينسيه اللعب والعربدة، حين يأتيه أمر الله عزوجل، والله يفعل ما بقدرته ممالا يخطر ببال أحد من الناس!

فارسی:۔

برکنارهٔ دریالقلقے بود که غافل نشسته وشوخی می کرد، وغوئے بود که می بازید، ناگہان بازان آمدند وبراو حمله آوردند واین بازان که حمله آورشدند بازان خدائی بودند وچون حمله آوردند لقلق وغو همه شوخی وتلاعب را فراموش کردند وآنچه درگمان کسے نبود از قدرت خدا آن شد!

English:-

There was a stork enjoying on the bank of a river. All of a sudden the eagles pounced upon the swan which was playing and enjoying there, and it forgot all the pleasure and merriment. It so happens by the will of Allah Almighty that no body can ever think of!

(99)

سانڈھے ترے مَنْ ڈیہ ڑیْ، چلّے پانی اَنْ
آیو بندہْ، ڈنی وِچْ، وَتّے آسُونیْ بَنْھْ
ملکْ الْموت جان آوْسی سَبْھ ڈرْوازے بھنْ
تِنْھان پیاریاں بھایاں اگّے ڈے سی بَنْھ
ویکھو بندہ چلیا چونھ جنْیاں ڈے کنْھ
عمل جو کیتے ڈنی وچ ڈرگاہ آئے کم

لفظی تشریح:۔

(۱)ڈیہ ڑی: بدن۔(۲) اَن: اناج،خوراک۔(۳)وتے :پھرے،پھرتا ہے۔(۴)آسونی بنھ: آس باندھ کر،امیدلگائے۔(۵)جان: جب۔ (٦)آوسی: آئے گا۔(۷)ڈے سی بنھ :باندھ دے گا۔(۸)جنیاں:(واحدجنا)مرد۔(۹)کنھ: کندھا۔ (۱۰)در گاہ:اللہ تعالٰی کے حضور میں۔

اُردو:۔

ساڑھے تین من کا جسم جو اناج اور پانی کے سہارے چلتا پھرتا ہے، یہ بندہ دنیا میں آیا اور امید باندھے پھرتا رہا! موت کا فرشتہ سب دروازے توڑ کر اندر آئے گا، ان سب پیارے بھائیوں کی موجودگی میں باندھ دے گا، دیکھ لو! وہی بندہ چار آدمیوں کے کندھے پر جانے لگا ہے۔ دنیا میں جو نیک عمل کئے تھے اللہ تعالٰی کے ہاں وہی اس کے کام آئیں گے!

عربی:۔

هذا الجسم الإنسانی المكون من ثلاث منّات (أو ستة أرطال) والذی يعيش علی الماء والطعام قد جاء صاحبه إلی الدنيا، ويهيم وراء الآمال الجسام ويفاجئه ملك الموت يوما ما إذ يقتحم عليه الدار وقد كسر الأبواب كلها، وأن الملك سوف يشده بين يدی إخوانه الأحباء كلهم وانظروا إلی ذلك الإنسان قد خرج ذاهبا إلی المقبرة وقد حمل جنازته أربعة رجال وهو لم يستفد من الدنيا غير الصالحات التی ستنفعه عند الله عز وجل۔

فارسی:۔

این بدن انسان کہ وزنش شش رطل باشد و برآب ونان زیست می کند، این بندہ دریں عالم آمدہ است و پے آرزو زندہ باشد تمام عمر، چون ناگہان ملک الموت درآید و ہمہ درہا اشکستہ و جان مسکین را می ستاند در حضور ہمہ برادران عزیزش، ببیند آن بندہ را کہ بردوش چہار مردان روان شدہ است و باخود چیزے نمی توانست برد غیر اعمال نیک کہ اکتساب کردہ بود!

English:-

This human body which moves with the weight of two hundred pounds and lives on food and water! This is the man, who moved all around in quest of his hope and desires. He was suddenly taken aback by the angel of death who broke in crashing through the closed doors. He will snatch his spirit in front of all his brothers and relatives. And lo! he is being carried by four men towards the grave-yard! He benefitted nothing from this world except his good deeds which went with him to please his Allah the Almighty!

(100)

ھون بلھاری تِنھاں پنکھیاں ، جنگل جنھاں واس
کنکر چُگن ، تھل وسّن ، رب نہ چھوڑن پاس

لفظی تشریح:

(۱)ھون: میں، میں ہوں (۲) بلھاری :قربان، (۳)پنکھیاں: پرندے، مراددرویش، (۴) واس: گذارنا، بسیرا، رہائش (۵) چگن ۔ چگتے ہیں کھاتے ہیں کنکر چگنے سے مراد ہے روکھی سوکھی (۶) وسن: بستے ہیں، رہتے ہیں (۷)تھل :ریگستان، ویرانہ، (۸) نہ چھوڈن: نہیں چھوڑتے (۹)پاس :قرب،

اردو:

میں ان پرندوں (دراویش) پر قربان ہوں جو جنگل میں رہتے ہیں، سنگریزے کھاتے ہیں یعنی روکھی سوکھی کھاتے ہیں، ریگستانوں میں بستے ہیں مگر اللہ تعالی کا قرب نہیں چھوڑتے! (اس لالچ کی پرفریب دنیا میں راہِ حق پر ثابت قدمی بہت مشکل ہے، صبر وقناعت کی قوت ہی کام آتی ہے!)

عربی:

إننی أفدی بنفسی لهؤلاء الطيور من الدراويش الصوفية الذين يسكنون فی البوادی والصحاری، ويعيشون على ما تيسر لهم، فينقدون الحصى (أی يأكلون الخبز الجاف) ويسكنون فی الصحاری المجدبة ولكنهم لا يبتعدون عن حضرة الرب وقربه سبحانه وتعالى!

فارسی:

من قربان می شوم آن پرندگان (درویشان حق) را کہ در جنگل می باشند وسنگریزہ ہا می خورند ودر صحراء زیست می کنند، ولے، حضور وقبول وقرب حق سبحانہ رانمی گذارند!

English:

I have a great regard and love for those birds (I.e. daraveesh) who stay and live in jungle and eat the pebbles! But they never leave the presence of Allah Almighty and never give up His right path!

(101)

رُت پھری، وَن کنبیا، پت جھڑیں، جھڑے پا
چارے کنڈاں ڈھونڈھیاں، رھن کِتھاؤں نا

لفظی تشریح:

(۱)رت پھری :موسم بدلا، دور بدل گیا، زمانہ بدلا (۲)ون کنبیا: درخت کانپا، مراد بڑھاپے کا جسم، (۳)پت جھڑیں :خزاں میں زوال، بڑھاپا۔(۴) جھڑے :گرے ہوئے لڑکھڑایا ہوا ہونا، (۵)پا: پاؤں، بڑھاپے میں پاؤں لڑکھڑاتے ہیں (۶) کنبیا :لرزا کانپا، (۷) کنڈ: (گُٹھ) کونا، دیوار، زاویہ (۸) رھن: سکونت، آرام، (۹) کتھاؤں : کسی جگہ۔

اردو:

موسم بدل گیا، درخت کانپ گیا، موسم خزاں میں یعنی بڑھاپے میں پاؤں لڑکھڑائے، چاروں طرف تلاش کر کے دیکھ لیا ہے آرام سے سکونت کی اب کوئی جگہ نہیں رہی (بڑھاپے کی زندگی کو قرآن کریم نے ارذل العمر کہا ہے جس میں یادداشت تک جواب دے جاتی ہے، بابا جی نے یہ عمر پائی اس لئے اس سچائی کو ان سے بہتر کون جان سکتا ہے!!)۔

عربی:

قد ولى الشباب وحل الهرم ، وأخذ البدن يرتعش ارتعاشا ، فكأن الربيع قد خلا ودخل الخريف، والقدم تترنح وترتعد ، وقد بحثت فى الأطراف الأربعة عن الملجأ والمأوى ولكننى لم أجده فى أى مكان !

فارسی:

موسم دگرگون شده، درخت لرزید ودر فصل خزان برگش ریزید، من در چهار اطراف گردیده ام، ولے جائے ندیدم کہ دران راحت وآرام می توان یافت!!

English:

The season has changed. The trunk of the tree has been shaken by the change (the youth is gone and the body is trembling

in the old age!) I have tried to find out a place of refuge in every nook and corner but all in vain!

(102)

پــاڑ پــٹــولا دھــج کــری، کــمبــلــڑی پــھــریــو
جــنــھیــں ویــسیــں شــوہ ملــے، ســے ای ویــس کــریــو

لفظی تشریح:

(۱) پــاڑ: پھاڑ کر (۲) پــٹــولا: ریشمی کپڑا، خوبصورت لباس، (۳) دھــج کرن دھجیاں بنانا، ٹکڑے کرنا (۴) کری: کیا، کردیا (۵) ویسیں: لباس میں، لباس کے سبب (۶) کــمبــلڑی: چھوٹا سا کمبل. (۷) پھریو: پہنا. (۸) سے ای: وہی، بالکل وہی (۹) ویس: بھیس لباس (۱۰) کریو: کیا، کردیا.

اردو:

خوبصورت ریشمی لباس کی دھجیاں بناڈالیں اور چھوٹا سا کمبل اوڑھ لیا، جس بھیس میں بھی محبوب ملتا ہے وہی بھیس بنالیا (ریشمی لباس چھوڑ کر اونی لباس اختیار کر کے بابا سائیں صوفیہ کرام کی دنیا میں آگئے لیکن اس یقین کے ساتھ کہ اسی صوفیانہ لباس کو مولی جل جلالہ پسند فرماتے ہیں!)

عربی:

قد قطعت الملابس الحريرية الناعمة تقطيعا ولبست دثارا صوفيا حقيرا ، والواقع أنني قد اخترت اللباس الذى يعجب المولى عزوجل ، وهويرضى به (عش فى الدنيا حياة برضى بها ربك عنك !)

فارسی:

پارچۂ ابریشمی را دریدم و پارہ پارہ کردم، وگلیم صوفی پوشیدہ ام و آن پوشاک را پسندیدم کہ محبوبم اورا می پسندد!

English:

I have torn off the silken dress into pieces and have

adopted the coarse woolen dress which pleases my Lord Almighty!(I have left the evil and have chosen the right path!)

103

تِنھاں مکھ ڈراونے، جنھاں وِساریا ناؤں
ایتھے دُکھ گھنیرے آ، اگے ٹھور نہ ٹھاؤں

لفظی تشریح:

(۱) تنھاں: ان کے (۲) مکھ: چہرے، (۳) جنھاں جنہوں نے (۴) وساریا: بھلادیا (۵) ناؤں: ذکراللہ! (۶) ایتھے: اس دنیامیں (۷) گھنیرے آ: بہت ہیں، (۸) ٹھور: جگہ، رہائش، (۹) ٹھاؤں: پناہ گاہ۔

اردو:

جواللہ تعالی کے ذکر پاک کو بھول جاتے ہیں ان کے چہرے بھی ڈراونے بن جاتے ہیں، اس دنیا میں بھی انہیں بہت دکھ اٹھانے پڑتے ہیں اور آگے آخرت میں کوئی جگہ یا پناہ نہیں ملتی ہے (جو اللہ تعالی کے ذکر سے رو گردانی کرتا ہے اس کی دنیاوی زندگی بھی تنگی کی ہوتی ہے اور آخرت میں تو ہم انہیں اندھا اٹھائیں گے (قرآن، سورہ طہ)

عربی:

الذین ینسون ذکر اللہ عزوجل تستحیل وجوھھم إلی وجوہ مخوفة سوداء، وھم الأشقیاء الذین یکابدون الآلام ویواجھون المصائب فی الدنیا، وأما فی الآخرة فلیس لھم مأوی ولا ملجأ ویلاقون الخزی والعقاب "ومن أعرض عن ذکری فإن لہ معیشة ضنکا ونحشرہ یوم القیمة أعمی" (القرآن الکریم !)

فارسی:

